تصدیق شدہ اشاعت

گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار

DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD

★★★ ہر خبر آپ تک ★★★

روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد

Power of Pakistan News Agency

چیف ایڈیٹر: مرزا حماد علی

powerofpakistannewsagency.online

جلد: 02 ہفتہ 02 مئی 13,2026 ذی القعدہ 1447ھ صفحات 06 قیمت 30 روپے شمارہ: 260

وزیراعلیٰ پنجاب کا کچہ ایریا کیلئے 23 ارب روپے کے ترقیاتی پیکیج کا اعلان

کچہ ایریا میں ''اپنا کھیت، اپنا روزگار'' شروع کرنے کا بھی اعلان، 14 ہزار 500 ایکڑ سرکاری اراضی کچہ کے لوگوں کو دینے کا حکم، کچہ کے علاقے میں نادرا رجسٹریشن بھی شروع، ٹرانسپورٹ اور کلینک آن ویل بھیجنے کا حکم، موبائل وٹرنری ہسپتال اور لیب مہیا کرنے کی ہدایت

لاہور (بیورو چیف) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کچہ ایریا میں 23 ارب روپے کے تاریخی ڈویلپمنٹ پراجیکٹس کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ 23 ارب روپے سے کچہ ایریا ڈویلپمنٹ پروگرام، سکول، ہسپتال، سڑکیں اور برج بنیں گے، وزیراعلیٰ مریم نواز نے کچہ ایریا میں ''اپنا کھیت، اپنا روزگار'' شروع کرنے کا بھی اعلان کیا اور 14 ہزار 500 ایکڑ سرکاری اراضی کچہ کے لوگوں کو دینے کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں کچہ ایریا ڈویلپمنٹ، امن وامان اور دیگر امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ پہلی مرتبہ کچہ میں 5 ماہ میں کوئی واقعہ پیش نہیں آیا۔ تاریخ میں پہلی مرتبہ حکومت کی رٹ مضبوطی سے قائم ہوئی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے (بقیہ نمبر 1)

یوم مئی، جدوجہد اور قومی ترقی میں ان کے کردار کے اعتراف کا دن ہے، سپیکر قومی اسمبلی



اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے یوم مزدور کے موقع پر اپنے (بقیہ نمبر 6)

طلباء کے بیرون ملک تعلیم حاصل کرنے کے لیے ترین ایجوکیشن فائونڈیشن مکمل معاونت فراہم کریگی' جہانگیر ترین



لاہور (این این آئی) جہانگیر خان ترین نے کہا ہے کہ طلباء کے لیے گرافک ڈیزائننگ، (بقیہ نمبر 5)

زرعی ٹیکس کسانوں پر بہت بڑا ظلم، اصلاحات لانے کی ضرورت ہے' گورنر پنجاب

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ جمہوریت کے (بقیہ نمبر 4)

وزیراعظم سے یونیسیف وفد کی ملاقات، بچوں کی صحت اور پولیو کے خاتمے پر عزم کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ سیسے کے اثرات بچوں کی ذہنی و (بقیہ نمبر 3)

امریکا، ایران سے رابطے برقرار، امن کیلئے بھرپور کوشش کررہے ہیں: دفتر خارجہ

اسلام آباد: (بیورو چیف) دفتر خارجہ کا کہنا ہے کہ پاکستان خطے میں امن کیلئے بھرپور (بقیہ نمبر 2)

وزیراعظم نے اپنا گھر سکیم کا اجراء کر دیا، بجٹ میں بڑی سہولتیں لانے کا اعلان

شہریوں کو ایک کروڑ روپے تک قرض آسان شرائط پر فراہم کیا جائے گا تا کہ وہ اپنا ذاتی گھر تعمیر کرسکیں۔ یہ منصوبہ ملک کے چاروں صوبوں کے ساتھ ساتھ گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر تک پھیلایا گیا ہے

جس کا مقصد زیادہ سے زیادہ افراد کو اس سہولت سے مستفید کرنا ہے۔ اشتہار کی جگہ انہوں نے کہا کہ ملک میں بڑی تعداد ایسے افراد کی ہے جو اپنے گھر سے محروم ہیں۔ انہیں رہائش فراہم کرنا ایک اہم قومی ذمہ داری ہے

اسلام آباد (بیورو چیف) وزیراعظم شہباز شریف نے اپنا گھر اسکیم کا اجرا کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ آئندہ وفاقی بجٹ میں عوام کو بڑی سہولتیں دیں گے۔ وفاقی دارالحکومت میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شہباز شریف نے آئندہ بجٹ کے حوالے سے خوش خبری سنائی کہ حکومت عوامی فلاح کے لیے اہم اور نمایاں اقدامات سامنے لانے کی تیاری کر رہی ہے۔ تقریب سے خطاب میں وزیراعظم نے بتایا کہ اس اسکیم کے تحت شہریوں کو ایک کروڑ روپے تک (بقیہ نمبر 7)

وزیراعظم محمد شہباز شریف مستحقین میں وزیراعظم اپنا گھر پروگرام کے چیک تقسیم کررہے ہیں

سانیا، چین۔ صدر آصف علی زرداری، مسٹر فینگ فی، پارٹی سیکرٹری، ہینان سے ملاقات کررہے ہیں۔

موٹر سائیکل، سوار، پبلک و گڈز ٹرانسپورٹ کیلئے سبسڈی میں ایک ماہ کی توسیع کر دی گئی

مشکل معاشی حالات کے باوجود حکومت اربوں روپے کے قومی ریلیف پیکیج کے ذریعے عام آدمی کو تحفظ فراہم کرتی رہے گی

اسلام آباد (بیورو چیف) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملک کی حالیہ صورتحال اور عالمی سطح پر پیٹرولیم مصنوعات کے دباؤ کے پیش نظر معاشی طور پر کمزور طبقے کو بڑا ریلیف دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعظم ہاؤس کے اعلامیے (بقیہ نمبر 8)

نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ، سینیٹر محمد اسحاق ڈار اسلام آباد میں میڈیکل، دندان سازی اور متبادل ادویات کے تعلیمی اداروں کو تسلیم کرنے سے متعلق اجلاس کی صدارت کی۔

امریکا رویہ بدلے، سفارتکاری کا راستہ دوبارہ اختیار کرنے کیلئے تیار ہیں: ایرانی صدر

خلیج میں عدم استحکام کی وجہ امریکہ اور اسرائیل ہیں، ایرانی جہازوں کے خلاف امریکی بحری قزاقی کو فوری طور پر روکا جائے اور اس کی مذمت کی جانی چاہیے

وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک سے پاکستان میں اسلامی جمہوریہ ایران کے سفیر ایچ ای نے ملاقات کی

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ امریکا کے رویے میں تبدیلی کے بعد تہران سفارتکاری کا راستہ دوبارہ اختیار کرنے کیلئے تیار ہے۔ ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے جاپانی وزیراعظم سنائیتا کا ایچی (بقیہ نمبر 9)

ماحولیاتی تحفظ کے لیے محکمہ ماحولیاتی تحفظ کو مزید اختیارات دینے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب ماحولیاتی تحفظ (ترمیم) ایکٹ 2026ء کی تفصیلات سامنے آ گئیں۔ ماحولیاتی تحفظ کے لیے محکمہ ماحولیاتی تحفظ کو مزید اختیارات دینے کا فیصلہ کیا (بقیہ نمبر 10)

ملک بھر میں گیس بحران بڑھنے لگا، گھریلو کنکشن پر پھر پابندی

گیس سپلائی بہتر ہوتے ہی کنکشنز لگانے کا عمل فوری شروع کر دیا جائیگا' سینئر جنرل منیجر سوئی ناردرن

لاہور (این این آئی) ملک بھر میں گیس بحران بڑھنے لگا جبکہ آر ایل این جی سپلائی متاثر ہونے سے نئے گھریلو گیس کنکشنز روک دیئے گئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پہلے سے دی گئی درخواستوں پر عملدرآمد ملتوی کر دیا گیا جبکہ ارجنٹ واؤچر اور ڈیمانڈ نوٹس جمع کروانے والوں کے کنکشن کا عمل بھی روک دیا گیا ہے، یہ پابندی عائد ہونے سے ہزاروں نئے کنکشنز التواء کا شکار ہو گئے ہیں۔ یاد رہے کہ کئی سال کی پابندی کے بعد چند ماہ قبل ہی نئے کنکشنز دینے کا عمل شروع کیا گیا تھا جبکہ گیس بحران پیدا ہونے سے قبل سینکڑوں نئے کنکشنز لگائے جا چکے ہیں۔ حکام کے مطابق گیس کی کمی کے باعث ملک بھر میں پہلے ہی گیس صارفین کو محدود وقت کے لیے گیس دی جا رہی ہے۔ سینئر جنرل منیجر سوئی ناردرن عمران یوسف کا کہنا ہے کہ آر ایل این جی (بقیہ نمبر 13)

سینیٹر شیری رحمان کی چین میں ہنگور کلاس آبدوز کی پاک بحریہ میں شمولیت پر صدر مملکت، نیول چیف اور پوری قوم کو مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے چین میں ہنگور کلاس آبدوز کی پاک بحریہ میں شمولیت پر صدر مملکت آصف علی زرداری، نیول چیف اور پوری قوم کو دلی مبارکباد دی ہے۔

عالمی یوم مزدور، صدر مملکت کا محنت کشوں کو خراج تحسین پیش، حقوق کے تحفظ کے عزم کا اعادہ

محنت کشوں کو محفوظ کام کے حالات، منصفانہ اجرت، مساوی مواقع کی فراہمی حکومت کی ترجیح ہے، آصف زرداری

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے عالمی یوم مزدور پر محنت کشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے حقوق کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔

پاکستان بار کونسل اور پنجاب بار کونسل کا آئین کی بالادستی اور عدلیہ کی آزادی پر مکمل اتفاق

اگر کسی ادارے نے آئینی حدود سے تجاوز کیا تو اس کیخلاف آئینی و قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی

لاہور (این این آئی) پاکستان بار کونسل اور پنجاب بار کونسل نے آئین پاکستان کی بالادستی، عدلیہ کی آزادی اور قانون کی حکمرانی پر کسی بھی قسم کے سمجھوتے کو مسترد کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ وکلاء برادری ہر غیر آئینی اقدام کے خلاف بھرپور ردعمل دے گی۔ اس امر کا اظہار پاکستان بار کونسل کے وائس چیئرمین پیر مسعود چشتی اور پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین خواجہ قیصر بٹ نے چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی پنجاب بار کونسل فرخ حیات اعوان، پاکستان بار کونسل کے ممبران ثاقب اکرم گوندل، عامر سعید راں، پنجاب بار کونسل ممبران سمیر احسین، میاں آصف علی (بقیہ نمبر 11)

صدر مملکت کا دورہ چین، ہائینان میں اعلیٰ قیادت سے ملاقاتیں، تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور چین نے اقتصادی تعاون، تجارتی روابط کے (بقیہ نمبر 12)

پی آئی اے کا بیجنگ، کوالالمپور اور خلیجی ممالک کیلئے پروازیں معطل کرنے کا فیصلہ

کراچی/لاہور (این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز نے بیجنگ اور کوالالمپور کا آپریشن 11 اپریل سے معطل کر دیا، خلیجی ممالک کا آپریشن بھی آپریل کے آخر تک معطل ہوجائے گا، یواے ای کا ہفتہ وار 16 پروازوں تک محدود کر دیا گیا۔

پنجاب میں ایڈز کے کیسز میں خطرناک اضافہ، 45 ہزار سے زائد مریض رپورٹ

ملک کے 54 فیصد ایڈز مریض صرف پنجاب سے ہیں، 29 فیصد علاج سے محروم ہیں

لاہور (این این آئی) پنجاب میں ایڈز کے کیسز میں خطرناک اضافہ ہوا ہے، 45 ہزار سے زائد مریض سامنے آ گئے۔ رپورٹ کے مطابق ملک کے 54 فیصد ایڈز مریض صرف پنجاب سے سامنے آئے جن میں سے 29 فیصد مریض علاج سے محروم ہیں۔ نجی ٹی وی نے ایک رپورٹ کے حوالے سے بتایا کہ ملک بھر میں 84 ہزار سے زائد مریض رجسٹرڈ ہیں جن میں سے پنجاب میں 32 ہزار سے زائد مریض زیر علاج ہیں جبکہ 13 ہزار سے زائد مریض علاج نہیں کروا رہے۔

مشرق وسطیٰ کی صورتحال، پاکستان پر اثرات کسی جنگ سے کم نہیں: وفاقی وزیر خزانہ

حکومت ہر سطح پر بھرپور اور موثر اقدامات کررہی ہے، شہباز شریف دو مرتبہ قوم سے خطاب کر چکے ہیں، قیادت مسلسل صورتحال کا جائزہ لے رہی ہے

کمالیہ (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ موجودہ علاقائی صورتحال اگرچہ پاکستان کی براہِ راست جنگ نہیں، تاہم اس کے اثرات کسی جنگ سے کم نہیں ہیں، حکومت ہر سطح پر بھرپور اور موثر اقدامات کررہی ہے، شہباز شریف دو مرتبہ قوم سے خطاب کر چکے ہیں اور قیادت مسلسل صورتحال کا جائزہ لے رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تحصیل صدر مسلم لیگ (ن) کسان ونگ میاں زاہد الرحمٰن ردے (بقیہ نمبر 29)

امریکہ دنیا کے سب سے زیادہ سونے کے ذخائر رکھنے والا ملک، جرمنی کا دوسرا نمبر

امریکہ کے پاس 8,133 ٹن سونا محفوظ ہے، پاکستان کے پاس تقریباً 64.76 ٹن سونا موجود ہے

لاہور (این این آئی) 2026 کے اوائل کے اعداد و شمار کے مطابق عالمی سطح پر سب سے زیادہ سونے کے ذخائر رکھنے والا ملک امریکہ ہے۔ امریکہ کے پاس تقریباً 133,8 ٹن سونا محفوظ ہے، یہ ذخائر امریکی معیشت کی مضبوطی اور عالمی مالی استحکام میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ دوسرے نمبر پر جرمنی ہے جس کے پاس تقریباً 362,3 ٹن سونا موجود ہے، اس کے بعد اٹلی کے پاس 451,2 ٹن اور فرانس کے 436,2 ٹن سونے کے ذخائر ہیں۔ روس کے پاس 2300 ٹن (بقیہ نمبر 14)

پنجاب پبلک سروس کمیشن کے زیر انتظام مختلف اسامیوں کے دو روزہ تحریری امتحان کا سلسلہ مکمل

ممبر پی پی ایس سی انجم وحید، سیکرٹری افضال احمد نے فیصل آباد میں قائم مختلف امتحانی مراکز کا دورہ کیا

لاہور (این این آئی) پنجاب پبلک سروس کمیشن کے زیر انتظام مختلف اسامیوں کے دو روزہ تحریری امتحان کا سلسلہ لاہور سمیت 5 ڈویژنز میں مکمل ہوگیا ہے۔ چیئرمین پنجاب پبلک سروس کمیشن لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد عبدالعزیز کی ہدایات پر ممبر پی پی ایس سی انجم وحید اور سیکرٹری پنجاب پبلک سروس کمیشن افضال احمد نے فیصل آباد میں قائم مختلف امتحانی مراکز کا دورہ کیا۔ دیگر ممبران نے بھی پنجاب بھر میں قائم امتحانی مراکز کا دورہ کیا اور انتظامات کا جائزہ لیا۔ پنجاب پبلک سروس کمیشن (بقیہ نمبر 15)

لاہور: سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کمیٹی برائے قانونی اصلاحات و ذیلی قانون سازی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

پاکستان سے تمام مسائل افہام و تفہیم کے ذریعے حل کرنا چاہتے ہیں، افغان وزیر خارجہ

مولوی امیر خان متقی کی یو اے ای کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ عبداللہ بن زاید النہیان کے ساتھ ٹیلی فون پر گفتگو

کابل (این این آئی) افغانستان میں طالبان رجیم کے وزیر خارجہ مولوی امیر خان متقی نے کہا ہے کہ افغانستان بطور ہمسایہ ملک چاہتا ہے کہ پاکستان کے ساتھ مسائل کو بات چیت اور افہام و تفہیم کے ذریعے حل کیا جائے اور یقین دلایا کہ کسی کو بھی اجازت نہیں دی جائے گی کہ افغانستان کی سرزمین کو پاکستان کے خلاف استعمال کرے۔ افغان وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق مولوی امیر خان متقی نے (بقیہ نمبر 16)

راولپنڈی: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق پی کے ایل آئی راولپنڈی میں فیکلٹی ممبران کے ہمراہ طبی سہولیات کا جائزہ لے رہے ہیں۔

بھارتی میڈیا پر پاکستان کی ڈپلومیٹک صلاحیت اور سفارتی کامیابیوں کے چرچے ہونے لگے

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی میڈیا پر پاکستان کی ڈپلومیٹک صلاحیت اور سفارتی کامیابیوں کے چرچے ہونے لگے۔ ٹائمز آف انڈیا کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی پاکستانی قیادت کی تعریف نے دوطرفہ تعلقات کے ذاتی پہلو کو مزید اجاگر کیا ہے۔ عالمی سطح پر معروف ورلڈ لبرٹی فنانشل کے شریک بانی زیکری وٹکوف (بقیہ نمبر 30)

جواء پروموشن کیس، یوٹیوبر اقراء کنول، اریب، عروب جتوئی کی عبوری ضمانتوں میں توسیع

لاہور (این این آئی) آن لائن جواء ایپ پروموشن کیس میں عدالت نے یوٹیوبر اقراء کنول، اریب اور ڈکی بھائی کی اہلیہ عروب جتوئی کی عبوری ضمانتوں میں توسیع کر دی۔ لاہور کی سیشن عدالت میں ایڈیشنل سیشن جج ذوالفقار احمد نعیم نے عبوری ضمانتوں پر کیس کی سماعت کی۔ یوٹیوبر اقراء کنول اور ان کے شوہر اریب عدالت پیش ہوئے، ملزمان کی جانب سے سلیم چوہدری ایڈووکیٹ (بقیہ نمبر 31)

قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی لاہور میں شہریار ارشد سی ای او زوم پیٹرولیم، مہر ارشد محمود چیئرمین زوم گروپ اور دیگر معروف صنعت کاروں سے ملاقات کررہے ہیں۔

راولپنڈی، چھوٹے بھائی کو قتل کرانے والا شخص ساتھی سمیت گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ دھمیال پولیس نے دو ماہ قبل اپنے چھوٹے بھائی کو قتل کروانے والے شخص کو ساتھی سمیت گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق زیر حراست ملزم نے منصوبہ بندی کے تحت اجرتی قاتل کے ذریعے بھائی کو فائرنگ کروا کر قتل کروایا تھا۔ واقعہ کا مقدمہ ابتدائی (بقیہ نمبر 18)

الیکشن کمیشن نے 2 سال بعد عام انتخابات 2024 کی مکمل رپورٹ جاری کر دی

پہلے حصے میں پری اور الیکشن ڈے کے اقدامات، دوسرے حصے میں پوسٹ الیکشن نتائج کی تفصیلات شامل

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے دو سال بعد عام انتخابات 2024 کی مکمل رپورٹ جاری کر دی ہے، جو دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصے میں پری اور الیکشن ڈے کے اقدامات جبکہ دوسرے حصے میں پوسٹ الیکشن نتائج کی تفصیلات شامل ہیں۔ رپورٹ میں ملکی و غیر ملکی مبصرین کی آراء بھی شامل کی گئی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق عام انتخابات 2024 پر مجموعی طور (بقیہ نمبر 17)

سفری سہولیات مفت ہونے سے راولپنڈی اسلام آباد کی میٹرو بسز میں شدید رش

روزانہ سفر کرنے والوں کی تعداد ایک لاکھ ستر ہزار سے تجاوز کر گئی، گرین الیکٹرک فیڈر بسز پر بھی کھڑکی توڑ رش

اسلام آباد (این این آئی) حکومت پنجاب کی جانب سے مفت سفری سروس فراہم کرنے کے باعث راولپنڈی اسلام آباد کے مابین چلنے والی ریڈ میٹرو اور گرین الیکٹرک بسوں میں روزانہ سفر کرنے والوں کا شدید رش لگ گیا۔ دونوں سروسز میں روزانہ کی رائیڈرشپ ایک لاکھ ستر ہزار سے تجاوز کر گئی، راولپنڈی کی ریڈ میٹرو بس سروس میں رائیڈر شپ روزانہ ایک لاکھ 29 ہزار سے اور مختلف فیڈرز روٹس پر چلنے والی گرین الیکٹرک بسز میں رائیڈر شپ روزانہ (بقیہ نمبر 32)

حکومت پنجاب کی کفایت شعاری مہم، لاہور پولیس کی گاڑیوں کے لیے ایندھن کی نئی حد مقرر

ڈی آئی جیز کیلئے ماہانہ 600، ایس ایس پیز 450 لیٹر، ایس پیز کی گاڑیوں کے لیے 300 لیٹر مختص

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں کفایت شعاری مہم کے تحت لاہور پولیس کے زیر استعمال سرکاری گاڑیوں کے لیے ایندھن کی نئی حد مقرر کر دی گئی ہے۔ ڈی آئی جی (ایڈمن) عمران کشور نے لاہور پولیس کے مختلف ونگز اور افسران کے زیر استعمال سرکاری گاڑیوں کے لیے ایندھن کی نئی مقررہ حد کے اطلاق کے حوالے سے احکامات جاری کر دیے ہیں۔ ترجمان لاہور پولیس کے مطابق ڈی آئی جیز کی گاڑیوں کے لیے ماہانہ 600 لیٹر، (بقیہ نمبر 19)

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا دن، 6 وکلا کی فہرست جیل حکام کو ارسال

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی سے (آج) منگل کو 6 وکلا کی ملاقات کی فہرست جیل حکام کے حوالے کر دی گئی۔ پی ٹی آئی کے وکیل چوہدری اویس یونس نے سلمان اکرم راجہ کی جاری کردہ فہرست گیٹ نمبر تین پر پولیس حکام کو جمع کرائی۔ فہرست میں بیرسٹر گوہر، سلمان اکرم راجہ اور علی زمان کا نام شامل ہے۔ (بقیہ نمبر 22)

پشاور: امیر جے یو آئی مولانا فضل الرحمان پریس کانفرنس کررہے ہیں۔

موجودہ حالات میں سب پاکستان کی طرف دیکھ رہے ہیں، گورنر پنجاب

پاکستان کے کردار کی وجہ سے یہ جنگ خاتمہ کی طرف جائے گی، جنگ کے بعد معاشی حالات بہتر ہوگی، سعودیہ میں اللہ کا کعبہ ہے

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر نے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں سب پاکستان کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ پنجاب کے شہر فیصل آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سردار سلیم حیدر کا کہنا تھا کہ چیئرمین بلاول بھٹو کے حکم پر یہاں آیا ہوں، اللہ کا پاکستان پر بڑا انعام ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ پاکستان بننے سے لے کر آج تک اتنی عزت نہیں ملی، پوری قیادت مبارک باد کی مستحق ہے، موجودہ حالات (بقیہ نمبر 33)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان گورنر ہاؤس لاہور میں ایک میں نئی تحصیل نزڑہ کے قیام کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

انسانیت کی خدمت کیلئے سرگرم فلاحی اداروں کا دم غنیمت ہے: چوہدری سرور

ثروتمند شخصیات خدمت انسانیت کیلئے سرگرم سرور فاؤنڈیشن کے ساتھ مزید تعاون کریں

لاہور (این این آئی) پنجاب کے سابق گورنر اور سرور فاؤنڈیشن کے چیئرمین چوہدری محمد سرور نے کہا ہے کہ ہم مادر وطن کے مفلس اور مستحق طبقات کی محرومیوں کو پوری طرح ختم تو نہیں کر سکتے لیکن اپنے تعمیری کردار سے ان میں خاطر خواہ کمی ضرور کر سکتے ہیں۔ سرور فاؤنڈیشن کے طبی اور تعلیمی مراکز سے مستفید ہونیوالے مرد و زن اور طلبہ و طالبات کے چہروں کا (بقیہ نمبر 21)

فاضل جج کی عدم دستیابی کے باعث دہشتگردی کیسز کی کازلسٹ منسوخ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کے فاضل جج کی عدم دستیابی کے باعث دہشتگردی کیسز کی کازلسٹ منسوخ کر دی گئی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس سید شہباز علی رضوی اور جسٹس سردار اکبر علی ڈوگر پر مشتمل دو رکنی بنچ نے (بقیہ نمبر 20)

آئی جی پنجاب سے پولیس ملازمین اور اہل خانہ کی ملاقات

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم سے پولیس ملازمین اور ان کے اہل خانہ نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین اور ان کے اہلخانہ کے مسائل سنے اور فوری ریلیف کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات (بقیہ نمبر 24)

پی آئی اے کا بیجنگ، کوالالمپور اور خلیجی ممالک کیلئے پروازیں معطل کرنے کا فیصلہ

خلیجی ممالک میں صرف یو اے ای کا آپریشن جاری رہے گا مگر ہفتہ وار 16 پروازوں تک محدود کر دیا گیا، ترجمان

کراچی (این این آئی) پی آئی اے نے بیجنگ اور کوالالمپور کا آپریشن 11 اپریل سے معطل کر دیا، خلیجی ممالک کا آپریشن بھی آپریل کے آخر تک معطل ہوجائے گا، یو اے ای کا ہفتہ وار 16 پروازوں تک محدود کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پی آئی اے میں اعلیٰ سطح اجلاس منعقد ہوا جس میں ادارے میں بڑھتی ہوئی قیمتوں اور ممکنہ نقصانات کے سدباب کے لیے منصوبہ ترتیب دیا گیا۔ اجلاس میں پی آئی اے نے تمام ڈسکاؤنٹ ختم کرنے کا اصولی فیصلہ کیا صرف بچوں اور (بقیہ نمبر 23)

وفاقی آئینی عدالت کا گلگت بلتستان مجوزہ قانون سازی کا ریکارڈ پیش کرنے کا حکم

حکومت کہتی ہے عدالتیں مداخلت کرتی ہیں، اب خود قانون سازی جیسے مقدمات لا رہی ہے، وفاقی آئینی عدالت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے گلگت بلتستان مجوزہ قانون سازی کا ریکارڈ پیش کرنے کا حکم دیتے ہوئے سماعت ملتوی کر دی۔ پیر کو جسٹس حسن اظہر رضوی کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے سماعت کی۔ دوران سماعت جسٹس حسن اظہر رضوی نے ریمارکس دیے کہ قانون سازی کے لیے عدالت سے اجازت کیوں مانگ رہے ہیں، گلگت بلتستان سے متعلق قانون سازی (بقیہ نمبر 34)

لاہور میں پولیس کا پتنگ بازوں کیخلاف کریک ڈاؤن، متعدد گرفتار

لاہور (این این آئی) پولیس نے لاہور کے مختلف علاقوں پتنگ بازوں کے خلاف کریک ڈاؤن کر کے متعدد کو گرفتار کر کے پتنگیں اور خطرناک کیمیکل ڈور برآمد کر لی۔ پولیس کے مطابق ہربنس پورہ سے گرفتار ملزمان میں یاسر، حامد، زین، ہاشم، زاہد اور شارق سمیت دیگر شامل ہیں (بقیہ نمبر 35)

گوجرانوالہ: وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال میں داخل مسیحی مریضوں کی عیادت کے بعد میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں۔

پاکستانیوں کی بیرون ملک دولت واپس لانے کیلئے مختلف تجاویز زیر غور

مشرق وسطیٰ، یورپ سمیت مختلف ملکوں میں پاکستانیوں کی 20 ارب ڈالر دولت کا تخمینہ، روشن ڈیجیٹل اسکیم کے ذریعے اس رقم کو واپس لانے کی تجویز ہے' ذرائع

لاہور (این این آئی) پاکستانیوں کی بیرون ملک پڑی اربوں ڈالر کی دولت واپس لانے کے لئے روشن ڈیجیٹل اسکیم میں سرمایہ کاری کی اجازت دینے سمیت مختلف تجاویز زیر غور ہیں۔ ذرائع کے مطابق مشرق وسطیٰ اور یورپ سمیت مختلف ملکوں میں پاکستانیوں کی 20 ارب ڈالر دولت کا تخمینہ ہے، اس رقم کو واپس لانے کیلئے کسی بھی شہری کو روشن ڈیجیٹل اسکیم میں سرمایہ کاری کی اجازت دینے پر غور جاری ہے۔ حکام کے مطابق (بقیہ نمبر 25)

لاہور ہائیکورٹ، پیٹرولیم لیوی ٹیکس کے خلاف درخواست پر فیصلہ محفوظ

وزیراعظم کو لیوی ٹیکس نافذ کرنے کا مکمل اختیار حاصل ہے، وفاقی حکومت کا موقف پیش

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں پر لیوی ٹیکس کے نفاذ کے خلاف درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ جسٹس حسن نواز مخدوم اور جسٹس خالد اسحاق پر مشتمل دو رکنی بینچ نے درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار کی جانب سے (بقیہ نمبر 37)

پاکستان کی اندرون ملک اور مشرق وسطیٰ کیلئے 62 پروازیں منسوخ

کراچی (این این آئی) پاکستان کی اندرونِ ملک اور مشرقِ وسطیٰ کے لیے پیر کو 62 پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ ایوی ایشن (بقیہ نمبر 36)

SPECIAL EDITION

DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD

روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد

اسپیشل ایڈیشن

SPECIAL EDITION

یادگار شہداء پر حاضری، پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی، پولیس دستے نے سلامی پیش کی

پولیس لائنز گجرات میں کمانڈ سٹک حوالگی کی پروقار تقریب، ڈی پی او رانا عمر فاروق نے نئے ڈی پی او اختر فاروق کو کمانڈ سٹک سونپ دی

سبکدوش ہونے والے ڈی پی او کو الوداع، نئے ڈی پی او کا استقبال، ایس پی انویسٹی گیشن نے گراں قدر خدمات پر خراج تحسین پیش کیا

رپورٹ (مرزا احماد علی) پولیس لائنز گجرات میں کمانڈ سٹک حوالگی کی پروقار تقریب منعقد پولیس لائنز گجرات میں ضلعی پولیس کی کمانڈ سٹک حوالگی کی ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ڈی پی او گجرات رانا عمر فاروق نے ضلع میں نئے تعینات ہونے والے ڈی پی او اختر فاروق کو کمانڈ سٹک سونپی۔ تقریب کے آغاز پر دونوں افسران نے یادگارِ شہداء پر حاضری دی، پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر پولیس کے چاک وچوبند دستے نے انہیں سلامی پیش کی۔ تقریب میں ایس پی انویسٹی گیشن ریاض ناز، ڈی ایس پیز، ایس ایچ اوز اور دیگر افسران نے شرکت کی۔ نئے تعینات ہونے والے ڈی پی او اختر فاروق کا افسران سے باقاعدہ تعارف بھی کروایا گیا۔ اس موقع پر ایس پی انویسٹی گیشن نے گجرات پولیس کی جانب سے ڈی پی او رانا عمر فاروق کو یادگاری شیلڈ پیش کی اور ضلع میں ان کی گراں قدر خدمات کو زبردست الفاظ میں خراجِ تحسین پیش کیا۔ اپنے خطاب میں ڈی پی او رانا عمر فاروق کا کہنا تھا کہ ٹرانسفر اور پوسٹنگ سروس کا حصہ ہیں، جبکہ گجرات پولیس کی کمان کرنا ان کے لیے ایک اعزاز اور فخر ہے جو انہیں ہمیشہ یاد رہے گا۔ تقریب کے دوران سبکدوش ہونے والے ڈی پی او کو الوداع اور نئے ڈی پی او کو خوش آمدید کہا گیا۔

یورپی یونین۔ پاکستان بزنس فورم

پاکستان اور یورپی یونین (ای یو) کے درمیان اعلیٰ سطح کے پہلے یورپی یونین۔ پاکستان بزنس فورم (ای یو۔ پی کے بی ایف) کا دو روزہ اجلاس اسلام آباد میں ہوا۔ پاکستان کے لئے یہ ایک اہم اور تاریخی موقع تھا جسے حکومت کے ساتھ مل کر ای یو اور اُس کے رکن ممالک کی معاونت سے یقینی بنایا گیا۔ اِس کا مقصد دونوں خطوں کے درمیان کاروباری مواقع پیدا کرنے اور شراکت داری کو فروغ دینے کے علاوہ اعلیٰ سطح کے مکالمے کو بھی ممکن بنانا تھا۔ اِس مشترکہ فورم میں کم و بیش ایک ہزار سینئر پالیسی سازوں، یورپی اور پاکستانی کاروباری افراد کے علاوہ مالیاتی ادارے شریک ہوئے۔ فورم میں پاکستان میں کام کرنے والی 300 سے زائد یورپی کمپنیوں کے نیٹ ورک کا باضابطہ اعلان بھی کیا گیا جو نہ صرف موجودہ اور ممکنہ کمپنیوں کے درمیان رابطے کا ایک ذریعہ بنے گا بلکہ دونوں خطوں کے درمیان کاروباری تعاون کو بھی مزید مضبوط کرے گا۔ یہ نیٹ ورک اعلیٰ سطح پر حکام کے ساتھ مل کر بہتر کاروباری اور سرمایہ کاری ماحول کے لئے آواز بھی اُٹھائے گا۔ اِس نیٹ ورک کے ذریعے مختلف سٹیک ہولڈرز آپسی رابطے اور تعاون کے مواقع پیدا کرنے کے علاوہ تجربات کا تبادلہ اور بہترین کاروباری طریقوں پر بات چیت کر سکیں گے اور پاکستان سرمایہ کاری کے امکانات کو اُجاگر کر سکے گا۔ مشترکہ فورم کی اِس دو روزہ تقریب نے یورپی سرمایہ کاروں کو حکومت پاکستان، یورپین سرمایہ کاری بینک (ای آئی بی) اور دیگر مالیاتی اداروں کے ساتھ اپنے منصوبوں پر تبادلہ خیال کرنے کا موقع فراہم کیا۔ اِس دوران یورپی فنڈ فار سسٹین ایبل ڈویلپمنٹ (ای ایف ایس ڈی) پلس پروگرام کے تحت ممکنہ تعاون پر بھی روشنی ڈالی گئی۔ تقریب میں خطوں کی معیشتوں کی پائیدار ترقی اور مضبوطی کے لئے کارپوریٹ سوشل ریسپانسبلٹی (سماجی ذمہ داری) کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا۔ یہ رواں سال کا سب سے اہم معاشی ایونٹ تھا، اِس فورم میں ای یو کے گلوبل گیٹ وے کی حکمت عملی، سرمایہ کاری کے مواقع اور مالیاتی سہولیات کے حوالے سے بات چیت کی گئی۔ واضح رہے کہ ای یو کا گیٹ وے منصوبہ سرمایہ کاری کا سب سے بڑا پروگرام ہے جس کا ہدف 2021ء سے 2027ء کے دوران 400 ارب یورو کی سرمایہ کاری کو متحرک اور محفوظ بنانا ہے۔ اِس ایونٹ میں 600 سے زائد بزنس ٹو بزنس (بی ٹو بی) ملاقاتیں ہوئیں جن میں یورپی اور پاکستانی کمپنیوں کے درمیان مشترکہ منصوبوں اور شراکت داری میں گہری دلچسپی ظاہر کی گئی جبکہ سرمایہ کاروں کو براہِ راست حکام سے ملاقات اور منصوبوں پر گفتگو کا موقع بھی ملا۔

یورپی یونین پاکستان کا بڑا تجارتی شراکت دار اور سب سے بڑی برآمدی منڈی ہے، 2023ء میں دونوں کے درمیان تجارت کا حجم قریباً 12 ارب یورو رہا جو پاکستان کی کل تجارت کا 15 فیصد سے زائد بنتا ہے۔ اِس فورم میں شرکت سے کاروباری افراد کو پالیسی سازوں اور صنعت کے رہنماؤں سے براہِ راست رابطے کا موقع ملا اور مستقبل میں تعاون کے نئے راستے کھلے۔ ایونٹ میں یورپی سرمایہ کاروں کو بتایا گیا کہ پاکستان میں سرمایہ کاری کے لئے ترجیحی شعبوں میں زرعی کاروبار، ڈیجیٹل جدت، فِن ٹیک، گرین لاجسٹکس، قابلِ تجدید توانائی، ٹیکسٹائل اور ذمہ دار کان کنی شامل ہیں۔ پاکستان کو جی ایس پی پلس پروگرام کے تحت یورپی منڈی تک بغیر ڈیوٹی رسائی حاصل ہے جس کی وجہ سے 2014ء کے بعد برآمدات میں 100 فیصد سے زائد اضافہ ہوا۔ فورم میں ای یو کے ذمہ داروں کی طرف سے کہا گیا کہ اگر پاکستان ٹیکسٹائل کے علاوہ دیگر شعبوں میں بھی تنوع لائے تو مزید مواقع پیدا ہو سکتے ہیں۔ فورم میں بتایا گیا کہ انفراسٹرکچر اور قابلِ تجدید توانائی، چھوٹے کاروبار اور برآمدات کے فروغ کے لئے ای ایف ایس ڈی پلس پروگرام کے ذریعے گرانٹس، گارنٹیز اور دیگر مالی سہولیات فراہم کی جاتی ہیں۔ مشترکہ فورم کو بزنس ٹو گورنمنٹ (بی ٹو جی) روابط کے لئے بھی بہترین قرار دیا گیا کیونکہ اِس کے ذریعے کاروباری افراد حکومتی پالیسی سازوں سے براہِ راست بات کر کے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے مواقع تلاش کر سکتے ہیں۔

واضح رہے کہ پاکستان جی ایس پی پلس کا حصہ ہے جو ترقی پذیر ممالک کو یورپی یونین کی قریباً 66 فیصد ٹیرف لائنز پر مکمل ڈیوٹی کے خاتمے کی سہولت دیتا ہے تاکہ برآمدات میں اضافہ اور مسابقت میں بہتری آ سکے۔ اِس پروگرام سے فائدہ اُٹھانے کے لئے ممالک کو 27 بین الاقوامی معاہدوں پر عمل کرنا ہوتا ہے جن میں انسانی حقوق، لیبر، ماحولیات اور گورننس شامل ہیں۔ پاکستان نے اِن تمام معاہدوں کی توثیق کر رکھی ہے جن میں سات انسانی حقوق، آٹھ لیبر، آٹھ ماحولیاتی اور چار گورننس کے معاہدے شامل ہیں۔ پاکستان کے آئین میں بھی شہریوں کے لئے برابری، مذہبی آزادی، تعلیم، خواتین کے حقوق اور سماجی تحفظ کی مختلف آرٹیکل کے ذریعے ضمانت دی گئی ہے، 2012ء کے بعد پاکستان نے اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے لئے ہندو میرج ایکٹ 2017ء، سندھ چائلڈ میرج ریسٹرینٹ ایکٹ 2013ء اور سندھ ہندو میرج ایکٹ 2016ء سمیت کئی دیگر اصلاحات بھی کی ہیں۔ پاکستان میں جبری گمشدگیوں کے حوالے سے بھی ایک خودمختار کمیشن 2011ء سے کام کر رہا ہے جس نے ہزاروں کیس حل کیے ہیں۔

یورپی یونین کے وفد نے وزیراعظم شہباز شریف سے بھی ملاقات کی جس میں اُن کا کہنا تھا کہ ای یو پاکستان کا سب سے بڑا تجارتی پارٹنر ہے، حکومت اِس کے ساتھ تجارتی اور سرمایہ کاری کے تعلقات کو فروغ دینے کے لئے سنجیدہ کوششیں جاری رکھے گی۔ اُنہوں نے ای یو اور پاکستان بزنس فورم کے انعقاد کو سراہتے ہوئے اُمید ظاہر کی کہ اِس سے تجارتی تعلقات اور سرمایہ کاری کے فروغ کی حوصلہ افزائی ہوگی۔ وزیراعظم نے وفد کو مشرقِ وسطیٰ کی صورتحال کی وجہ سے تیل کی قیمتوں میں حالیہ اضافے سمیت علاقائی چیلنجوں کے باوجود معیشت کے استحکام کے لئے کام جاری رکھنے کے لئے حکومت پاکستان کے پختہ عزم کا یقین دلایا۔

حکومتِ پاکستان اِس وقت ملک کو مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاری کے لئے زیادہ پُرکشش، مستحکم اور سازگار بنانے کی ہر ممکن کوشش کر رہی ہے۔ معاشی اصلاحات، کاروباری سہولتوں میں اضافہ، سرمایہ کار دوست پالیسیوں، برآمدات کے فروغ اور نجی شعبے کے اعتماد کی بحالی جیسے اقدامات اسی سلسلے کی کڑیاں ہیں۔ ایسے میں ای یو۔ پی کے بی ایف جیسے فورمز نہایت اہمیت رکھتے ہیں، کیونکہ یہ نہ صرف پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان اقتصادی روابط کو مضبوط بناتے ہیں بلکہ سرمایہ کاروں، پالیسی سازوں اور مالیاتی اداروں کو ایک مؤثر پلیٹ فارم بھی فراہم کرتے ہیں جہاں باہمی تعاون کے نئے راستے تلاش کیے جا سکتے ہیں۔ یہ فورمز سرمایہ کاری کے امکانات کو اُجاگر کرنے، مشترکہ منصوبوں کی بنیاد رکھنے، جدید ٹیکنالوجی کے تبادلے، روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول میں بھی مددگار ثابت ہو سکتے ہیں۔ اُمید کی جانی چاہئے کہ دونوں خطوں کے کاروباری حلقے جدید دور کے تقاضوں، اختراع، ڈیجیٹل معیشت، گرین انرجی اور صنعتی ترقی کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسے مشترکہ منصوبے تشکیل دیں گے جو نہ صرف پاکستان اور یورپ کی معیشتوں کو مزید مضبوط کریں گے بلکہ باہمی اعتماد، خوشحالی اور طویل المدتی شراکت داری کو بھی فروغ

ضروری نوٹس

اخبار میں خلوص نیت سے مضامین شائع کیئے جاتے ہیں مضامین کی اشاعت کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ مدیر وایڈیٹر تحریر اور راقم مضمون کی سوچ سے متفق ہے۔

ادارہ

یوم مئی، سینیٹری ورکرز کے نام



ڈاکٹر توصیف احمد خان

کراچی کی مضافاتی بستی سرجانی ٹاؤن میں ایک گندے پانی کے گٹر، کھولنے کے لیے تین سینیٹری ورکرز کو بلایا گیا۔ سینیٹری ورکرز ولسن، وقاص اور نذیر نے گٹر کھولنے کے لیے چھلانگ لگائی اور پھر زندہ واپس نہ آسکے۔ مظلوم طبقات کو منظم کرنے کی جدوجہد میں مصروف ولیم صادق نے بھٹو کالونی کے قبرستان سے یہ اطلاع دی کہ پہلے ایک مزدور گندے پانی میں بے ہوش ہوا تو اس کو بچانے کے لیے دوسرے مزدور نے گٹر میں چھلانگ لگائی مگر جب اس نے گٹر کے دہانے پر کھڑے افراد کی آوازوں کا جواب نہ دیا تو تیسرے مزدور نے اپنے دونوں ساتھیوں کو بچانے کے لیے گٹر میں اترنے کا فیصلہ کیا اور پھر تینوں مزدور زندگی کے دکھوں سے دور ہوگئے۔

گزشتہ سال 11 جون کو پنجاب کے ضلع سرگودھا کے بھلوال میں چار سینیٹری کارکنوں عرفان مسیح، رتن مسیح، بابر مسیح اور نعیم مسیح کو گندے پانی کے ٹینک کی صفائی کی ذمے داری دی گئی۔ یہ چاروں کارکن ٹینک میں اتر گئے مگر ٹینک میں پیدا ہونے والی زہریلی گیس نے ان چاروں کو بے ہوش کردیا۔ جب ریسکیو ورکرز نے چاروں کو نکال کر اسپتال پہنچایا تو پتہ چلا کہ عرفان مسیح، رتن مسیح اور بابر مسیح دنیا سے جاچکے تھے اور نعیم مسیح کی حالت نازک تھی۔ پاکستان میں سینیٹری ورکرز کی اموات کا معاملہ معمول کی بات ہے۔ پہلے تو حکام بالا ان ورکرز کی اموات کا نوٹس نہیں لیتے تھے، البتہ اب کچھ وزراء کے بیانات آجاتے ہیں۔

ایک سروے کے مطابق پاکستان میں ہر سال 100 سینیٹری ورکرز گٹر کی زہریلی گیس کا شکار ہوجاتے ہیں۔ ایک رپورٹ کے مطابق گزشتہ سال کراچی میں 30 سینیٹری ورکرز اپنے فرائض منصبی کی ادائیگی کے دوران موت کا شکار ہوئے تھے۔ گزشتہ 5 برسوں کے دوران پنجاب کے 19 اضلاع میں 84 سینیٹری ورکرز ہلاک ہوئے۔

یہ ورکرز ایک میونسپل کارپوریشن کے ملازم ہوتے ہیں اور ان کی مدت ملازمت کم از کم 15 سال ہو تو وہ گریڈ 1 کی پنشن کے مستحق ہوتے ہیں اور جو ورکرز کسی سرکاری ادارہ کے ملازم نہیں ہوتے، ان کے لواحقین کے پاس سوائے ماتم کرنے کے کوئی اور راستہ نہیں ہوتا۔ ان ورکرز کی اموات اس بناء پر ہوتی ہیں کہ انھیں نہ ماسک دیے جاتے ہیں نہ آکسیجن کے سلنڈر اور نہ ہی لائف جیکٹ فراہم کی جاتی ہے اور اتنے پرخطر کام کرنے والے ان افراد کو ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کی تربیت نہیں دی جاتی۔ سینیٹری ورکرز سرکاری ملازمت میں ہوں تو انھیں پرائیوٹ کام کرنے کے لیے اپنی تنخواہ میں سے کچھ حصہ افسران کو دینا ہوتا ہے۔ سینیٹری ورکرز کے کوئی اوقات کار نہیں ہوتے۔ یہ لوگ علی الصبح کام شروع کرتے ہیں اور کسی ہنگامی صورتحال میں انھیں رات کو بھی کام کرنا پڑتا ہے۔ پورے ملک میں ایسے کلچر کی جڑیں گہری ہیں کہ یہ لوگ افسران کے گھروں پر مفت میں کام کرتے ہیں۔

خواتین سینیٹری ورکرز کو بھی بہت مشکل حالات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ صرف سینیٹری ورکرز ہی نہیں مجموعی طور پر مزدور طبقہ کے حالات ناگفتہ بہ ہیں۔ کراچی کے امراء کے علاقوں میں کارپینٹر، راج مستری اور مزدور وغیرہ صبح چوراہوں پر آکر بیٹھ جاتے ہیں اور وہ سارا دن کام کے انتظار میں رہتے ہیں، اگر انھیں دیہاڑی مل جائے تو ان کا دن اچھا گزرتا ہے، دوسری صورت میں یہ مزدور مایوس گھر لوٹ جاتے ہیں۔ غیر رسمی کام کرنے والے مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے کوئی قانون نہیں ہے۔

مزدوروں اور پرائیوٹ اداروں میں کام کرنے والے افراد کو پنشن دینے والا ادارہ بھی رجسٹر نہیں کرتا۔ اسی طرح ہر صوبہ کا مزدوروں کو طبی سہولتیں فراہم کرنے والا ادارہ بھی ان غیر رسمی کام کرنے والوں کو مزدور تسلیم نہیں کرتا۔ اسی طرح گھروں سے مختلف نوعیت کے کام کرنے والے کارکنوں میں اکثریت خواتین کی ہے۔ انٹرنیٹ پر دستیاب اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں Home Based (H.B.WsWorkers) کی تعداد 4.4 ملین سے لے کر 5 ملین کے قریب ہے مگر یہ تو غیر رسمی کام کرنے والے مزدوروں کو پنشن اور طبی سہولتیں حاصل نہیں ہوتیں، آجر انھیں اجرت پر پیس دیتے ہیں۔

ایک رپورٹ کے مطابق پاکستان کی آبادی کا 20 فیصد سے لے کر 25 فیصد تک حصہ صنعتی اداروں میں ملازمت کرتا ہے۔ ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کی آبادی میں سے 67 ملین افراد لیبر فورس سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان میں سے 13 سے 17 ملین افراد صنعتی شعبہ میں کام کرتے ہیں، اگرچہ پاکستان عالمی ادارۂ محنت I.L.O کا رکن ہے اور پاکستان نے مزدوروں کے حالات کار سے متعلق اقوام متحدہ کے کنونشنز کی توثیق کی ہے اور مختلف ادوار میں نافذ ہونے والی لیبر پالیسیوں کے تحت محنت کشوں کے لیے لیبر قوانین نافذ کیے ہیں مگر ان قوانین پر عملدرآمد نہیں ہو رہا۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جنرل ضیاء الحق حکومت کے دور سے ہر حکومت نے ان قوانین پر عملدرآمد کے لیے حقیقی اقدامات نہیں کیے۔

یہی وجہ ہے کہ اب صنعتی اداروں میں ملازم کو 3 ماہ کام کرنے کے بعد مستقل نہیں کیا جاتا بلکہ کنٹریکٹ اور تھرڈ پارٹی کنٹریکٹ پر رکھا جاتا ہے جس کی بناء پر 10،10 سال کام کرنے والے کارکنوں کو پتہ نہیں چلتا کہ ان کا آجر کون ہے۔ کنٹریکٹ سسٹم میں تو مزدوروں کو تنخواہ، گریجویٹی، بونس اور کسی بھی اولڈ ایج بینیفٹ کے تحت رجسٹریشن اور سوشل سیکیورٹی انسٹی ٹیوشن کا حق حاصل ہوتا ہے مگر اکثر اداروں میں ایسی کوئی مراعات نہیں دی جاتیں، مگر تھرڈ پارٹی میں کام کرنے والوں میں مزدوروں سے لے کر بینکوں اور ملٹی نیشنل کارپوریشنز میں کام کرنے والے افسران تک شامل ہیں۔ حقیقی طور پر ڈیلی ویجز ورکرز کے طور پر کام کرنے میں آجر کسی بھی وقت کسی ملازم کو بغیر کوئی وجہ بتائے ملازمت سے برطرف کر دیتا ہے اور ملازم کو خواہ اس کی مدتِ ملازمت کتنے ہی برسوں پر محیط ہو تنخواہ کے علاوہ کچھ نہیں ملتا۔ اب صنعتی اداروں میں مزدور یونین بنانا سنگین جرم سمجھا جاتا ہے۔

گزشتہ سال کراچی کے صنعتی علاقہ سائٹ کی ایک فیکٹری میں یونین بنانے اور تنخواہ کا مطالبہ کرتے پر یونین کے رہنماؤں پر فیکٹری میں داخل ہونے پر پابندی لگادی گئی تھی۔ جب مزدوروں نے احتجاج کیا تو پولیس فورس اور کراچی ضلع مغربی کی انتظامیہ نے یونین کے رہنماؤں کو تھانے بلاکر ہراساں کیا تھا۔

معیشت کا دکھ، دال کم اور چائے کا سکون

محمد ابراہیم خلیل

غریب آدمی کو مہنگائی کے اس دور میں اس حساب سے گزرنا پڑتا ہے جو وہ اپنے بڑھتے ہوئے خرچے اور بے سکونی کو سکون میں بدلنے کے لیے بقا کا حساب سیکھ لیتا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ روٹی کے ساتھ دال میں پانی بڑھا دیا جائے تو بھی بچے روٹی کو دال کے پانی میں روٹی کو کشتی بنا کر ہنستے کھیلتے ہوئے کھانا کھالیتے ہیں۔

دن بھر مزدوری کرنے والا شخص شام کو گھر لوٹتا ہے تو شاید اس کے ہاتھ میں چھٹانک بھر دال کی پڑیا اور پتی کا ایک ساشے بھی ہوسکتا ہے، لہٰذا وہ ایک تدبیر کرتا ہے مہنگی دال کی خریداری میں 20 فی صد کمی کر دیتا ہے اور اپنے سکون کی خاطر 5 فی صد پتی کی خرید میں اضافہ کر دیتا ہوگا۔ اعداد و شمار کے حساب کتاب میں جب درآمدات کو فی صد میں تولا جاتا ہے تو پی بی ایس نے دال اور پتی کی درآمد کو یوں بیان کیا۔ مالی سال کے پہلے 7 ماہ میں دال کی درآمد میں گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 20 فی صد کمی واقع ہوئی ہے جب کہ چائے کی درآمد میں 5 فی صد کا اضافہ ہوا ہے۔ اس سال دالوں کی مجموعی درآمدات 892 ملین ڈالرز کی ہوئیں اور چائے کی درآمد پر 470.60 ملین ڈالرز کا زرمبادلہ خرچ ہوا جو گزشتہ مالی سال کے اسی مدت کے مقابلے میں 01.5 فی صد زیادہ ہے۔

دن بھر کی مزدوری کرنے والا شخص جب شام کو لوٹتا ہے تو اس کے چہرے پر تھکن سے زیادہ فکر ہوتی ہے، اس کے بچوں کی آنکھوں میں سوال ہوتا ہے کہ آج کیا پکے گا، اس کے پاس جواب نہیں ایک تدبیر ہوتی ہے۔ وہ شاید بیوی سے کہتا ہوگا کہ دال کم ہے (پہلے کے مقابلے میں 20 فی صد کم) پانی ذرا زیادہ ڈال دینا اور چائے تھوڑی سی زیادہ (شاید 5 فی صد زیادہ) ڈال کر کڑک چائے بنانا۔ چائے کا کپ ہاتھ میں آتا ہے، گرم کڑک تلخ وہ ایک گھونٹ لیتا ہوگا اور اس کے اندر کی ٹوٹ پھوٹ کچھ لمحوں کے لیے رک جاتی ہوگی۔ یہ چائے صرف مشروب نہیں بلکہ یہ ایک نفسیاتی سہارا بھی ہے۔ اس میں کیفین

معمولی مقدار میں اضافہ اور کڑک چائے جو سکون بھی دیتی ہے اور غربت کا غم بھلا کر اس کا مقابلہ کرنا سکھا دیتی ہے۔

ایک ماں جب اپنے بچوں کو کم دال کھلاتی ہے تو اسے معلوم ہے اس میں کم غذائیت ملے گی۔ ساتھ پانی کا شوربا بڑھا کر کہتی ہوگی ”دیکھو! آج سالن زیادہ ہے تم چاہو تو روٹی کی کشتیاں بنا کر آپس میں مقابلہ کر سکتے ہو“ اور سب بھائی بہن ہنستے کھیلتے روٹی کی کشتی بنا بنا کر دال کا شکار کرتے ہیں اور خوش ہوتے رہتے ہیں۔ یوں ایک ماں بچوں کی بھوک کو صرف جسمانی نہیں بلکہ جذباتی طور پر بھی سنبھالتی ہے اور پھر وہی ماں رات کو ایک کپ کڑک چائے پی کر بغیر دال روٹی کھائے سو جاتی ہے۔ اس کے لیے چائے کھانے کا متبادل نہیں مگر ایک سکون ہے، ایک وقفہ ہے۔ اسی سکون کی تلاش میں غربت کے مارے ہوئے ہوٹلوں میں بیٹھ کر چائے کی چسکیاں لے رہے ہوتے ہیں اور مہنگی دال خریدنے سے گریز کرتے ہوئے یا دالوں کی خریداری میں کمی کر دیتے ہیں۔

عالمی منظرنامے میں اگر آج کے حالات دیکھے جائیں تو تیل کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ نئے ہفتے کے آغاز کے ساتھ 107 ڈالر فی بیرل پٹرول کی قیمت ہو چکی ہے۔ جنگیں اور موسمیاتی تبدیلیوں نے مل کر اس بحران کو مزید بڑھا دیا ہے۔ یوکرین کی جنگ نے گندم کی قیمت کو متاثر کیا، امریکا ایران کشیدگی نے تیل کی قیمت کو زیادہ بڑھاوا دیا اور موسمیاتی تبدیلی نے فصلوں کو کہیں برباد کر دیا یا کہیں پیداوار میں کمی ہوگئی۔ جب پٹرول کی قیمت بڑھتی ہے تو غریب کی دال کی قیمت بڑھ جاتی ہے وہ اس کی خریداری میں کمی کر دیتا ہے، پھر یہ سارے مسئلے مسائل فکر اندیشے غریب کی چائے کی پیالی میں سمٹ آتے ہیں جسے وہ اپنے سکون کی خاطر پیتا رہتا ہے اور اس کی چائے کی پیالی بھری رہتی ہے کیونکہ معیشت کا دکھ یہی پیالی اس کے ساتھ بانٹ لیتی ہے اور بھوکا رہ کر بھی چائے میں اسے سکون مل ہی جاتا ہے۔

غریب آدمی کو مہنگائی کے اس دور میں اس حساب سے گزرنا پڑتا ہے جو وہ اپنے بڑھتے ہوئے خرچے اور بے سکونی کو سکون میں بدلنے کے لیے بقا کا حساب سیکھ لیتا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ روٹی کے ساتھ دال میں پانی بڑھا دیا جائے تو بھی بچے روٹی کو دال کے پانی میں روٹی کو کشتی بنا کر ہنستے کھیلتے ہوئے کھانا کھالیتے ہیں۔

دن بھر مزدوری کرنے والا شخص شام کو گھر لوٹتا ہے تو شاید اس کے ہاتھ میں چھٹانک بھر دال کی پڑیا اور پتی کا ایک ساشے بھی ہوسکتا ہے، لہٰذا وہ ایک تدبیر کرتا ہے مہنگی دال کی خریداری میں 20 فی صد کمی کر دیتا ہے اور اپنے سکون کی خاطر 5 فی صد

لوٹتا ہے تو اس کے چہرے پر تھکن سے زیادہ فکر ہوتی ہے، اس کے بچوں کی آنکھوں میں سوال ہوتا ہے کہ آج کیا پکے گا، اس کے پاس جواب نہیں ایک تدبیر ہوتی ہے۔ وہ شاید بیوی سے کہتا ہوگا کہ دال کم ہے (پہلے کے مقابلے میں 20 فی صد کم) پانی ذرا زیادہ ڈال دینا اور چائے تھوڑی سی زیادہ (شاید 5 فی صد زیادہ) ڈال کر کڑک چائے بنانا۔ چائے کا کپ ہاتھ میں آتا ہے، گرم کڑک تلخ وہ ایک گھونٹ لیتا ہوگا اور اس کے اندر کی ٹوٹ پھوٹ کچھ لمحوں کے لیے رک جاتی ہوگی۔ یہ چائے صرف مشروب نہیں بلکہ یہ ایک نفسیاتی سہارا بھی ہے۔ اس میں کیفین سے زیادہ امید ہوتی ہے اور تلخی سے زیادہ تسلی۔

ہوسکتا ہے یہ کہانی پاکستان کے غریب گھرانوں میں صورتیں بدل کر نظر آتی ہو لیکن بات یہ ہے کہ جہاں مہنگائی نے انسان کو اس کی بنیادی ضروریات کی خرید سے روک دیا ہے، یہ کہانی دنیا کے ترقی پذیر ممالک میں سب سے زیادہ نظر آتی ہے۔ چاہے لاطینی امریکا کی کچی آبادیوں میں ہو یا افریقہ کے تپتے ہوئے صحراؤں میں ہو۔ ہر جگہ کچھ ایسا ہی نظر آتا ہے۔ کہیں پانی میں ابلی ہوئی سبزیاں، کہیں آٹے کی کمی، کہیں چینی کا قحط بس غریب عوام نے بھوک کو بہلانے کا بہانہ تلاش کر لیا ہے۔ معاشیات میں اسے ”کھپت کی ایڈجسٹمنٹ“ بھی کہا جاتا ہے۔ دال کم اور پانی زیادہ، چائے کی پتی میں معمولی مقدار میں اضافہ اور کڑک چائے جو سکون بھی دیتی ہے اور غربت کا غم بھلا کر اس کا مقابلہ کرنا سکھا دیتی ہے۔

ایک ماں جب اپنے بچوں کو کم دال کھلاتی ہے تو اسے معلوم ہے اس میں کم غذائیت ملے گی۔ ساتھ پانی کا شوربا بڑھا کر کہتی ہوگی ”دیکھو! آج سالن زیادہ ہے تم چاہو تو روٹی کی کشتیاں بنا کر آپس میں مقابلہ کر سکتے ہو“ اور سب بھائی بہن ہنستے کھیلتے روٹی کی کشتی بنا بنا کر دال کا شکار کرتے ہیں اور خوش ہوتے رہتے ہیں۔ یوں ایک ماں بچوں کی بھوک کو صرف جسمانی نہیں بلکہ جذباتی طور پر بھی سنبھالتی ہے اور پھر وہی ماں رات کو ایک کپ کڑک چائے پی کر بغیر دال روٹی کھائے سو جاتی ہے۔ اس کے لیے چائے کھانے کا متبادل نہیں مگر ایک سکون ہے، ایک وقفہ ہے۔ اسی سکون کی تلاش میں غربت کے مارے ہوئے ہوٹلوں میں بیٹھ کر چائے کی چسکیاں لے رہے ہوتے ہیں اور مہنگی دال خریدنے سے گریز کرتے ہوئے یا دالوں کی خریداری میں کمی کر دیتے ہیں۔

عالمی منظرنامے میں اگر آج کے حالات دیکھے جائیں تو تیل کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ نئے ہفتے کے آغاز کے ساتھ 107 ڈالر فی بیرل

کٹ چائے اور ادھورے منصوبے

یہ کوئی رسمی جگہ نہیں، مگر میرے لیے یہ ایک ایسا روزمرہ منظر ہے جو بار بار آنکھوں کے سامنے آتا ہے۔ دوپہر ڈھل رہی ہوتی ہے، مغرب سے پہلے کا وقت ہوتا ہے، اور گاؤں کی سڑکوں پر زندگی کی رفتار کچھ دیر کے لیے جیسے اسی ایک مقامی کیفے یا چھوٹے سے ریسٹورنٹ کے گرد آ کر رک جاتی ہے۔ میں نے اکثر دیکھا ہے کہ اس وقت اچانک کسی گروپ میں پیغام یا زبانی آواز آتی ہے: ”چلو آج کچھ بڑا سوچتے ہیں“، اور پھر لوگ اپنے اپنے کام چھوڑ کر اسی مخصوص جگہ کی طرف چل پڑتے ہیں۔ وہ جگہ جہاں ایک کٹ چائے کے ساتھ بڑے بڑے خوابوں کی نشست شروع ہو جاتی ہے۔ یہ کوئی دفتر یا باقاعدہ میٹنگ روم نہیں ہوتا، بلکہ گاؤں کا ایک سادہ سا مقامی کیفے یا چھوٹا سا ریسٹورنٹ ہوتا ہے۔ مگر یہاں بیٹھنے والوں کے انداز سے لگتا ہے جیسے یہیں سے کسی بڑی کہانی کا آغاز ہونے والا ہے۔ ہر بینچ پر بیٹھے لوگ اپنے مستقبل کے نقشے ایسے بنا رہے ہوتے ہیں جیسے دنیا انہی کے اگلے فیصلے کی منتظر ہو۔ پہلا آرڈر ہمیشہ ایک کٹ چائے کا ہوتا ہے۔ جیسے ہی کپ آتا ہے، ماحول سنجیدگی اور مزاح کے درمیان کہیں معلق ہو جاتا ہے۔ ابھی پہلا کپ ختم بھی نہیں ہوتا کہ کوئی آواز دیتا ہے: ”ایک اور لے آؤ“، اور یوں گفتگو کے ساتھ چائے کا سلسلہ بھی چل نکلتا ہے۔ پھر آہستہ آہستہ باتوں کا رخ بدلنے لگتا ہے۔ کوئی معیشت پر رائے دیتا ہے، کوئی سیاست پر تبصرہ کرتا ہے، اور کوئی اپنے ”اربوں کے بزنس آئیڈیا“ کی تفصیل بتا رہا ہوتا ہے۔ حقیقت اور خواب کے درمیان فاصلہ یہاں بہت کم محسوس ہوتا ہے۔ میں نے یہ بھی دیکھا ہے کہ ہر محفل میں ایک ایسا شخص ضرور ہوتا ہے جس پر سب باتوں کا بوجھ ڈال دیا جاتا ہے۔ کبھی اسے مذاق میں، کبھی سنجیدگی میں ”قربانی کا بکرا“ بنا دیا جاتا ہے۔ وہ خاموشی سے سب سنتا رہتا ہے، جیسے اسے معلوم ہو کہ یہ کردار وقتی ہے۔ اسی دوران کوئی نہ کوئی دوست ایسا بھی ہوتا ہے جو ہر دوسرے دن بیرون ملک جانے کی تیاری میں ہوتا ہے۔ اس کے پاس ہر ملاقات میں ایک نیا دعویٰ ہوتا ہے کہ ”بس اب ویزا آرہا ہے“، مگر وقت گزرتا رہتا ہے اور وہی باتیں دہرائی جاتی ہیں۔ پھر ایک اور شخص ہوتا ہے، جس کے پاس ہر روز نیا بزنس آئیڈیا ہوتا ہے۔ کبھی کھیتی سے متعلق کوئی منصوبہ، کبھی دکان، کبھی آن لائن کام۔ مگر میں نے دیکھا ہے کہ یہ آئیڈیاز زیادہ تر چائے کے کپ تک ہی زندہ رہتے ہیں۔ اسی گروپ میں وہ دوست بھی ہوتا ہے جس کا ”باہر شہر والا یا دبئی والا دوست“ ہر بڑے منصوبے کا حصہ بتایا جاتا ہے۔ لیکن حیرت یہ ہے کہ وہ دوست کبھی نظر نہیں آتا، مگر اس کا ذکر ہر نئے پلان میں ضرور ہوتا ہے۔ جیسے جیسے چائے کے کپ بڑھتے جاتے ہیں، گفتگو بھی مزید پرجوش ہوتی جاتی ہے۔ اب باتیں حقیقت سے نکل کر مکمل خوابوں کی دنیا میں داخل ہو جاتی ہیں۔ ہر شخص اپنے خیال کو حقیقت کے قریب سمجھنے لگتا ہے۔ اگر کبھی کسی نے اپنی کوئی چھوٹی سی کامیابی یا کام کا ذکر کر دیا تو فوراً ماحول بدل جاتا ہے۔ سب کہتے ہیں: ”چلو پھر اب بڑا کچھ کرتے ہیں“، اور ایک نیا منصوبہ شروع ہو جاتا ہے۔ یہ سب کچھ مغرب سے پہلے کے اس وقت میں ہوتا ہے جب دن اور رات کے درمیان ایک خاموش سا وقفہ ہوتا ہے۔ باہر کھیتوں میں زندگی چل رہی ہوتی ہے، مگر یہاں ایک الگ دنیا بس رہی ہوتی ہے۔ میں نے دیکھا ہے کہ ان محفلوں میں ہنسی بھی ہوتی ہے، مذاق بھی، اور ایک عجیب سا جوش بھی۔ ہر شخص خود کو کسی بڑی کہانی کا کردار سمجھ رہا ہوتا ہے، چاہے وہ کہانی ابھی صرف باتوں تک محدود ہو۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ ان میں صلاحیت کی کمی نہیں ہوتی۔ ذہین لوگ ہوتے ہیں، سوچنے والے ہوتے ہیں، مگر ان کی سوچ اکثر عمل سے آگے نہیں بڑھ پاتی۔ شاید مسئلہ یہ ہے کہ یہ لوگ خاموشی سے گھبراتے ہیں۔ تنہائی میں بیٹھ کر سوچنے کے بجائے وہ شور میں اپنی سوچ کو زندہ رکھتے ہیں، چاہے وہ وقتی ہی کیوں نہ ہو۔ گھر یا تنہائی ان کے لیے شاید اتنی دلچسپ نہیں جتنی یہ محفلیں ہوتی ہیں، جہاں ہر بات پر کوئی نہ کوئی داد دینے والا موجود ہوتا ہے۔ گاؤں کا یہ مقامی کیفے یا چھوٹا سا ریسٹورنٹ صرف چائے نہیں رہتا، بلکہ ایک روزانہ کا اجتماع بن جاتا ہے جہاں لوگ اپنے اندر کے خوابوں کو لفظوں میں زندہ کرتے ہیں۔ میں نے یہ بھی محسوس کیا ہے کہ ہر روز ایک نیا آغاز ہوتا ہے، مگر انجام تقریباً وہی رہتا ہے۔ اگلے دن پھر وہی چائے، وہی بینچ، اور وہی باتیں۔ مجھے اکثر یہ احساس ہوتا ہے کہ اگر یہی وقت، یہی گفتگو اور یہی توانائی تھوڑی سی سمت اور عمل میں بدل جائے تو شاید بہت کچھ بدل سکتا ہے۔ مگر فی الحال یہ سب لوگ مغرب سے پہلے کی اس چائے میں اپنے خوابوں کو گرم رکھے ہوئے ہیں، تاکہ کل پھر اسی جگہ سے ایک نیا منصوبہ، ایک نئی امید، اور ایک نئی چائے شروع ہو سکے۔

خان کی رہائی کیوں رکی ہوئی ہے؟

سچ کڑوا ہے، مگر ذمہ دار اپنے ہی ہیں پاکستان کی سیاست میں اگر آج کوئی سب سے بڑا سوال ہے تو وہ یہ نہیں کہ عمران خان کیوں جیل میں ہیں، بلکہ یہ ہے کہ وہ ابھی تک باہر کیوں نہیں آ سکے؟ اور اس سوال کا جواب تلاش کرتے ہوئے انگلیاں بار بار ایک ہی طرف اٹھتی ہیں، اپنی ہی صفوں کی طرف، اپنی ہی قیادت کی طرف، اپنی ہی کمزوریوں کی طرف۔ یہ بات مان لینی چاہیے کہ صرف ریاستی دباؤ یا عدالتی پیچیدگیاں ہی وجہ نہیں ہیں۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ پی ٹی آئی کی موجودہ قیادت میں نہ ہمت ہے، نہ حکمت، اور نہ وہ غیرت جو ایک مقبول لیڈر کی رہائی کے لیے درکار ہوتی ہے۔ بیانات دینا آسان ہے، ٹوئٹر پر انقلابی بننا آسان ہے، مگر سڑکوں پر نکل کر قیادت کرنا یہ وہ امتحان ہے جس میں یہ قیادت بار بار فیل ہوئی ہے۔ کارکنان کا موڈ دیکھ لیں وہ تیار ہیں، بے چین ہیں، باہر نکلنا چاہتے ہیں۔ مگر انہیں کون لیڈ کرے؟ وہ قیادت جو خود ہر مشکل موقع پر غائب ہو جاتی ہے؟ جب دھرنے کی کال آتی ہے تو بڑے بڑے نام منظر سے ہٹ جاتے ہیں، اور جب سب کچھ ختم ہو جاتا ہے تو دوبارہ سامنے آ کر ”بیانیہ“ بیچنا شروع کر دیتے ہیں۔ یہ سیاست نہیں، یہ صرف دکان داری ہے اور وہ بھی ایک ایسے نام پر جو خود جیل میں بیٹھا ہے۔ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی جیسے رہنما خیبر پختونخوا میں کھڑے ہو کر جتنے مرضی جلسے کر لیں، سوال وہیں کا وہیں ہے، کیا اس سے خان رہا ہو جائیں گے؟ اگر اصل میدان اسلام آباد اور راولپنڈی ہے تو پھر وہاں جانے سے گریز کیوں؟ کیا یہ حکمت عملی ہے یا سیدھی سیدھی کمزوری؟ دلچسپ بات یہ ہے کہ پارٹی کے اندر سے ہی کچھ آوازیں سچ بولتی رہی ہیں۔ شیر افضل مروت بار بار یہ کہہ چکے ہیں کہ اگر خان کو باہر لانا ہے تو عوام کا سمندر سڑکوں پر لانا ہوگا۔ تاریخ بھی یہی بتاتی ہے۔ MovementLawyers 20092007 کوئی ٹوئٹر ٹرینڈ نہیں تھا، بلکہ سڑکوں پر نکلی ہوئی طاقت تھی۔ مگر آج کی قیادت کو شاید سڑکوں کی سیاست سے زیادہ اسٹیج کی تقریریں پسند ہیں۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ قیادت خود مان چکی ہے کہ ”خان ابھی رہا نہیں ہو سکتے“۔ جب آپ خود ہار مان لیں گے تو کوئی اور آپ کے لیے کیوں لڑے گا؟ یہ بیانیہ کہ ”عدالتیں انصاف نہیں دے رہیں“ یہ بات اپنی جگہ، مگر پھر آپ کا متبادل کیا ہے؟ صرف پریس کانفرنسز؟ صرف جلسے؟ صرف نعرے؟ تلخ حقیقت یہ ہے کہ عمران خان کی رہائی میں سب سے بڑی رکاوٹ اب مخالفین نہیں رہے بلکہ اپنی ہی کمزور، مفاد پرست اور خوفزدہ قیادت ہے۔ وہ قیادت جو کارکنان کو آگے کرتی ہے مگر خود پیچھے ہٹ جاتی ہے۔ وہ قیادت جو خطرہ لینے کو تیار نہیں، مگر کریڈٹ لینے کے لیے ہمیشہ موجود رہتی ہے۔ آخر میں بات بالکل واضح ہے، اگر خان باہر نہیں آ رہے، تو اس کی سب سے بڑی ذمہ داری ان لوگوں پر ہے جو خود کو ان کا سپاہی کہتے ہیں مگر میدان میں اترنے سے کتراتے ہیں۔ جب تک یہ قیادت اپنے مفادات، اپنے خوف، اور اپنی کمزوریوں سے باہر نہیں نکلے گی تب تک خان کی رہائی صرف ایک نعرہ رہے گی، حقیقت نہیں۔ یہ جنگ باہر سے کم، اندر سے زیادہ ہاری جارہی ہے اور یہی سب سے بڑا المیہ ہے۔

خان کی رہائی کیوں رکی ہوئی ہے؟ سچ کڑوا ہے، مگر ذمہ دار اپنے ہی ہیں

پاکستان کی سیاست میں اگر آج کوئی سب سے بڑا سوال ہے تو وہ یہ نہیں کہ عمران خان کیوں جیل میں ہیں، بلکہ یہ ہے کہ وہ ابھی تک باہر کیوں نہیں آ سکے؟ اور اس سوال کا جواب تلاش کرتے ہوئے انگلیاں بار بار ایک ہی طرف اٹھتی ہیں، اپنی ہی صفوں کی طرف، اپنی ہی قیادت کی طرف، اپنی ہی کمزوریوں کی طرف۔ یہ بات مان لینی چاہیے کہ صرف ریاستی دباؤ یا عدالتی پیچیدگیاں ہی وجہ نہیں ہیں۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ پی ٹی آئی کی موجودہ قیادت میں نہ ہمت ہے، نہ حکمت، اور نہ وہ غیرت جو ایک مقبول لیڈر کی رہائی کے لیے درکار ہوتی ہے۔ بیانات دینا آسان ہے، ٹوئٹر پر انقلابی بننا آسان ہے، مگر سڑکوں پر نکل کر قیادت کرنا یہ وہ امتحان ہے جس میں یہ قیادت بار بار فیل ہوئی ہے۔ کارکنان کا موڈ دیکھ لیں وہ تیار ہیں، بے چین ہیں، باہر نکلنا چاہتے ہیں۔ مگر انہیں کون لیڈ کرے؟ وہ قیادت جو خود ہر مشکل موقع پر غائب ہو جاتی ہے؟ جب دھرنے کی کال آتی ہے تو بڑے بڑے نام منظر سے ہٹ جاتے ہیں، اور جب سب کچھ ختم ہو جاتا ہے تو دوبارہ سامنے آ کر ”بیانیہ“ بیچنا شروع کر دیتے ہیں۔ یہ سیاست نہیں، یہ صرف دکان داری ہے اور وہ بھی ایک ایسے نام پر جو خود جیل میں بیٹھا ہے۔ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی جیسے رہنما خیبر پختونخوا میں کھڑے ہو کر جتنے مرضی جلسے کر لیں، سوال وہیں کا وہیں ہے، کیا اس سے خان رہا ہو جائیں گے؟ اگر اصل میدان اسلام آباد اور راولپنڈی ہے تو پھر وہاں جانے سے گریز کیوں؟ کیا یہ حکمت عملی ہے یا سیدھی سیدھی کمزوری؟ دلچسپ بات یہ ہے کہ پارٹی کے اندر سے ہی کچھ آوازیں سچ بولتی رہی ہیں۔ شیر افضل مروت بار بار یہ کہہ چکے ہیں کہ اگر خان کو باہر لانا ہے تو عوام کا سمندر سڑکوں پر لانا ہوگا۔ تاریخ بھی یہی بتاتی ہے۔ Lawyers 2009Movement 2007 کوئی ٹوئٹر ٹرینڈ نہیں تھا، بلکہ سڑکوں پر نکلی ہوئی طاقت تھی۔ مگر آج کی قیادت کو شاید سڑکوں کی سیاست سے زیادہ اسٹیج کی تقریریں پسند ہیں۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ قیادت خود مان چکی ہے کہ ”خان ابھی رہا نہیں ہو سکتے“۔ جب آپ خود ہار مان لیں گے تو کوئی اور آپ کے لیے کیوں لڑے گا؟ یہ بیانیہ کہ ”عدالتیں انصاف نہیں دے رہیں“ یہ بات اپنی جگہ، مگر پھر آپ کا متبادل کیا ہے؟ صرف پریس کانفرنسز؟ صرف جلسے؟ صرف نعرے؟ تلخ حقیقت یہ ہے کہ عمران خان کی رہائی میں سب سے بڑی رکاوٹ اب مخالفین نہیں رہے بلکہ اپنی ہی کمزور، مفاد پرست اور خوفزدہ قیادت ہے۔ وہ قیادت جو کارکنان کو آگے کرتی ہے مگر خود پیچھے ہٹ جاتی ہے۔ وہ قیادت جو خطرہ لینے کو تیار نہیں، مگر کریڈٹ لینے کے لیے ہمیشہ موجود رہتی ہے۔ آخر میں بات بالکل واضح ہے، اگر خان باہر نہیں آ رہے، تو اس کی سب سے بڑی ذمہ داری ان لوگوں پر ہے جو خود کو ان کا سپاہی کہتے ہیں مگر میدان میں اترنے سے کتراتے ہیں۔ جب تک یہ قیادت اپنے مفادات، اپنے خوف، اور اپنی کمزوریوں سے باہر نہیں نکلے گی تب تک خان کی رہائی صرف ایک نعرہ رہے گی، حقیقت نہیں۔ یہ جنگ باہر سے کم، اندر سے زیادہ ہاری جا رہی ہے اور یہی سب سے بڑا المیہ ہے۔

وفاق اور صوبائی عدم تعاون



محمد سعید ارائیں

صوبہ کے پی کے میں پی ٹی آئی کے چوتھے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ وفاق کا یہی رویہ رہا تو وفاقی حکومت سے تعاون ختم کر دیا جائے گا۔ انھوں نے الزام لگایا کہ تحریک انصاف کے وزیر اعلیٰ کو دوسرے درجے کا شہری سمجھ کر ان پر مسلسل ظلم کر کے پاکستان کے حالات خراب کیے جا رہے ہیں جس کی وجہ سے ہم وفاق سے تعاون ختم اور رابطوں کا بائیکاٹ کریں گے۔

انھوں نے صوبے میں سی این جی کی بندش پر یہ مسئلہ ایس این جی پی ایل کے ساتھ اٹھانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ہماری بات نہیں سنی جاتی۔ سندھ حکومت کو بھی شکایت ہے کہ وفاقی حکومت سندھ کو نظرانداز کر رہی ہے اور سکھر حیدرآباد موٹروے کی تعمیر پر اتنی توجہ نہیں دی جا رہی جتنی ماضی میں پنجاب اور کے پی میں موٹروے بنانے پر توجہ دی گئی اور عدم توجہی کی وجہ سے حیدرآباد اور سکھر کے درمیان موٹروے کی تعمیر ہی نہیں کی جا رہی جس کی وجہ سے ٹریفک میں دشواری کا سامنا ہے اور پنجاب و کے پی سے کراچی آنے والی گڈز اور پبلک ٹرانسپورٹ کا سارا زور نیشنل ہائی وے پر ہے جہاں بھی متعدد جگہوں پر سڑک خراب ہے اور آمدورفت بھی متاثر اور تاخیر کا شکار ہے جس کا واحد حل سکھر حیدرآباد موٹروے کی تعمیر ہے، اس لیے یہ ضروری تعمیر جلد شروع کرائی جائے۔

سکھر و حیدرآباد موٹروے کی فوری تعمیر واقعی ضروری ہے مگر یہ بھی درست ہے کہ سندھ کی مبینہ کرپشن کی مشہوری میں موٹروے کی تعمیر کے لیے حاصل کی جانے والی زمینوں کی خریداری میں ضلع مٹیاری میں ہونے والی کرپشن بھی کئی سال قبل منظر عام پر آ چکی ہے جس میں نیچے سے اوپر کی سطح پر اس کرپشن میں مٹیاری کے متعلقہ افسران ملوث پائے گئے تھے جس کی وجہ سے ابتدائی کام ہی رک گیا تھا۔

یوں تو کرپشن ملک کے دیگر علاقوں میں بھی کم نہیں نہ یہ علاقے شفافیت سے پاک ہیں مگر سندھ میں کرپشن کو مبینہ طور پر عروج پر کہا جاتا ہے جہاں چوتھی بار مسلسل پیپلز پارٹی کی حکومت ہے جس کا 18 واں سال شروع ہو چکا ہے مگر سندھ میں اندرون سندھ کی اپوزیشن جی ڈی اے ہو یا کراچی میں ایم کیو ایم پاکستان سمیت دیگر تمام اپوزیشن پارٹیاں سندھ میں مبینہ کرپشن کے مسلسل الزامات لگاتی آ رہی ہیں اور سندھ میں گڈ گورننس نہ ہونے کی باتیں بھی عام ہیں۔

اپریل 2022 سے 2023 کے آخر تک پی ڈی ایم کی 16 ماہ کی حکومت میں پیپلز پارٹی کی بھرپور شرکت تھی جس میں وزارت مواصلات جے یو آئی کے پاس تھی جس کے وزیر نے کے پی کے اپنے اضلاع میں سڑکوں کی تعمیر پر خصوصی توجہ دی تھی مگر پی پی کے چیئرمین بلاول بھٹو وزیر خارجہ بن کر اپنے بیرون ممالک کے دوروں پر توجہ مرکوز کیے ہوئے تھے اور پی ڈی ایم کابینہ میں تھوک کے حساب سے وزیر، مشیر، معاونین خصوصی شامل کیے گئے تھے اور سندھ سے تعلق رکھنے والے وفاقی وزیروں کو جن میں سکھر سے پیپلز پارٹی کے نمائندے بھی شامل تھے سکھر حیدرآباد موٹروے یاد نہیں آئی تھی جب کہ سندھ میں پیپلز پارٹی کی حکومت تھی مگر 2008 سے 2026 تک سندھ میں پی پی کی حکومت نے وفاق کے ساتھ وہ رویہ اختیار نہیں کیا تھا جو 2008 سے 2018 تک اور بعد میں 2024 سے 2026 تک پی ٹی آئی کی، کے پی حکومتوں کا وفاق کے ساتھ رہا اور وہاں کی تحریک انصاف حکومتوں کے وزرائے اعلیٰ نے اسلام آباد پر چڑھائی سے بھی گریز نہیں کیا تھا۔

کے پی کے نوجوان وزیر اعلیٰ تو لائے ہی وفاق سے مزاحمت کے لیے تھے جس پر روز اول سے عمل پیرا ہیں اور انھوں نے وفاق سے اس طرح تعاون نہیں کیا جس طرح ماضی میں پی ٹی آئی سے تعلق رکھنے والے کے پی کے سابق وزرائے اعلیٰ پرویز خٹک اور علی امین گنڈاپور کرتے رہے۔ دونوں نے ایک حد تک اسلام آباد پر چڑھائی بھی کی مگر اپنے صوبے کے حقوق کے حصول کے لیے دونوں نے وفاق سے تعلقات اتنے نہیں بگاڑے تھے جتنے موجودہ وزیر اعلیٰ نے بگاڑے کیونکہ ماضی کے دونوں وزرائے اعلیٰ نے پی ٹی آئی کی پالیسی پر عمل بھی کیا مگر دونوں نے وفاق میں مخالف حکومتوں سے کے پی کو ایک حد میں رکھا مگر ان کے برعکس موجودہ وزیر اعلیٰ نے تو عشق عمران میں عہدہ سنبھالتے ہی وفاق کو دھمکانا شروع کر دیا تھا جب کہ انھیں معلوم تھا کہ موجودہ وفاقی حکومت دو ہزار بائیس تیئیس والی اسلام آباد تک محدود حکومت نہیں ہے بلکہ آج سندھ، پنجاب و بلوچستان میں وفاق کی اتحادی حکومتیں قائم ہیں۔

18 ویں ترمیم کے بعد صوبوں کو جو مالی و انتظامی اختیارات حاصل ہوئے، اس کے نتیجے میں صوبے وفاق سے زیادہ مالی وسائل کے حامل ہیں اور ان کے مقابلے میں وفاق مالی طور پر کمزور اور صوبوں کا محتاج بنا ہوا ہے جسے ملک کے دفاع پر خاصی توجہ دینا ہے۔

وفاق کے پاس اہم محکمے بھی ہیں مگر ان وفاقی محکموں کے پاس 18 ویں ترمیم سے قبل کے مالی اختیار نہیں ہیں اور وہ اپنے اخراجات کم نہیں کر رہا تاکہ مالی طور پر مستحکم ہو اور وہ وفاقی ذمے داری پوری کرے جو آئین کے مطابق اس کی ذمے داری بنتی ہے۔ صوبے اب بھی وفاق کو آنکھیں دکھا کر اپنے آئینی حقوق نہیں لے پا رہے تو جو صوبوں کی جائز شکایتیں ہیں وہ وفاق کو دور کرنے پر توجہ دینی چاہیے مگر وفاق ایسا نہیں کر رہا اور اس کا سارا زور مہنگائی بڑھانے پر ہے تو صوبوں کی بھی ذمے داری ہے کہ وہ اپنے صوبوں میں امن و امان کی صورت حال بہتر بنائیں اور مہنگائی پر کنٹرول کی اپنی آئینی ذمے داری پوری کریں جو سندھ، کے پی و بلوچستان حکومتیں پنجاب کے مقابلے میں پوری نہیں کر رہیں اور ان حکومتوں میں عوام زیادہ پریشان ہیں۔

صحافی ڈیوڈ انریچ کی دو منتخب کتب

ڈاکٹر نوید اقبال انصاری

ڈیوڈ انریچ (David Enrich) امریکا کے ایک عالمی شہرت یافتہ انویسٹی گیٹو جرنلسٹ ہیں۔ ان کا پورا کیریئر طاقتور اداروں اور مالیاتی نظام کی چھان بین پر مبنی رہا ہے۔ یہ نیو یارک ٹائم میں بزنس انویسٹی گیشن ایڈیٹر بھی ہیں جب کہ اس سے قبل وہ ”دی وال اسٹریٹ جرنل“ سے بھی وابستہ رہے۔ ان کے خاص موضوعات میں بینکنگ اسکینڈلز، کارپوریٹ کرپشن اور سیاسی و مالیاتی طاقت جیسے موضوعات شامل رہے ہیں۔ ان کی کئی کتابیں منظر عام پر آ چکی ہیں جن میں سے ایک ”ڈارک ٹاورز“ اور ”مرڈر دی ٹرتھ“ خاصی نمایاں اور اہم کتابیں ہیں۔

یہ طاقتور لوگوں اور اداروں کو بے نقاب کرنے والے صحافی کے طور پر جانے جاتے ہیں، چنانچہ ان کی لکھی گئی کتابیں ہمارے صحافت کے طلبہ کے لیے بھی نہایت اہمیت کی حامل ہیں، خاص کر صحافت کے ایسے طلبہ جو رپورٹنگ اور خاص کر انویسٹی گیٹو رپورٹنگ میں دلچسپی رکھتے ہوں اور اس میں اپنا نام بنانا چاہتے ہوں۔ ویسے پاکستان جیسے ملک میں انویسٹی گیٹو رپورٹنگ کرنا خاصہ مشکل کام ہے کیونکہ اس میں خطرات بہت زیادہ ہیں۔ ہمارے سامنے کئی نام ایسے ہیں کہ جنھوں نے انویسٹی گیٹو رپورٹنگ نہایت ایمانداری اور محنت سے کی مگر وہ قتل کر دیے گئے۔

بہرکیف انھوں نے اپنی کتاب ”ڈارک ٹاورز“ میں ایک مخصوص بینک کی کہانی کے ذریعے عالمی مالیاتی نظام کی خامیوں کو بے نقاب کیا ہے۔ جس میں انھوں نے انکشاف کیا ہے کہ صرف بینکنگ سروس جو کہ بینک کا کام ہوتا ہے، اس کے ذریعے درحقیقت عالمی سیاست کرپشن اور طاقت کے کھیل میں کیا کچھ کیا جا سکتا ہے۔ انھوں نے اس میں ثابت کیا ہے کہ بڑے بینک صرف مالیاتی ادارے نہیں بلکہ سیاسی اور عالمی طاقت کے مراکز بھی ہوتے ہیں۔

اس سلسلے میں انھوں نے ٹیسٹ کے طور پر ڈوئچے بینک (Deutsche Bank) کے کردار کو سامنے تفصیلی پیش کیا ہے جس میں بتایا ہے کہ اس بینک نے کس طرح سے ڈونلڈ ٹرمپ کو قرض دیا اور روسی منی لانڈرنگ اسکینڈل میں بھی کس طرح کردار ادا کیا، نیز اس ضمن میں کس طرح بینک کو بھاری جرمانے اور عالمی تنقید کا سامنا بھی کرنا پڑا۔ مصنف نے اس کتاب میں بینک کے اندر ہونے والی بدانتظامی، اخلاقی کمزوریوں اور قوانین کی خلاف ورزیوں کا تفصیل سے تذکرہ کیا، نشاندہی کی اور یہ بتایا کہ منافع کو کس طرح اخلاقیات پہ ہمیشہ ترجیح دی گئی۔ اس بات کی بھی نشاندہی کی گئی کہ ایماندار ملازمین کے مشوروں کو جان بوجھ کر نظرانداز کیا گیا۔

صحافی ڈیوڈ انریچ کے مطابق میڈیا اکثر ایسے مالیاتی اسکینڈلز کو بے نقاب تو کر دیتا ہے مگر مالیاتی نظام کی پیچیدگیاں اس قدر ہوتی ہیں کہ وجوہات کہیں چھپ جاتی ہے، یعنی میڈیا کے ذریعے اس کا وہ اثر اور نتیجہ نہیں نکلتا، جس قدر نکلنا چاہیے۔ ان کا کہنا ہے کہ مالیاتی کرپشن صرف ایک ملک کا مسئلہ نہیں بلکہ یہ گلوبل نیٹ ورک ہے۔

ڈونلڈ ٹرمپ کے حوالے سے بھی اس کتاب میں انکشافات ہیں۔ نوے کی دہائی میں ٹرمپ کے کئی بڑے کاروبار خاص طور پر ”کیسینوز“ مالی بحران کا شکار ہوئے، تو ٹرمپ نے مختلف بینکوں سے قرضوں کے لیے رجوع کیا۔ امریکی بینکوں نے انھیں ہائی رسک کلائنٹ قرار دے کے قرضہ دینا تقریباً بند کر دیا لیکن اس مرحلے پر ٹرمپ کو مذکورہ بینک نے قرض دینا شروع کر دیا اور سیکڑوں ملین سے لے کر اربوں ڈالر تک کے مختلف پروجیکٹس کے لیے قرضے دیے۔

اس مسئلے پر بینک کے ملازمین میں بہت اختلاف بھی تھا مگر پھر بھی ٹرمپ کو قرضہ دیا گیا۔ مصنف کے مطابق مذکورہ بینک کے ساتھ ٹرمپ کے غیر معمولی تعلقات تھے جس پر بینک کے اندر بھی اختلاف تھا۔ بینک کے ایماندار ملازمین کے مشوروں کو نظرانداز کیا گیا ٹرمپ کی مخالفت کرنے پر بینک ملازمین کے کیریئر خطرے میں پڑ گئے۔ بینک میں ایک خوف کا کلچر تھا۔

ڈیوڈ انریچ (David Enrich) کی دوسری کتاب Murder the truth ایک تحقیقی قسم کی کتاب ہے، جو میڈیا کو دبانے کے جدید طریقوں اور طاقتور طبقات کے کردار اور قانونی نظام کے غلط استعمال کو تفصیل سے بے نقاب کرتی ہے۔ صحافی ڈیوڈ نے اس کتاب میں بتانے کی کوشش کی ہے کہ موجودہ دور میں سچ کو دبانے کے لیے براہ راست سنسرشپ کا سہارا نہیں لیا جاتا بلکہ قانونی، مالی اور سیاسی دباؤ کو استعمال کیا جاتا ہے۔

صحافی ڈیوڈ لکھتا ہے کہ میڈیا کے حوالے سے ایک منظم کوآرڈینیٹڈ (coordinated) مہم چل رہی ہے جس کا مقصد صحافیوں، میڈیا کے اداروں اور ناقدین کو خاموش کرنا ہے۔ مصنف نے انکشاف کیا ہے کہ طاقتور لوگ ڈیفیمیشن (ہتک عزت) کے مقدمات کو ہتھیار کے طور پر استعمال کرتے ہیں لیکن ان کا مقصد انصاف حاصل کرنا نہیں بلکہ صحافیوں کو ڈرانا اور مالی طور پر کمزور کرنا ہوتا ہے، جس کے نتیجے میں چھوٹے اخبارات اور صحافی، مہنگے مقدمات کی وجہ سے دیوالیہ ہونے کے قریب پہنچ جاتے ہیں، یوں بعض اوقات صرف مقدمہ دائر کرنے کی دھمکی ہی خبر روک دینے کے لیے کافی ہوتی ہے۔

مصنف کا خیال ہے کہ بڑے بڑے سیاستدان ارب پتی شخصیات اور بڑے ادارے میڈیا پر دباؤ ڈالنے میں شامل ہیں اور یہ میڈیا کے خلاف مقدمات لڑنے میں مہارت رکھتے ہیں، یہ ایک پاور نیٹ ورک ہے۔ جس میں سیاست دان، ججز، امیر سرمایہ کار اور کارپوریٹ مفادات کے علاوہ خوف کا ماحول بھی شامل ہے۔

اس ضمن میں مصنف نے ایک اصطلاح، chilling effect استعمال کی ہے، جس کا مطلب ہے ایک ایسا ماحول جہاں صحافی خود ہی حساس موضوعات پر لکھنے سے گریز کریں اور میڈیا ادارے خطرناک سچ سے دور رہیں۔ مصنف کا کہنا ہے کہ اس کے نتیجے میں ہزاروں مقامی اخبارات بند ہو چکے ہیں یوں تحقیقاتی جرنلزم کم ہو رہی ہے، البتہ فیک نیوز اور مس انفارمیشن بڑھ رہی ہے۔

مصنف کے خیال میں جو حربے پہلے آمریتوں میں استعمال ہوتے تھے، اب وہ جمہوری ممالک میں بھی استعمال ہو رہے ہیں۔ صحافی ڈیوڈ اسے قانونی طریقے سے آزادی کو محدود کرنا قرار دیتا ہے۔ ڈیوڈ کے مطابق اس رجحان سے صحافت دن بدن کمزور ہو رہی ہے اور مزید کمزور ہوگی، اس کے نتیجے میں عوام کو درست معلومات نہیں ملیں گی اور جمہوریت بھی متاثر ہوگی۔ امریکی صحافی کی یہ دونوں کتب ان کی انویسٹی گیٹو رپورٹنگ کوششوں کا نتیجہ ہے یعنی انھوں نے جو کچھ دیکھا اس کی تحقیق کی، اس کو قلم بند کر دیا اور حقائق لوگوں تک پہنچا دیے۔

ان حقائق سے پتہ چلتا ہے کہ بیرونی ممالک خواہ وہ کتنے ہی ترقی یافتہ اور ماڈرن ہوں، کرپشن، بدعنوانی بلاشبہ اخلاقیات اور قانون پر حاوی ہے اور یہ سلسلہ بین الاقوامی سطح پر پھیلا ہوا ہے۔ جب ٹرمپ جیسے لوگ بھی پیسے کی طاقت اور بل بوتے پر اپنے تمام جائز ناجائز کام کروا لیتے ہوں تو اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ بینکنگ جیسے نظام کو جسے ہم بہت مضبوط سمجھتے ہیں کرپشن کے آگے کس قدر کمزور ہے جب کہ میڈیا جس کی آزادی کی باتیں دنیا بھر میں کی جاتی اور خاص کر تمام ترقی یافتہ ممالک جو یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ان کے ہاں صحافت قطعی آزاد ہے، یہ دعوے کس قدر کمزور اور جھوٹے ہیں۔

مذکورہ صحافی نے اپنی تحریر میں یہ بات تسلیم کی ہے کہ بینک میں ہونے والی اس بدعنوانی اور کرپشن کے خلاف میڈیا کی آواز موثر نہیں، میڈیا جو آواز اٹھاتا ہے وہ بھی اثر نہیں رکھتی۔ بہرکیف ڈیوڈ انریچ نے بطور صحافی اور بطور مصنف دنیا کو بتانے کی کوشش کی ہے کہ بینکنگ کا نظام بھی عالمی سطح پر منی لانڈرنگ اور کرپشن مختلف شکلوں میں موجود ہے اور میڈیا بھی اپنا صحافتی حق ادا کرنے سے قاصر ہے۔

انٹرنیشنل

لبنان کے شہر بیروت میں المزرہ میں بدھ کے روز اسرائیلی حملے کے مقام پر جلی ہوئی کاریں

آبنائے ہرمز کو غیر مشروط کھولا جانا چاہیے، اماراتی آئل چیف

دبئی (این این آئی) متحدہ عرب امارات کی سرکاری تیل کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سلطان احمد الجابر نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز کو فوری طور پر غیر مشروط کھولا جانا چاہیے۔غیرملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق سلطان احمد الجابر سوشل میڈیا پر بیان جاری کرتے ہوئے آبنائے ہرمز کو کھولنے کا مطالبہ کیا ہے۔انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم لنکڈ ان پر اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ آبنائے ہرمز اس وقت بند ہے اور اسے فوری طور پر بغیر کسی شرط کے کھولا جانا ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز ایک اہم قدرتی آبی گزرگاہ ہے، جس پر بین الاقوامی قوانین لاگو ہوتے ہیں اور یہ قوانین آمدورفت کے حق کی ضمانت دیتے ہیں، جو عالمی توانائی کی ترسیل کے لیے نہایت اہم حیثیت رکھتی ہے۔



پاکستانی رینجرز اسلام آباد میں ایوان صدر کے قریب گشت کر رہی ہے

غزہ میں اسرائیلی ڈرون حملہ، الجزیرہ کے صحافی محمد وشاح شہید

محمد وشاح 2018 سے الجزیرہ کے ساتھ وابستہ تھے اور غزہ میں جاری جنگ کی مسلسل کوریج کر رہے تھے

غزہ (این این آئی) غزہ سٹی کے مغرب میں اسرائیلی ڈرون حملے میں الجزیرہ مباشر کے صحافی محمد وشاح شہید ہو گئے۔الجزیرہ میڈیا نیٹ ورک کے مطابق حملہ الرشید اسٹریٹ پر اس وقت کیا گیا جب محمد وشاح ایک گاڑی میں سفر کر رہے تھے، حملے کے نتیجے میں گاڑی آگ کی لپیٹ میں آ کر مکمل طور پر تباہ ہوگئی۔الجزیرہ میڈیا نیٹ ورک نے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے صحافیوں کو نشانہ بنانے اور آزاد صحافت کو دبانے کی کوشش قرار دیا ہے۔ادارے کے مطابق محمد وشاح 2018 سے الجزیرہ کے ساتھ وابستہ تھے اور غزہ میں جاری جنگ کی مسلسل کوریج کر رہے تھے۔غزہ میں الجزیرہ کے رپورٹر ابراہیم الخلیلی کے مطابق مرکزی سڑک پر حملہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ امریکی ثالثی میں ہونے والی جنگ بندی کے باوجود اسرائیلی کارروائیاں جاری ہیں اور صورتِ حال مزید سنگین ہو رہی ہے۔واضح رہے کہ اکتوبر 2023 سے اب تک اسرائیلی حملوں میں کم از کم 262 صحافی شہید ہو چکے ہیں۔غزہ حکومت کے میڈیا آفس کے مطابق فلسطینی صحافیوں کو منظم طریقے سے نشانہ بنایا جا رہا ہے جبکہ عالمی صحافتی تنظیموں سے اس کی مذمت کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔میڈیا آفس کے مطابق جنگ بندی کے بعد بھی تقریباً 2000 خلاف ورزیاں ریکارڈ کی گئی ہیں۔غزہ کی وزارتِ صحت کے اعداد و شمار کے مطابق اکتوبر 2023 سے اب تک 72000 سے زائد فلسطینی جاں بحق اور 171000 سے زیادہ زخمی ہو چکے ہیں جبکہ جنگ بندی کے بعد مزید 733 افراد ہلاک اور 2034 زخمی ہوئے ہیں۔

لبنان پر حملے جنگ بندی مذاکرات کو بے معنی بنادیں گے، ایرانی صدر

لبنان میں اسرائیل کے حملوں سے جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی ہوئی ہے، ایران لبنانی عوام کو تنہا نہیں چھوڑے گا، مسعود پزشکیان

جنگ بندی تجاویز میں لبنان اور تمام مزاحمتی محور شامل ہیں، جنگ بندی خلاف ورزیوں کی بھاری قیمت اوران کا سخت ردعمل ہوگا، ایرانی سپیکر

تہران (این این آئی) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ لبنان پر حملے جنگ بندی مذاکرات کو بے معنی بنادیں گے۔اپنے بیان میں ایرانی صدر نے کہا کہ لبنان میں اسرائیل کے حملوں سے جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی ہوئی ہے، ایران لبنانی عوام کو تنہا نہیں چھوڑے گا۔انہوں نے کہا کہ لبنان پر اسرائیلی حملہ، ممکنہ معاہدوں کے حوالے سے دھوکہ دہی کی خطرناک علامت ہیں، جارحیت جاری رہی تو مذاکرات بے معنی ہو جائیں گے، ہماری انگلیاں ٹریگر پر رہیں گی، ایران اپنے لبنانی بہن بھائیوں کو تنہا نہیں چھوڑے گا۔علاوہ ازیں ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر قالیباف نے اپنے بیان میں کہا کہ جنگ بندی تجاویز میں لبنان اور تمام مزاحمتی محور شامل ہیں، جنگ بندی خلاف ورزیوں کی بھاری قیمت اوران کا سخت ردعمل ہوگا۔محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ بات چیت سے پہلے ہی 10 نکاتی تجاویز کے 3 اہم نکات کی خلاف ورزی کردی گئی۔انہوں نے کہا کہ ایران کی فضائی حدود میں ڈرون کی دراندازی ہوئی، ایران کے یورینیئم افزودگی کے حق کی نفی کی گئی اور لبنان میں بھی جنگ بندی کی خلاف ورزی کی گئی۔باقر قالیباف نے کہا کہ اس ساری صورتحال میں دوطرفہ جنگ بندی یا مذاکرات غیر معقول ہیں۔ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر کے بیان پر ردعمل میں امریکی نائب صدر نے کہا کہ قالیباف کا ٹوئٹ دیکھا ہے، یہ پندرہ نکاتی پلان ہے، اگر صرف تین نکات پر اختلاف ہے تو اچھی بات ہے کہ بہت سی باتوں پر اتفاق ہے۔جنگ بندی تجاویز میں لبنان اور تمام مزاحمتی محور شامل ہیں، جنگ بندی خلاف ورزیوں کی بھاری قیمت اوران کا سخت ردعمل ہوگا، ایرانی سپیکر، جنگ بندی تجاویز میں لبنان اور تمام مزاحمتی محور شامل ہیں، جنگ بندی خلاف ورزیوں کی بھاری قیمت اوران کا سخت ردعمل ہوگا، ایرانی سپیکر

24 گھنٹوں میں صرف ایک آئل ٹینکر، 5 کارگو جہاز آبنائے ہرمز سے گزرے

تہران (این این آئی) آبنائے ہرمز شپ ٹریکنگ ڈیٹا کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں صرف ایک آئل ٹینکر اور پانچ ڈرائی بلک کارگو جہاز اس اہم سمندری راستے سے گزرے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق 28 فروری کو ایران کے خلاف جنگ شروع ہونے سے قبل روزانہ اوسط تقریباً 140 جہاز آبنائے ہرمز سے گزرتے تھے۔گزشتہ 24 گھنٹوں میں دو ایرانی پرچم بردار جہاز آبنائے ہرمز سے گزرے۔

بھارت، رقم دگنی کرنے کا جھانسہ، 75 سالہ ڈاکٹر 12 کروڑ روپے سے ہاتھ دھو بیٹھا

بھارتی میڈیا کے مطابق تقریباً 3 ماہ تک رقم منتقل کرنے کے بعد جب کوئی منافع واپس نہ ملا

پونے (این این آئی) بھارت کے شہر پونے میں سائبر ٹھگوں نے 75 سالہ ڈاکٹر کو سرمایہ کاری کے نام پر دھوکا دے کر 12.31 کروڑ ہتھیا لیے، ملزمان نے ضعیف ڈاکٹر کو صرف 11 دن میں رقم دگنی کرنے اور بھاری منافع دلانے کا جھانسہ دیا تھا۔بھارتی میڈیا کے مطابق فراڈ کا آغاز جنوری میں اس وقت ہوا جب ڈاکٹر کو ایک نامعلوم نمبر سے پیغام موصول ہوا، اس پیغام میں اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری کے ذریعے غیر معمولی منافع کمانے کی پیشکش کی گئی تھی۔دلچسپی ظاہر کرنے پر متاثرہ شخص کو ایک واٹس ایپ گروپ میں شامل کیا گیا جہاں جعلی سرمایہ کاری سے متعلق منصوبے شیئر کیے جاتے رہے۔ملزمان نے ڈاکٹر کو ایک جعلی ٹریڈنگ ایپ استعمال کرنے کی ہدایت کی جو ایک معروف بین الاقوامی کمپنی سے مشابہ نام رکھتی تھی، ایپ میں سرمایہ کاری اور منافع کی جعلی تفصیلات دکھا کر اعتماد حاصل کیا گیا۔بھارتی میڈیا کے مطابق 7 مارچ سے 18 مارچ کے درمیان متاثرہ شخص نے 8 مختلف بینک اکاؤنٹس میں مجموعی طور پر 12.31 کروڑ روپے منتقل کیے۔پولیس کے مطابق جب ڈاکٹر نے مزید رقم دینے میں ہچکچاہٹ دکھائی تو ملزمان نے مبینہ طور پر جائیداد ضبط کرنے کی دھمکیاں بھی دیں۔بھارتی میڈیا کے مطابق تقریباً 3 ماہ تک رقم منتقل کرنے کے بعد جب کوئی منافع واپس نہ ملا اور مزید رقم کا مطالبہ جاری رہا تو ڈاکٹر کو دھوکے کا احساس ہوا۔

لبنان کے شہر ٹائر کے عباسیہ میں کل اسرائیلی حملوں میں ہلاک ہونے والے چھ خواتین اور ایک مرد کی نماز جنازہ کے دوران لوگ ایک مسجد سے لاشیں منتقل کر رہے ہیں

شمالی بحرِ اوقیانوس میں روسی آبدوزوں کی سرگرمیوں کو ایک ماہ تک ٹریک کیا، برطانیہ

لندن (این این آئی) برطانوی وزیر دفاع جان ہیلی نے کہا ہے کہ برطانیہ نے شمالی بحرِ اوقیانوس میں روسی آبدوزوں کی سرگرمیوں کو ایک ماہ تک ٹریک کیا۔ جان ہیلی نے کہا کہ روسی سرگرمیوں کے پیش نظر برطانوی افواج کو متحرک کیا گیا۔برطانوی افواج نے روسی آبدوزوں کی نقل و حرکت پر کڑی نظر رکھی۔انہوں نے کہا کہ برطانیہ نے روسی آبدوزوں کو برطانوی سمندری حدود سے دور رکھنے کے اقدامات کیے۔جان ہیلی نے کہا کہ روسی آبدوزیں برطانوی حدود سے نکل کر شمال کی جانب چلی گئی ہیں، برطانیہ کو زیرِ سمندر کیبلز اور پائپ لائنز کے قریب ہونے والی سرگرمیوں کا مکمل علم ہے۔



لبنان کے شہر بیروت میں تلت الخیاط میں بدھ کو کیے گئے اسرائیلی حملے کے مقام پر ایک شخص تباہ شدہ عمارت کے قریب کھڑا ہے۔

سپورٹس SPORTS

سڈنی: سڈنی اولمپک پارک ایتھلیٹک سنٹر میں 2026 آسٹریلین ایتھلیٹکس چیمپئن شپ کے دوران مردوں کی 100 میٹر ابتدائی ہیٹس میں حریف ابتدائی بلاکس سے باہر نکل رہے ہیں

وویمن فٹبال تاریخی فتح وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کے نام

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان فٹبال فیڈریشن (پی ایف ایف) کے صدر سید محسن گیلانی نے فیفا سیریز کے پہلے میچ میں پاکستان ویمنز ٹیم کی ریکارڈ ساز کامیابی پر پوری قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے جیت وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کے نام کردی۔اپنے بیان میں محسن گیلانی نے کہا کہ ایک ایسے وقت میں جب ہمارے وزیراعظم اور فیلڈ مارشل امن کے لیے تاریخی کردار ادا کر رہے ہیں، ہماری بیٹیوں نے فٹبال کے میدان میں تاریخ رقم کی ہے۔ہم یہ کامیابی اپنی قیادت کی لگن اور عزم کے نام کرتے ہیں۔محسن گیلانی نے مزید کہا کہ ہم بھی اپنی ذمہ داری نبھاتے ہوئے پاکستان کا نام فٹبال کے میدان میں روشن کریں گے۔ پاکستان ویمنز فٹبال کے لیے سنہری دور کا آغاز ہو چکا ہے اور ہماری کھلاڑی دنیا کو دکھا رہی ہیں۔

میلبورن: جان کین ایرینا میں آسٹریلیا اور برطانیہ کے درمیان گین برج کوالیفائر میچ میں برطانیہ کی میکا اسٹوجیوچ ایک پیشانی کھیل رہی ہے

تیز ترین رنز، بابراعظم نے جارح مزاج بیٹر کرس گیل کو پیچھے چھوڑ دیا

بابراعظم ٹی 20 کرکٹ میں تیز ترین 12000 رنز بنانے والے کھلاڑی بن گئے

کراچی (این این آئی) بابراعظم نے ٹی ٹوئنٹی کا ایک اور ریکارڈ اپنے نام کرتے ہوئے جارح مزاج بیٹر کرس گیل کو پیچھے چھوڑ دیا۔ بابراعظم ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں تیز ترین 12 ہزار رنز مکمل کرنے والے کھلاڑی بن گئے ہیں۔انہوں نے یہ سنگ میل پشاور زلمی کی جانب سے کھیلتے ہوئے پی ایس ایل 11 میں کراچی کنگز کیخلاف میچ میں عبور کیا۔پاکستانی اسٹار بیٹر نے 338 اننگز میں 12 ہزار ٹی ٹوئنٹی رنز مکمل کیے اور ویسٹ انڈیز کے کرس گیل کا ریکارڈ توڑا۔کرس گیل نے 343 اننگز میں 12 ہزار رنز مکمل کیے تھے جبکہ اس فہرست میں 360 اننگز میں سنگ میل عبور کرکے ویرات کوہلی تیسرے اور ڈیوڈ وارنر 368 اننگز میں 12 ہزار رنز بنا کر فہرست میں چوتھے نمبر پر آگئے ہیں۔علم میں رہے کہ بابراعظم 12 ہزار ٹی ٹوئنٹی رنز بنانے والے دوسرے پاکستانی کھلاڑی ہیں، ان سے قبل شعیب ملک یہ سنگ میل عبور کر چکے ہیں، ان کے رنز کی تعداد 13,571 ہے۔پی ایس ایل 11 میں کراچی کنگز کیخلاف میچ میں عبور کیا۔پاکستانی اسٹار بیٹر نے 338 اننگز میں 12 ہزار ٹی رنز مکمل کیے اور ویسٹ انڈیز کے کرس گیل کا ریکارڈ توڑا۔کرس گیل نے 343 اننگز میں 12 ہزار رنز مکمل کیے تھے جبکہ اس فہرست میں 360 اننگز میں سنگ میل عبور کرکے ویرات کوہلی تیسرے اور ڈیوڈ وارنر 368 اننگز میں 12 ہزار رنز بنا کر فہرست میں چوتھے نمبر پر آگئے ہیں بابر اعظم ٹی 20 کرکٹ میں تیز ترین 12000 رنز بنانے والے کھلاڑی بن گئے جبکہ اس فہرست میں 360 اننگز میں سنگ میل عبور کرکے ویرات کوہلی تیسرے اور ڈیوڈ وارنر 368 اننگز میں 12 ہزار رنز بنا کر فہرست میں چوتھے نمبر پر آگئے ہیں۔

ترجیح انفرادی کارکردگی کے بجائے ٹیم کی کامیابی اور ہدف کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کیلئے ٹرافی جیتنا ہے، ابراراحمد

ٹیم نے مجموعی طور پر اچھی کرکٹ کھیلی ہے، امید ہے کراچی کے مرحلے میں کارکردگی میں مزید بہتری آئے گی، لیگ اسپنر کی گفتگو

کراچی (این این آئی) کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے لیگ اسپنر ابراراحمد نے ٹیم کیلئے نئے مرحلے میں بہتر کارکردگی دکھانے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ایک انٹرویو میں ابراراحمد نے کہا کہ ٹیم پہلے مرحلے کو بھلا کر کراچی میں نئی شروعات کرنا چاہتی ہے کیونکہ لاہور میں ابتدائی مرحلہ ان کے لیے توقعات کے مطابق نہیں رہا۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ کراچی کی وکٹیں اسپنرز کے لیے مددگار ثابت ہوں گی اور وہ یہاں سے اپنی مہم کا کامیاب آغاز کریں گے۔ابراراحمد نے کہا کہ کچھ میچز ایسے تھے جو ٹیم جیت سکتی تھی لیکن مڈل آرڈر بیٹنگ میں غلطیوں کے باعث شکست کا سامنا کرنا پڑا، انہوں نے اعتراف کیا کہ اسلام آباد اور کراچی کے خلاف میچز میں بھی ٹیم کے پاس جیت کے مواقع موجود تھے تاہم وہ فائدہ نہ اٹھا سکے۔انہوں نے کہا کہ ٹیم نے مجموعی طور پر اچھی کرکٹ کھیلی ہے اور امید ہے کہ کراچی کے مرحلے میں کارکردگی میں مزید بہتری آئے گی۔اپنے ذاتی اہداف کے حوالے سے ابراراحمد نے واضح کیا کہ ان کی ترجیح انفرادی کارکردگی کے بجائے ٹیم کی کامیابی ہے، میرا ہدف صرف یہ ہے کہ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے لیے ٹرافی جیتوں۔انہوں نے کہا کہ اگر وہ اچھی اکانومی کے ساتھ کارکردگی دکھائیں گے تو اس کا فائدہ ٹیم کو ہوگا اور ٹیم فائنل تک رسائی حاصل کر سکے گی۔ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں بولرز کو درپیش چیلنجز پر بات کرتے ہوئے ابراراحمد نے کہا کہ موجودہ دور میں بیٹنگ کے لیے سازگار کنڈیشنز کے باعث بولرز کو زیادہ اسمارٹ ہونا پڑتا ہے، کامیابی کے لیے ضروری ہے کہ بولر وکٹ اور میچ کی صورتحال کو سمجھتے ہوئے حکمت عملی ترتیب دے اور بیٹرز کی مضبوطی اور کمزوری کو مدنظر رکھ کر بولنگ کرے۔کراؤڈ کی عدم موجودگی پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شائقین کی موجودگی میچ کا حسن بڑھاتی ہے اور کھلاڑیوں کے لیے حوصلہ افزائی کا باعث بنتی ہے، انہوں نے امید ظاہر کی کہ حالات بہتر ہونے کے ساتھ آئندہ میچز میں شائقین کو اسٹیڈیم کا رخ کرنے کی اجازت نہ جائے گیدی ہنڈریڈ میں شمولیت اور اس پر ہونیوالی گفتگو پر ابرار نے کہا کہ میرا کام صرف کرکٹ کھیلنا ہے، چاہے میں کہیں بھی کھیلوں، میری توجہ صرف اپنی کارکردگی پر ہوتی ہے۔ابراراحمد نے اس عزم کا اظہار کیا کہ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کراچی مرحلے میں بہتر کھیل پیش کرتے ہوئے ایونٹ میں مضبوط کم بیک کرے گی

نیشنل ویمنز ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ، سٹرائیکرز نے چیلنجرز کو آٹھ وکٹوں سے شکست دے دی

لاہور (این این آئی) نیشنل ویمنز ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ، سٹرائیکرز نے چیلنجرز کو آٹھ وکٹوں سے شکست دے دی۔تفصیلات کے مطابق چیلنجرز پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 93 رنز پر آؤٹ ہوئی بشرا سندھو کی شاندار بولنگ، تین وکٹیں حاصل کیں۔سائرہ جبیں اور صدف شمس کی عمدہ بیٹنگ، سٹرائیکرز نے ہدف 9.5 اوورز میں حاصل کر لیا۔دن کے دوسرے میچ میں انوینسبلز نے کانکررز کو 10 وکٹوں سے شکست دے دی۔کانکررز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 150 رنز بنائے۔گل فیروزہ اور منیبہ علی کی ناقابل شکست شراکت، ہدف 15.1 اوورز میں مکمل۔

ثانیہ اشفاق کا عماد وسیم پر بچوں سے بے رخی کا الزام، چونکا دینے والے انکشافات

میرا بیٹا زیان خود کو نظرانداز اور تنہا محسوس کرتا ہے، اس کے والد نے کبھی اس سے ملنے کی کوشش نہیں کی، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) قومی کرکٹر عماد وسیم کی سابقہ اہلیہ ثانیہ اشفاق نے حالیہ بیان میں اپنے سابق شوہر پر بچوں سے لاتعلقی اور بے رخی کے سنگین الزامات عائد کر دیے۔میڈیا رپورٹ کے مطابق ثانیہ اشفاق نے انکشاف کیا ہے کہ طلاق کے بعد میں اکیلے ہی اپنے 3 بچوں کی پرورش کر رہی ہوں جبکہ عماد وسیم کی جانب سے کسی قسم کی مالی معاونت نہیں کی جا رہی۔انہوں نے کہا کہ عماد وسیم نے اپنے نومولود بیٹے سے صرف ایک بار ملاقات کی، وہ بھی اس وقت جب میں خود زبردستی بچے کو ان سے ملوانے لے کر گئی تھی۔ثانیہ اشفاق نے کہا کہ میرا بیٹا زیان خود کو نظرانداز اور تنہا محسوس کرتا ہے کیونکہ اس کے والد نے کبھی اس سے ملنے کی کوشش نہیں کی۔انہوں نے ایک سوال و جواب کے سیشن کے دوران اپنی موجودہ زندگی پر بات کرتے ہوئے کہا کہ میں تمام تر مشکلات کے باوجود اپنے بچوں کی پرورش خود کر رہی ہوں اور اس صورتِ حال نے مجھے شدید صدمہ پہنچایا ہے۔انہوں نے کہا کہ میں نے کبھی نائلہ راجہ سے براہِ راست بات نہیں کی، نائلہ نے عماد وسیم سے میرا نمبر بلاک کروایا ہے تاکہ وہ بچوں سے دور رہیں۔یاد رہے کہ عماد وسیم نے حال ہی میں سوشل میڈیا انفلوئنسر نائلہ راجہ سے شادی کی ہے، جن کے ساتھ ان کے تعلقات اس وقت سامنے آئے جب وہ پہلے سے شادی شدہ تھے۔واضح رہے کہ عماد وسیم اور ثانیہ اشفاق کی شادی 2019ء میں ہوئی تھی جبکہ ان کی طلاق دسمبر 2025ء میں ہوئی تھی۔

کومو کے میکسیمو پیرون، سامنے Udinese اور Como کے درمیان Serie A فٹ بال میچ کے دوران Udinese کے Nicolo Zaniolo کے ساتھ گیند کے لیے لڑ رہے ہیں

زمبابوے ویمنز کرکٹ ٹیم رواں ماہ پہلی بار پاکستان آئے گی

اسلام آباد (این این آئی) زمبابوے خواتین کرکٹ ٹیم پہلی بار دورہ پاکستان پر 29 اپریل کو کراچی پہنچے گی۔سیریز میں 6 وائٹ بال میچز کراچی میں کھیلے جائیں گے۔3 ون ڈے میچز آئی سی سی ویمنز چیمپئن شپ 2025-29ء کا حصہ ہوں گے۔تمام میچز نیشنل بینک اسٹیڈیم کراچی میں کھیلے جائیں گے۔ون ڈے انٹرنیشنل میچز 3، 6 اور 9 مئی کو دوپہر ساڑھے 3 بجے شروع ہوں گے۔ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سیریز 12، 14 اور 15 مئی کو کھیلی جائے گی۔ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز رات ساڑھے 7 بجے شروع ہوں گے۔مذکورہ ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سیریز ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کی تیاری میں مددگار ہوگی۔ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 12 جون سے 5 جولائی تک انگلینڈ اور ویلز میں کھیلا جائے گا۔پاکستان ویمنز ٹیم ورلڈ کپ سے قبل آئر لینڈ میں 3 ملکی سیریز بھی کھیلے گی۔

وولونگونگ: WIN اسٹیڈیم میں سینٹ جارج ایلوارا ڈریگنز اور مینلی سی ایگلز کے درمیان راؤنڈ چھ NRL میچ کے دوران ڈریگن کے ہمیش اسٹیورٹ سے نمٹا گیا

بقیہ 1

کچھ کے لئے ٹرانسپورٹ اور کلینک آن ویل بھیجنے کا بھی حکم دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر موبائل وٹرنری ہسپتال اور لیب بھی مہیا کی جائے گی۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ کچے کے علاقے میں پہلی مرتبہ جدید سولر انرجی سے چلنے والی ڈرون سرویلنس شروع کر دی گئی ہے۔ جدید ترین ڈرون 24 گھنٹے سے زائد فضاء میں پرواز کرنے کی صلاحیت سے مالا مال ہے۔ جدید ترین اے پی سی اور پولیس وین میں بھی سرویلنس کیمرے نصب ہوں گے۔ کچھ کے علاقوں میں تھانوں اور چیک پوسٹوں میں بھی سیف سٹی مانیٹرنگ کی جائے گی۔ اجلاس کو بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ کچھ میں امن وامان کے لئے 1.7 ارب، سوشل انفراسٹر پر 9.13 ارب اور دیگر امور پر 7.1 ارب روپے خرچ کیے جائیں گے۔ کچھ ایریا میں 6551 طالبات کو سکول میل ملک پیک، 300 طلبہ کو ہونہار سکالر شپ اور 300 کو لیپ ٹاپ بھی ملیں گے۔ کچھ میں 108 کلومیٹر طویل سولنگ اور روڈز کی 144 کلومیٹر طویل 27 سکیمیں مکمل کی جائیں گی۔ کچے کے 65 سکولوں کی تعمیر و بحالی اور اپ گریڈیشن کے ساتھ 16 نئے سکول اور دو گرلز کالج بھی بنائے جائیں گے۔ کچھ کے ایریا میں مثالی گاؤں پراجیکٹ بھی شروع کرنے کی منظوری، سیوریج، ڈرینج اور سپورٹس پراجیکٹ بھی شروع کیے جائیں گے۔ کچھ میں 125 ملین روپے کی لاگت سے سکلز پراجیکٹ بھی شروع کیے جائیں گے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ کچے کے علاقے میں نادرا رجسٹریشن بھی شروع کر رہے ہیں۔ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ اور ب فارم بنائے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کچھ میں ڈیوٹی کرنے والے جوانوں اور افسروں کے لئے ہارڈ ایریا الاؤنس کی منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کچھ ایریا کے لئے ناجائز اسلحہ کی واپسی کے پلان کی بھی منظوری دے دی۔ متعلقہ تھانے میں اسلحہ واپسی کی ڈیجیٹل مانیٹرنگ ہوگی اور اسلحہ کی افادیت کے مطابق پیسے ملیں گے۔ اجلاس میں کچھ کی مرکزی سڑکوں کے کناروں پر لمبے پودوں والی فصلیں لگانے پر پابندی کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ترقی اور خوشحالی پنجاب کے دوسروں لوگوں کی طرح کچھ کے ہر فرد کا حق ہے۔ کچھ کو ترقی دے کر محفوظ، مثالی اور بہترین علاقہ بنائیں گے۔ اب کچھ ترقی کرے گا، کچھ کے لوگ خوشحال ہوں گے اور باعزت روزگار کمائیں گے۔

بقیہ 2

سفارتی کوششیں کر رہا ہے، وزیراعظم کے ایران، سعودی عرب، قطر سمیت دیگر ممالک کی قیادت سے رابطے ہوئے ہیں۔ نیوز بریفنگ کے دوران ترجمان دفتر خارجہ طاہر حسین اندرابی کا کہنا تھا کہ ترکیہ کے صدر نے وزیراعظم پاکستان کی امن کوششوں کو سراہا، ترکیہ پاکستان کی امن کوششوں کی مسلسل حمایت کر رہا ہے، وزیراعظم نے ایران کا وفد اسلام آباد بھیجنے کے فیصلے کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کا ایران اور سعودی عرب کی قیادت سے بھی رابطہ ہوا، شہباز شریف نے سعودی ولی عہد کی پاکستان کیلئے مسلسل حمایت پر شکریہ ادا کیا، پاکستان اور سعودی عرب کے برادرانہ اور مضبوط تعلقات ہیں، دونوں ممالک سٹریٹجک دفاعی شراکت دار ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیراعظم نے قطر کے امیر شیخ تمیم بن حمد الثانی سے ملاقات کی، قطری قیادت نے خطے میں کشیدگی کم کرنے میں پاکستان کے کردار کو سراہا، وزیراعظم سے یورپی کونسل کے صدر کی بھی بات ہوئی، دونوں رہنماؤں نے مذاکرات اور سفارتکاری کی اہمیت پر زور دیا۔ ترجمان نے بتایا کہ پاکستان خطے میں امن کیلئے کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے، وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں تمام فریقین سے رابطے جاری ہیں، امریکا اور ایران کے ساتھ سفارتی رابطے مسلسل برقرار ہیں، پیچیدہ مسائل کے حل کیلئے مذاکرات پر مبنی سفارتکاری پر یقین رکھتے ہیں۔ طاہر حسین اندرابی نے کہا کہ پاکستان صومالی لینڈ کو صومالیہ کا حصہ تصور کرتا ہے، پاکستان صومالیہ کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی حمایت کرتا ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے بتایا کہ افغانستان سے سرحد پار فائرنگ اور گولہ باری کی مذمت کرتے ہیں، ماضی میں بھی ایسے واقعات میں شہریوں کو نشانہ بنایا گیا، متاثرہ خاندانوں سے مکمل ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں، متاثرین کی مدد کیلئے تمام ممکنہ اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

بقیہ 3

جسمانی نشوونما کیلئے سنگین خطرہ ہیں، تدارک بڑا چیلنج، حکومت بچوں کے محفوظ مستقبل کو یقینی بنانے کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے۔ جمعرات کو وزیراعظم شہباز شریف سے یونیسیف کے وفد نے ملاقات کی جس میں بچوں کی صحت، پولیو کے خاتمے اور سیسے کے مضر اثرات کی روک تھام سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد کی قیادت پاکستان میں یونیسیف کی نمائندہ پرنیل آئرنسائیڈ کر رہی تھیں جبکہ دیگر اراکین میں سیسے سے پاک مستقبل کے سیکرٹریٹ کے ڈائریکٹر عبداللہ فاضل، سٹینفورڈ یونیورسٹی اسکول آف میڈیسن سے جینا فار سیتھ اور تھامس ہرڈ شامل تھے۔ ملاقات میں وفاقی وزرا احسن اقبال، مصطفیٰ کمال اور عائشہ رضا فاروق کے علاوہ متعلقہ اعلیٰ حکام بھی شریک ہوئے۔ وزیراعظم نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پاکستان بچوں کے محفوظ مستقبل کو یقینی بنانے کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پولیو کے خاتمے کو اولین ترجیح دیتا ہے اور ان شا اللہ اس موذی مرض کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ سیسے کے اثرات بچوں کی ذہنی وجسمانی نشوونما کیلئے سنگین خطرہ ہیں، جن کا تدارک ایک بڑا چیلنج ہے، تاہم حکومت اس حوالے سے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بین الاقوامی شراکت داروں کے تعاون سے سیسے کے مضر اثرات کی روک تھام کیلئے موثر حکمت عملی اپنائی جائے گی۔ اس موقع پر وفد کے ارکان نے وزیراعظم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں بچوں کو پولیو سمیت دیگر مہلک بیماریوں سے محفوظ بنانے کیلئے حکومتی اقدامات قابل ستائش ہیں۔ وفد نے اپنے حالیہ دورہ پاکستان کے دوران کیے گئے سروے کے نتائج سے بھی آگاہ کیا اور مختلف علاقوں میں سیسے کے پھیلا کی نشاندہی کی۔ وفد کے شرکا نے عوام میں سیسے کے نقصانات سے متعلق آگاہی بڑھانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ حکومت کی جانب سے صحت، تعلیم، نوجوانوں کی تربیت اور آئی ٹی کے شعبوں میں اٹھائے گئے اقدامات خوش آئند ہیں۔

بقیہ 4

فروغ، تسلسل اور استحکام میں وکلا برادری کا کردار اہم ہے، وکلاء سائلین کے لئے انصاف کی فراہمی آسان بنائیں، ٹیکس چوری کی روک تھام کے لئے بہتر اقدامات کی ضرورت ہے، کسانوں پر زرعی ٹیکس بہت بڑا ظلم ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس لاہور میں لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے نو منتخب عہدیداران سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ گورنر پنجاب سردار سلیم خان نے کہا کہ وکلاء برادری کی جمہوریت کی بحالی کے لیے جدوجہد اور قربانیاں تاریخی اہمیت رکھتی ہیں۔ وکلاء برادری کا انصاف کے حصول میں اہم کردار ہے۔ وکلاء کو چاہئے کہ وہ سائلین کے لیے انصاف کی فراہمی آسان بنائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹیکس بار وکلاء معاشرے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ ٹیکس بار وکلا اپنے کلائنٹس کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے لئے آسانیاں پیدا کریں۔ ٹیکس چوری کی روک تھام کے لئے بہتر اقدامات کی ضرورت ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ زراعت کے شعبے پر توجہ دے کر ملکی معیشت کو مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔ زرعی ٹیکس کسانوں پر بہت بڑا ظلم ہے، اصلاحات لانے کی ضرورت ہے۔ اس موقع پر لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے وکلانے گورنر پنجاب کو انہیں درپیش مختلف مسائل سے آگاہ کیا۔ گورنر پنجاب نے وکلاء کے مسائل کو حل کرنے کے لئے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ وفد میں عظیم حفیظ سیکرٹری اطلاعات پی ایل ایف پنجاب، شکیل پاشا اسسٹنٹ اٹارنی جنرل، شہزادہ عرفان اسسٹنٹ اٹارنی جنرل چوہدری قمر زمان، منشا سکھیرا، رانا ثاقب منیر، فاروق گجر، نوید اطہر کیانی، شہباز صدیق، رانا کاشف ولائیت، طاہر بٹ، و دیگر ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے ممبران موجود تھے۔ دریں اثنا، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے یوم مئی کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ آج پاکستان سمیت پوری دنیا مزدوروں کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔ ملک کی معاشی ترقی میں مزدور کا کلیدی کردار ہے جس سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ صنعتوں کا پہیہ رواں دواں رکھنے والے مزدور اور ورکرز ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دین اسلام محنت کا درس دیتا ہے اور ہمارا مذہب مزدور کے وقار کا اعتراف کرتے ہوئے اسے اللہ کا دوست قرار دیتا ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی مزدوروں، کسانوں اور پسے ہوئے طبقات کی جماعت ہے جس نے ہمیشہ ان کے حقوق کے لیے آواز بلند کی ہے۔ صنعت کار کو چاہیے کہ وہ ملک میں مزدور کی خوشحالی میں اپنا کردار متحرک طریقے سے ادا کریں۔

بقیہ 5

ویب ڈویلپمنٹ اور جدید ہنر سیکھنے کا یہ ایک اہم موقع ہے، جہاں انڈسٹری کی ڈیمانڈ کے مطابق نوجوانوں کو آگے بڑھنے کے وسیع مواقع میسر آئیں گے۔ انہوں نے گورنمنٹ شہدائے اے پی ایس میموریل گرلز ماڈل ہائی سکول، ماڈل ٹاؤن لاہور میں جدید کمپیوٹر لیب کے افتتاح کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس منصوبے پر ایک کروڑ روپے لاگت آئی ہے جبکہ آئندہ تین سال کی مینٹیننس بھی ترین ایجوکیشن فاؤنڈیشن کرے گی۔ انہوں نے بتایا کہ لیب میں سولر سسٹم بھی نصب کیا گیا ہے تاکہ بجلی کی بلا تعطل فراہمی ممکن بنائی جا سکے۔ جہانگیر خان ترین نے کہا کہ غریب اور امیر ہر بچے کا بنیادی حق ہے کہ اسے معیاری تعلیم اور یکساں مواقع میسر آئیں۔ انہوں نے کہا کہ حقیقی ترقی اسی وقت ممکن ہے جب متوسط اور محروم طبقات کے بچوں کو بھی وہی سہولیات فراہم کی جائیں جو باوسائل طبقے کو حاصل ہیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلباء اگر بیرون ملک جامعات میں داخلہ حاصل کرتے ہیں تو ترین ایجوکیشن فاؤنڈیشن ان کی معاونت، رہنمائی اور ممکنہ سہولیات فراہم کرے گی تاکہ باصلاحیت نوجوان عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن کر سکیں۔ جہانگیر خان ترین نے مزید کہا کہ ہمارا مستقبل ہمارے طالب علم ہیں، انہیں جدید تعلیم اور ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنا ہی پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی طارق محمود نے طلباء کو معیاری تعلیم کی سہولیات کی فراہمی پر جہانگیر خان ترین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کو جدید اور معیاری تعلیم فراہم کرنے کے لیے ان کی کاوشیں قابل ستائش ہیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر ترین ایجوکیشن فاؤنڈیشن اکبر خان نے کہا کہ جہانگیر خان ترین کے تعاون سے مختلف اضلاع میں کمپیوٹر لیبز اور لائبریریز کے قیام کا سلسلہ جاری ہے جبکہ لودھراں میں اسٹیٹ آف دی آرٹ آئی ٹی انسٹی ٹیوٹ ٹائیسر بھی تکمیل کے آخری مراحل میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترین انسٹیٹیوٹ فار کمپیوٹر ایجوکیشن اینڈ ریسورسز کی تکمیل سے جنوبی پنجاب کے نوجوانوں کی جدید علوم تک رسائی ممکن ہوگی۔ تقریب میں مختلف تعلیمی و سماجی شخصیات نے شرکت کی جبکہ ترین ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے نمائندگان بھی موجود تھے۔

بقیہ 6

پیغام میں کہا ہے کہ یکم مئی محنت کش طبقے کی عظیم جدوجہد، قربانیوں اور قومی و معاشی ترقی میں ان کے کلیدی کردار کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ مزدور کسی بھی معاشرے کی ریڑھ کی ہڈی ہوتے ہیں اور ان کی محنت، لگن اور عزم کے بغیر ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ یوم مزدور ہمیں تاریخ کے اس اہم باب کی یاد دلاتا ہے جب شکاگو میں محنت کشوں نے اپنے بنیادی حقوق، مناسب اجرت، اوقات کار میں بہتری اور محفوظ کام کے ماحول کے حصول کے لیے بے مثال قربانیاں دیں، یہ دن نہ صرف ان قربانیوں کو یاد کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے بلکہ اس عزم کی تجدید بھی ہے کہ ہم مزدوروں کے حقوق کے تحفظ اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے موثر اور عملی اقدامات کو یقینی بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام ایک ایسا ضابطہ حیات ہے جو محنت کو عظمت اور وقار عطا کرتا ہے، نبی کریم ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں مزدور کے حقوق کی ادائیگی کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ مزدور کو اس کا حق بروقت اور مکمل طور پر دینا نہ صرف مذہبی فریضہ بلکہ اخلاقی اور سماجی ذمہ داری بھی ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ مزدوروں کو محفوظ اور سازگار کام کے حالات، منصفانہ اجرت، سماجی تحفظ اور صحت و تعلیم جیسی بنیادی سہولیات فراہم کرے تاکہ وہ باعزت زندگی گزار سکیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی پارلیمان مزدوروں کے حقوق کے تحفظ اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے موثر قانون سازی اور پالیسی اقدامات کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ محنت کش طبقے کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مربوط حکمتِ عملی اپنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، اس ضمن میں ہنر مندی کے فروغ، پیشہ ورانہ تربیت، روزگار کے بہتر مواقع اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ پالیسیوں کی تشکیل کو ناگزیر قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ بااختیار اور باہنر مزدور ہی مضبوط اور خوشحال پاکستان کی ضمانت ہیں۔ اس موقع پر ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ نے اپنے پیغام میں کہا کہ مزدور طبقہ ملکی معیشت کا ایک اہم ستون ہے اور ان کی فلاح و بہبود کے بغیر پائیدار اور متوازن ترقی ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اجتماعی سطح پر ایسے اقدامات کو فروغ دینا ہوگا جو مزدوروں کے حقوق کے تحفظ، ان کے معیار زندگی میں بہتری اور سماجی و معاشی استحکام کو یقینی بنائیں۔ ڈپٹی اسپیکر نے کہا کہ یوم مزدور ہمیں اس بات کا احساس دلاتا ہے کہ ایک مضبوط، منصفانہ اور خوشحال معاشرے کی بنیاد محنت کش طبقے کی عزت، تحفظ اور فلاح پر استوار ہوتی ہے، اور ہمیں اس مقصد کے حصول کے لیے اپنی کاوشیں مزید تیز کرنا ہوں گی۔

بقیہ 7

قرض آسان شرائط پر فراہم کیا جائے گا تاکہ وہ اپنا ذاتی گھر تعمیر کر سکیں۔ یہ منصوبہ ملک کے چاروں صوبوں کے ساتھ ساتھ گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر تک پھیلایا گیا ہے، جس کا مقصد زیادہ سے زیادہ افراد کو اس سہولت سے مستفید کرنا ہے۔ اشتہار کی جگہ انہوں نے کہا کہ ملک میں بڑی تعداد ایسے افراد کی ہے جو اپنے گھر سے محروم ہیں۔ انہیں رہائش فراہم کرنا ایک اہم قومی ذمہ داری ہے۔ وزیراعظم نے قرض حاصل کرنے والے افراد کو مبارکباد دیتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ عام آدمی کو چھت کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح رہے گی۔ وزیراعظم نے بتایا کہ حکومت نے اس منصوبے کے پہلے مرحلے میں 50 ہزار گھروں کے لیے قرض فراہم کرنے کا ہدف مقرر کیا ہے اور اس مقصد کے لیے 321 ارب روپے کی فنانسنگ مختص کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ 4 برسوں میں 5 لاکھ گھروں کی تعمیر کا ہدف رکھا گیا ہے تاکہ رہائشی ضروریات کو پورا کیا جاسکے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ مجموعی طور پر اس اسکیم کا حجم 2.3 کھرب روپے تک پہنچے گا، جس کے تحت 10 مرلے تک کے پلاٹس پر گھر بنانے کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ وزیراعظم نے یقین دہانی کرائی کہ وہ خود ہر ماہ اس منصوبے کی پیش رفت کا جائزہ لیں گے تاکہ اس پر عملدرآمد موثر انداز میں جاری رہے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ جو بینک اس اسکیم میں فعال کردار ادا کریں گے انہیں خصوصی طور پر سراہا جائے گا اور 14 اگست کے موقع پر نمایاں کارکردگی دکھانے والے اداروں کو ایوارڈز بھی دیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے نہ صرف تعمیراتی شعبہ بلکہ صنعت و تجارت میں بھی سرگرمی بڑھے گی اور معیشت میں بہتری کے آثار پیدا ہوں گے۔

بقیہ 8

کے مطابق وزیراعظم نے موٹر سائیکل سواروں، پبلک ٹرانسپورٹ اور گڈز ٹرانسپورٹ کے لیے گزشتہ ماہ دی جانے والی سبسڈی کی مدت میں مزید ایک ماہ کی توسیع کر دی ہے۔ وزیراعظم نے واضح کیا ہے کہ مشکل معاشی حالات کے باوجود حکومت اربوں روپے کے قومی ریلیف پیکیج کے ذریعے عام آدمی کو تحفظ فراہم کرتی رہے گی اور کرایوں میں کسی بھی غیر قانونی اضافے کو روکنے کے لیے موثر نگرانی کو یقینی بنایا جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ وفاقی حکومت نے صوبائی حکومتوں کے تعاون سے مشکل حالات میں عام آدمی کے لیے اربوں روپے کا قومی ریلیف پیکیج فراہم کیا، ان حالات میں جس قدر ممکن ہو سکا عوام کو ریلیف فراہم کرتے رہیں گے۔ شہباز شریف نے مزید کہا کہ عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح رہے گی اور کسی بھی صورت عوام کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا، دعا گو ہیں کہ خطے کی صورتحال میں جلد بہتری آئے تا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں استحکام آسکے

بقیہ 9

سے ٹیلیفونک گفتگو کی، اس موقع پر ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا کہ خلیج میں عدم استحکام کی وجہ امریکہ اور اسرائیل ہیں، ایرانی جہازوں کے خلاف امریکی بحری قزاقی کو فوری طور پر روکا جائے اور اس کی مذمت کی جانی چاہیے۔ اس سے قبل قومی یوم خلیج فارس کے موقع پر جاری اپنے پیغام میں ایرانی سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کا کہنا تھا کہ خلیج فارس کا مستقبل امریکا کی موجودگی کے بغیر روشن ہوگا، تہران اور خلیجی ہمسایہ ممالک کا مقدر مشترکہ ہے، خطے میں غیر ملکی عناصر کے لیے کوئی جگہ نہیں۔ انہوں نے حریف ممالک کو خطے سے دور رکھنے کے فیصلے کا دفاع بھی کیا اور کہا کہ ایران اس اسٹریٹجک سمندری راستے کی حفاظت کو اپنی قومی سلامتی کا اہم جزو سمجھتا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ تہران بارہا اس موقف کا اعادہ کر چکا ہے کہ وہ خطے میں بیرونی مداخلت کو مسترد کرتا ہے، ایرانی بندرگاہوں پر امریکی بحری ناکہ بندی یا کسی بھی قسم کی پابندیاں عائد کرنے کی کوشش بین الاقوامی قانون کے منافی ہے اور یہ ناکام ہوں گی۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا تھا کہ ایران کے خلاف جنگ میں اپنے مقاصد تقریباً حاصل کر چکے ہیں، ایران کی ناکہ بندی جینیئس فیصلہ ہے، ایران کو بس کہنا ہوگا کہ وہ ہار گئے ہیں، ایران کے ساتھ ٹیلیفون کے ذریعے مذاکرات جاری ہیں

بقیہ 10

گیا ہے، ترمیمی ایکٹ کے تحت پنجاب ماحولیاتی تحفظ ایکٹ 1997ء میں ترامیم کی جائیں گی، بل کے تحت حکومت پنجاب کا موثر فیصلوں کے لئے ماحولیاتی تحفظ کونسل میں ممبران کے اضافے کا فیصلہ کیا ہے، سیکرٹری انڈسٹری، سیکرٹری ایگریکلچر، سیکرٹری جنگلات کونسل کے نئے ممبر ہوں گے، سیکرٹری ٹرانسپورٹ، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ، 2 ممبران اسمبلی کونسل کے نئے ممبر ہوں گے، چیمبر آف کامرس اور ماحولیاتی تحفظ کے 5 ماہرین نئے کونسل ممبر ہوں گے، چیف منسٹر اور چیف منسٹر کا منتخب کردہ مخص کونسل چیئرپرسن کا عہدہ برقرار ہے۔ وزیر ماحولیاتی تحفظ بطور کونسل کے وائس چیئرپرسن کا عہدہ برقرار رکھا گیا، ایکٹ کے تحت ای پی اے افسران کو وردیاں دینے کی تجویز منظور کی گئی، ای پی اے افسران کی گاڑیوں پر سبز بتیاں لگائی جائیں گی، ای پی اے افسران کارروائی میں پولیس کی امداد بھی لے سکیں گے، محکمہ ماحولیاتی تحفظ عالمی اداروں سے بھی انفارمیشن و تجاویز حکومت کی اجازت سے لے سکے گا، محکمہ ماحولیاتی تحفظ عالمی سیمینارز میں بھی شرکت کر سکیں گے، بل کی حتمی منظوری گورنر پنجاب دیں گے۔

بقیہ 11

، ملک مقصود کھوکھر، ملک عدیل احسان، چوہدری عمر محمود، مراد بھٹی، خادم حسین سندھو، سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے نائب صدر خالد سندھو و دیگر کے ہمراہ پنجاب بار کونسل میں مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ پاکستان بار کونسل کے وائس چیئرمین پیر مسعود چشتی اور وائس چیئرمین پنجاب بار کونسل خواجہ قیصر بٹ نے کہا کہ آئین پاکستان ریاست کا بنیادی اور بالادست قانون ہے، جس کی پاسداری تمام ریاستی اداروں پر لازم ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ آئین کی تشریح اور اس پر عملدرآمد کا اختیار صرف عدلیہ کو حاصل ہے اور اس دائرہ کار میں کسی بھی قسم کی مداخلت نہ صرف غیر آئینی بلکہ جمہوری اصولوں کے منافی ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ 1973ء کا آئین ریاستی اداروں کے اختیارات کا واضح تعین کرتا ہے لہٰذا ہر ادارہ اپنی آئینی حدود میں رہ کر کام کرنے کا پابند ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر کسی ادارے نے آئینی حدود سے تجاوز کیا تو اس کے خلاف آئینی و قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ وکلاء رہنماؤں نے اس عزم کا بھی اعادہ کیا کہ عدلیہ کی آزادی، انصاف کی فراہمی اور جمہوری اقدار کے تحفظ کے لیے وکلا برادری ہمیشہ صف اول میں رہی ہے اور آئندہ بھی کسی دباؤ یا غیر آئینی اقدام کو قبول نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو بروقت اور سستا انصاف فراہم کرنا ریاست کی اولین ذمہ داری ہے، جس کے لیے عدالتی نظام کو مزید موثر اور مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پریس کانفرنس میں سینئر وکلاء، بار کونسل کے اراکین اور قانونی ماہرین کی بڑی تعداد نے شرکت کی، جنہوں نے متفقہ طور پر آئین و قانون کی بالادستی کے لیے ہر ممکن کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 12

فروغ، عوامی سطح پر تعلقات مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا ہے۔ جاری بیان کے مطابق صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے دورہ چین کے دوران صوبہ ہائینان کے شہر سانیا میں اہم ملاقاتیں کیں جہاں ہائینان کے پارٹی سیکرٹری فینگ فئی اور صوبائی گورنر لیو شیاومنگ سے تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ ملاقات میں پاکستان اور چین کے درمیان اقتصادی تعاون، تجارتی روابط کے فروغ اور عوامی سطح پر تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا اس کے علاوہ علاقائی و عالمی امور پر بھی گفتگو ہوئی اور امن، استحکام، مکالمے اور باہمی تعاون کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ صدر آصف علی زرداری نے صوبہ ہائینان کی حکومت کی جانب سے پرتپاک استقبال اور مہمان نوازی پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور چین سدا بہار تزویراتی شراکت دار ہیں، جبکہ چین کے ساتھ دوستی پاکستان کی خارجہ پالیسی کا بنیادی ستون ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے تعلقات کی جڑیں عوام میں پیوست ہیں اور اس دوستی کو عوامی و ادارہ جاتی سطح پر بھرپور حمایت حاصل ہے۔ صدر مملکت نے اس بات پر زور دیا کہ رواں سال پاکستان اور چین کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ منائی جا رہی ہے، اس حوالے سے تقریبات دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں مددگار ثابت ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ ہائینان صوبہ عالمی تجارت اور سرمایہ کاری کے حوالے سے اہمیت اختیار کر چکا ہے اور سیاحت، ہائی ٹیک صنعت اور زراعت کے شعبوں میں باہمی تعاون کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ صدر مملکت نے ہائینان کے کاروباری اداروں اور پاکستان کے برآمدی صنعتی شعبوں کے درمیان روابط بڑھانے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ کاروباری برادری کے درمیان قریبی تعلقات دوطرفہ تجارت کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ صدر زرداری نے بندرگاہوں کی ترقی، سیڈ ٹیکنالوجی اور ماہی گیری کے شعبوں میں تعاون بڑھانے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور چین مستقبل میں بھی مشترکہ ترقی اور خوشحالی کے لیے مل کر کام کرتے رہیں گے۔ صدر مملکت نے کہا کہ چین کے ساتھ پاکستان کا تعلق تین نسلوں پر محیط ہے، جو ذوالفقار علی بھٹو، بینظیر بھٹو، بلاول بھٹو زرداری اور آصفہ بھٹو زرداری تک پھیلا ہوا ہے۔ اس موقع پر ہائینان کے پارٹی سیکرٹری فینگ فئی نے صدر مملکت اور ان کے وفد کا خیر مقدم کیا، جبکہ وفد کو ہائینان فری ٹریڈ پورٹ کے عالمی تجارت اور سرمایہ کاری میں بڑھتے کردار پر بریفنگ دی گئی۔ بعد ازاں معزز مہمان کے اعزاز میں ضیافت کا اہتمام بھی کیا گیا۔ صدر آصف علی زرداری نے سانیا میں منعقدہ چھٹے ایشیائی بیچ گیمز میں پاکستانی کھلاڑیوں کی شرکت کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ کھیلوں کے میدان میں بھی دونوں ممالک کے تعلقات مزید فروغ پائیں گے۔

بقیہ 13

سپلائی رکنے سے عارضی طور پر نئے کنکشن روکے گئے ہیں تاہم گیس سپلائی بہتر ہوتے ہی کنکشنز لگانے کا عمل فوری شروع کر دیا جائے گا۔

بقیہ 14

سے زائد ہیں، چین کے سرکاری ذخائر 264,2 ٹن ہیں۔ ماہرین کے مطابق چین کے اصل ذخائر اس سے بھی زیادہ ہو سکتے ہیں کیونکہ چین اور روس ڈالر پر انحصار کم کرنے کے لیے سونے میں سرمایہ کاری بڑھا رہے ہیں۔ بھارت کے پاس تقریباً 822 ٹن سونا موجود ہے جبکہ جاپان کے ذخائر 846 ٹن ہیں، پاکستان کے پاس تقریباً 76.64 ٹن سونا موجود ہے جس کی مالیت 10 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئی ہے اور یہ عالمی سطح پر 48 ویں نمبر پر ہے۔ سونے کے یہ ذخائر نہ صرف مالی تحفظ اور عالمی تجارت میں ملک کی طاقت ظاہر کرتے ہیں بلکہ اقتصادی بحران کے دوران ملکی کرنسی کو مستحکم رکھنے میں بھی مددگار ثابت ہوتے ہیں۔

بقیہ 15

کے زیر انتظام مختلف امتحانات کا دو روزہ سلسلہ کامیابی سے مکمل ہو گیا ہے۔ مختلف اسامیوں کے امتحانات لاہور سمیت چار ڈویژنز راولپنڈی، ملتان اور فیصل آباد میں منعقد کیے جا رہے ہیں۔ امتحان کے لیے کیے گئے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے ممبر پی پی ایس سی ارشاد احمد نے ملتان جبکہ نجم وحید نے فیصل آباد میں قائم امتحانی مراکز کا دورہ کیا، اسی طرح ممبر محمد صدیق شیخ کا راولپنڈی جبکہ محمد مسعود انور نے لاہور میں قائم مراکز کا جائزہ لیا۔ تحریری امتحان کے لیے سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب فوڈ اتھارٹی میں آئی ٹی ایڈمنسٹریٹر کی اسامیوں کا جبکہ پنجاب پولیس میں سوشل میڈیا کنٹینٹ رائٹر کا امتحان منعقد کیا گیا۔ اسی طرح بورڈ آف ریونیو میں اسسٹنٹ اور لیبر اینڈ ہیومن ریسورس ڈیپارٹمنٹ میں اسسٹنٹ لائبریرین کی اسامیوں کے لیے امیدوار تحریری امتحان میں حصہ لیا اسی طرح ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ میں سینئر ایگریکلچر آفیسر کی اسامیوں کے لیے امیدواروں نے شرکت کی۔ بورڈ آف ریونیو میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر جبکہ پنجاب ریونیو اتھارٹی میں لیگل آفیسر اور پروگرام کی اسامیوں کا امتحان بھی منعقد کیا گیا۔ اسی طرح مائنز اینڈ منرل ڈیپارٹمنٹ میں سبجیکٹ سپیشلسٹ کا امتحان منعقد کیا گیا ہے، لیبر اینڈ ہیومن سورس ڈیپارٹمنٹ میں لیبارٹری اسسٹنٹ اور پنجاب فوڈ اتھارٹی میں ویٹرنری آفیسر کی اسامیوں کا امتحان بھی منعقد کیا گیا ہے۔ بیورو آف سٹیٹسٹکس پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ میں سٹیٹسٹیکل آفیسر کی اسامیوں کا امتحان لیا گیا۔ پنجاب سروس ٹرائبیونل میں اسسٹنٹ لائبریرین کی اسامی کا امتحان بھی پی پی ایس سی کی جانب سے لیا گیا۔ مجموعی طور پر دو روزہ امتحانی سلسلہ میں 13 ہزار سے زائد امیدوار امتحان میں شرکت کر رہے ہیں۔ ڈائریکٹر پنجاب پبلک سروس کمیشن کا ممبران پنجاب پبلک سروس کمیشن کو امتحان کے لیے کیے گئے انتظامات کے حوالے سے آگاہ کیا۔

بقیہ 16

متحدہ عرب امارات کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ عبداللہ بن زاید ال نہیان کے ساتھ ٹیلی فون پر بات چیت کی۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ ٹیلیفونک رابطے میں دو طرفہ تعلقات، افغانستان اور امریکا کے درمیان مسائل، علاقائی صورتحال اور افغانستان اور پاکستان کے درمیان حالیہ پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا گیا، افغان وزیر خارجہ نے امریکی قیدی کی رہائی کے معاملے میں کامیاب ثالثی پر متحدہ عرب امارات کا شکریہ ادا کیا اور بقیہ مسائل کو دوطرفہ تعلقات کے ذریعے مکمل طور پر حل کرنے پر آمادگی ظاہر کی۔ افغان وزیر خارجہ نے کہا کہ بدقسمتی سے امریکا اور اسرائیل نے ایران کے خلاف جنگ شروع کی جس سے پورے خطے کی سلامتی کو خطرہ لاحق ہو گیا، انہوں نے خطے میں جنگ میں اضافے کو تشویشناک اور قابل مذمت قرار دیتے ہوئے کہا کہ متحدہ عرب امارات کا صبر اور تدبر قابل ستائش ہے۔ اعلامیے کے مطابق افغانستان اور پاکستان کے درمیان صورتحال کے حوالے سے امیر خان متقی کا کہنا تھا کہ افغانستان بطور ہمسایہ ملک چاہتا ہے کہ پاکستان کے ساتھ مسائل کو بات چیت اور افہام و تفہیم کے ذریعے حل کیا جائے اور کسی کو بھی اجازت نہیں دی جائے گی کہ افغانستان کی سرزمین کو پاکستان کے خلاف استعمال کرے، اس سلسلے میں سنجیدہ اقدامات بھی کیے جا چکے ہیں۔ اماراتی وزیر خارجہ نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان کشیدگی کو کسی بھی فریق کے مفاد میں نہیں سمجھتے اور امارات مسائل کے حل کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔

بقیہ 17

پر 33 ارب 48 کروڑ روپے خرچ ہوئے جو دو مالی سالوں میں ہوئے۔ پنجاب میں بروقت انتخابات نہ ہونے کی وجوہات میں فنڈز، سکیورٹی، پولنگ کی تاریخ نہ ملنا، جوڈیشل آراء، عدالتی مقدمات اور مردم شماری میں تاخیر شامل ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ پی ٹی آئی انٹرا پارٹی انتخابات نہ ہونے کی وجہ سے نشان سے محروم رہی، جبکہ الیکشن کمیشن نے پارٹی کو متعدد بار انتخابات کرانے کا موقع دیا۔ عام انتخابات 2024 کے وقت 166 سیاسی جماعتیں درج تھیں۔ ساتویں مردم شماری کے بعد 266 قومی اور 593 صوبائی حلقوں میں نئی حلقہ بندیاں کی گئیں۔ انتظامیہ سے ریٹرننگ افسران لیے گئے کیونکہ جوڈیشری سے افسران فراہم نہیں ہوئے۔ ملک بھر میں 859 آر اوز اور 144 ڈی آر اوز تعینات کیے گئے، جنہیں 2843 لیپ ٹاپس اور ڈیٹا انٹری آپریٹرز فراہم کیے گئے۔ انتخابات میں 90 ہزار 675 پولنگ اسٹیشنز بنائے گئے، جو 2018 کے مقابلے میں 5585 زیادہ ہیں، جبکہ 2 لاکھ 76 ہزار 402 پولنگ بوتھ قائم کیے گئے۔ سیکیورٹی اہلکاروں کے علاوہ 10 لاکھ 59 ہزار سے زائد انتخابی عملہ تعینات ہوا۔ قومی و صوبائی اسمبلیوں کی 22 ہزار 855 امیدواروں کے کاغذات منظور ہوئے، اعتراضات اور اپیلوں کے بعد 18 ہزار سے زائد امیدوار میدان میں رہے۔ چار حلقوں میں امیدواروں کی وفات کے باعث انتخابات نہ ہو سکے۔ الیکشن کمیشن نے 150 سیاسی جماعتوں کو نشانات الاٹ کیے اور 2 لاکھ 69 ہزار 113 پوسٹل بیلٹ پیپرز جاری کیے۔ افسران کو انتخابی اعزازیہ دیا گیا: ہر ڈی آر او کو ایک لاکھ، آر اوز کو 75 ہزار، اے آر اوز اور ڈیٹا انٹری آپریٹرز کو 50 ہزار، پریذائڈنگ افسران کو 6 ہزار اور پولنگ افسران کو 450 روپے فی کس۔ بیلٹ پیپر کے سائز کو کم کر کے 140 کروڑ روپے بچائے گئے۔ عام انتخابات 2024 میں ٹرن آؤٹ 65.47 فیصد رہا۔ 376 الیکشن پٹیشنز ٹربیونلز میں دائر ہوئیں، جن میں سب سے زیادہ 198 پٹیشنز پنجاب میں دائر ہوئیں۔ انٹرنیٹ اور موبائل سروس کی بندش کے باعث ای ایم ایس کے ذریعے نتائج وصول کرنے میں مسائل آئے، تاہم ای ایم ایس کے ذریعے پہلا نتیجہ گزشتہ انتخابات کی نسبت دو گھنٹے پہلے وصول ہوا۔ عام انتخابات 2024 میں 12 کروڑ 85 لاکھ 85 ہزار 763 ووٹرز اہل تھے، جن میں سے 6 کروڑ 12 لاکھ 76 ہزار 254 ووٹرز نے حق رائے دہی استعمال کیا۔ اس طرح نصف سے زیادہ ووٹرز نے ووٹ نہیں ڈالا۔ دونوں حصوں کی رپورٹ مجموعی طور پر 806 صفحات پر مشتمل ہے۔

بقیہ 18

طور پر نامعلوم شخص کے خلاف درج کیا گیا تھا تاہم پولیس نے تفتیش کے دائرہ کار کو بڑھاتے ہوئے مقتول کے بھائی کو شامل کر لیا۔ تفتیش کے دوران ملزم نے اجرتی قاتل کے ذریعے بھائی کو قتل کروانے کا اعتراف کر لیا۔ پولیس نے تکنیکی اور انسانی انٹیلی جنس ذرائع استعمال کرتے ہوئے اجرتی قاتل کو بھی حراست میں لیا۔ ایس پی صدر انعم شیر کے مطابق زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلائی جائے گی۔

بقیہ 19

ایس ایس پیز کی گاڑیوں کے لیے 450 لیٹر، ایس پیز کی گاڑیوں کے لیے 300 لیٹر، جبکہ فیلڈ میں تعینات ڈی ایس پیز کے لیے 250 لیٹر ایندھن مختص کیا گیا ہے۔ دفاتر میں تعینات اسٹاف، اسسٹنٹ ڈائریکٹرز، پرائیویٹ سیکرٹریز، پرسنل سٹاف آفیسرز اور دیگر کے لیے 150 لیٹر، لاہور پولیس کے زیر استعمال جیل ویز کے لیے 350 لیٹر، بینو بسوں کے لیے 400 لیٹر اور موٹر بائیکس کے لیے 24 لیٹر ایندھن مقرر کیا گیا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ یہ اقدامات کفایت شعاری مہم کو کامیاب بنانے اور سرکاری وسائل کے موثر استعمال کو یقینی بنانے کے لیے کیے جا رہے ہیں

بقیہ 20

دہشتگردی کے کیسز کی سماعت کرنا تھی تاہم بنچ کے سربراہ جسٹس سید شہباز علی رضوی کے رخصت پر ہونے کے باعث کاز لسٹ منسوخ کر دی گئی۔ کاز لسٹ منسوخ ہونے کی وجہ سے حکومت کی پی ٹی آئی رہنما ڈاکٹر یاسمین راشد سمیت دیگر رہنماؤں کی 9 مئی کے کیسز میں بریت کے خلاف اپیل کی سماعت نہ ہوسکی۔

بقیہ 21

اطمینان ہمارا سرمایہ افتخار ہے۔ ثروتمند شخصیات خدمت انسانیت کیلئے سرگرم سرور فاؤنڈیشن کے ساتھ مزید تعاون اور اس کے رضا کاروں کیلئے آسانیاں پیدا کریں۔ معاشرے کے نادار، مفلس اور مستحق افراد کو جدید تعلیمی اور طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے نجی فلاحی اداروں کا دم غنیمت ہے، جو ادارہ ڈیلیور کرتا ہے ڈونرز اس پر بھرپور اعتماد کرتے ہیں۔ میں اپنی اور اپنے انتھک ٹیم ممبرز کی طرف سے سرور فاؤنڈیشن سے وابستہ افراد کا سپاس گزار ہوں۔ حالیہ عید الفطر کے روز سرور فاؤنڈیشن کے ہسپتال میں زیر علاج مریضوں نے جس طرح سرور فاؤنڈیشن کے معزز ڈونرز کیلئے اجتماعی دعا کی وہ منظر قابل دید تھا۔ وہ اپنے اعزاز میں ایک پروقار استقبالیہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ چوہدری محمد سرور نے مزید کہا کہ سرور فاؤنڈیشن سے وابستہ نیک نیت، نیک نام اور پروفیشنل ڈاکٹرز جبکہ زیرک اور انتھک اساتذہ بیماروں کو جدید طبی سہولیات جبکہ طلبہ وطالبات کو معیاری تعلیم کی فراہمی یقینی بنا رہے ہیں۔ ہم نے پسماندہ مقامات پر جدید طبی اور تعلیمی اداروں کے قیام کا فیصلہ کیا تھا لیکن آج ملک بھر سے ہم وطن سرور فاؤنڈیشن کی طبی خدمات اور سہولیات سے مستفید ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محاورہ "جان ہے تو جہان ہے" کی روشنی میں سرور فاؤنڈیشن صلہ رحمی کے تحت زندگیاں بچا رہا ہے۔ انسان صحتمند جسم کے بغیر بیماریوں کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ہم معاشرے کے مفلسین اور مستحقین کی خدمت کیلئے بھی کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے۔

بقیہ 22

فتح اللہ برکی، ملک احسن قادر اور ماریہ خان بلوچ کا نام بھی فہرست کا حصہ ہے۔

بقیہ 23

نوزائیدہ بچوں کو رعایت حاصل رہے گی۔ ترجمان کے مطابق پی آئی اے اپنا بیجنگ اور کوالالمپور آپریشن بھی بالترتیب 11 اور 14 اپریل سے معطل کر رہی ہے، خلیجی ممالک (ماسوائے متحدہ عرب امارات اور سعودی عرب) کی پروازیں بھی اپریل کے آخر تک معطل کی جا رہی ہیں جبکہ متحدہ عرب امارات کا فضائی آپریشن ہفتہ وار 16 پروازوں تک محدود کیا جا رہا ہے۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق پی آئی اے انتظامیہ نے فیصلہ مہنگے جیٹ فیول کے چوتھی بار اضافے کے تناظر میں کیا ہے، ایندھن کی قیمتوں کا تمام بوجھ مسافروں پر نہیں ڈالا جا سکتا اس لیے کچھ سخت انتظامی فیصلے لیے گئے، امید ہے بین الاقوامی سطح پر قیمتیں جلد معمول کے سطح پر آجائیں گی جس کے بعد تمام متاثرہ روٹ بحال کر دیئے جائیں گے۔ دریں اثناء حکومت کی کفایت شعاری مہم کے تحت پی آئی اے نے نیا سرکلر جاری کر دیا جس میں کہا گیا کہ مشرق وسطی کی جنگی صورتحال اور طیاروں کے ایندھن کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہو گیا ہے، اس سے پی آئی اے کو مالی بحران کا سامنا ہے، پی آئی اے پروازوں میں کارگو شپمنٹ پر وار رسک چارجز لاگو کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ سرکلر میں پی آئی اے انتظامیہ نے کہا کہ طیاروں کو رن وے تک ٹیکسی کرتے وقت ایک انجن کا استعمال کیا جائے، ڈومیسٹک پروازوں اور سعودی عرب فلائٹ آپریشن کے لیے مسافروں کو مدنظر رکھ کھانا لوڈ کیا جائے اضافی فوڈ پر پابندی ہوگی، اس سے اضافی ایندھن لے جانے میں مدد ملے گی، الیکٹرک جنریٹر کو صرف ایمرجنسی صورتحال میں استعمال کیا جائے۔

بقیہ 24

کے مطابق، مرحوم اے ایس آئی امیر حمزہ کی بیوہ کی بیٹے کی بھرتی کی درخواست پر ایڈیشنل آئی جی پنجاب کو معاملہ زیر غور لانے کی ہدایت کی گئی۔ اے ایس آئی جاوید اسلم کی تبادلے کی درخواست پر ایڈیشنل آئی جی پنجاب کو ریلیف فراہمی کی ہدایت جاری کی گئی۔ ڈرائیور کانسٹیبل تنویر حیات کی ٹرانسفر کی درخواست پر ایڈیشنل آئی جی آر اینڈ پی کو ضروری ہدایات جاری کی گئیں۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے ڈسپلن، ایڈمنسٹریشن، پروموشن اور ویلفیئر سے متعلق دیگر درخواستوں پر بھی احکامات جاری کیے۔

بقیہ 25

اس وقت اسکیم صرف اوورسیز پاکستانیوں کی سرمایہ کاری کیلئے ہے۔ اب غیر ملکی کمپنیوں اور پاکستان میں مقیم شہریوں کو بھی اس اسکیم میں سرمایہ کاری کی اجازت دینے پر غور کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق موجودہ مالی سال کے 8 ماہ میں نیا پاکستان سرٹیفکیٹ میں ایک ارب 76 کروڑ ڈالر سرمایہ کاری آئی۔ علاقائی کشیدگی کے تناظر میں بیرونی دولت کی منتقلی میں سہولت دینے پر غور جاری ہے۔ 2018 اور 2019 میں ایمنیسٹی میں ظاہر کردہ دولت پاکستان منتقل نہیں کی گئی۔ ذرائع ایف بی آر کے مطابق دونوں اسکیموں میں 82 ہزار 889 افراد نے گوشوارے جمع کرائے، حکومت کو 194 ارب روپے مجموعی ٹیکس حاصل ہوا تھا۔ اب رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں اوورسیز پاکستانیوں کو ٹیکس میں رعایت دینے کی بھی تجویز ہے۔ اوورسیز پاکستانیوں سیریئل اسٹیٹ سیکٹر میں خریدی جائیداد کی قیمت کے 10 فیصد پر ٹیکس وصولی کی تجویز ہے۔

بقیہ 26

آدیتہ راج کول نے بتایا کہ پاکستان میں دہشتگردی کیلئے ہماری پہچان کچھ بھی ہوسکتی ہے، بھارتی خفیہ ایجنسی را کا چہرہ افغانی، بھارتی، بنگلا دیشی یا کسی مقامی بلوچ کا بھی ہوسکتا ہے۔ اس سے قبل بھارتی ریٹائرڈ کرنل راجیش پاور نے بھی پاکستان میں دہشتگردانہ کارروائیوں میں بھارت کے ملوث ہونے کا اعتراف کیا تھا۔ انہوں نے کہا تھا کہ فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج پاکستان میں دہشت گرد حملوں کیلئے افغانستان کی سرزمین استعمال کر رہے ہیں۔ راجیش پاور نے کہا کہ پاکستان کے خلاف دونوں دہشتگرد تنظیموں کو مالی امداد بھارت جبکہ ہتھیار را اور انٹیلی جنس اسرائیل فراہم کر رہا ہے۔ دوسری جانب ماہرین کے مطابق پاکستان میں حملوں سے لے کر کینیڈا اور امریکہ میں سکھ رہنماؤں کے قتل تک، بھارت ایک دہشتگرد فیکٹری بن چکا ہے، پاکستان کی جانب سے بھی بارہا بھارت کی پاکستان میں دہشت گردی کے لیے سہولت کاری کے شواہد پیش کیے جا چکے ہیں۔ ماہرین نے کہا کہ بھارتی خفیہ ایجنسی را اپنی پراکسیز فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کو استعمال کر کے خودکش حملے کروا رہی ہے، خطہ میں قیام امن کیلئے عالمی برادری بھارت کے سرحد پار دہشتگرد نیٹ ورکس اور پراکسی نیٹ ورکس کا نوٹس لے۔

بقیہ 27

امن واستحکام کے لیے سفارتکاری جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ دفتر خارجہ کے مطابق اسحاق ڈار نے مکالمے اور ڈائیلاگ کے ذریعے مثبت کردار ادا کرنے کا اعادہ کیا اور علاقائی حالات پر مسلسل نظر رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔

بقیہ 28

تیار ہے بشرطیکہ تمام فریق اس پر آمادہ ہوں۔ دمتری پیسکوف نے کہا کہ روس پائیدار اور یقینی امن کے قیام کے لیے مذاکراتی عمل کی حمایت کرتا ہے اور کشیدگی کے خاتمے کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کو تیار ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ اگر فریقین رضامند ہوں تو روس اس تنازع میں ثالثی کر سکتا ہے تاکہ دیرپا حل نکالا جا سکے۔ کریملن کے ترجمان نے خبردار کیا کہ جنگ کے دوبارہ بھڑک اٹھنے کی صورت میں نہ صرف ایران بلکہ آبنائے ہرمز سے ملحق ممالک اور عالمی معیشت بھی شدید متاثر ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ صورت حال میں سفارتی کوششوں کو جاری رکھنا ضروری ہے تا کہ خطے میں استحکام برقرار رکھا جاسکے۔

بقیہ 29

کے صاحبزادے میاں عفان احمد کی دعوت ولیمہ کے موقع پر میڈیا نمائندگان سے گفتگو کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، اسحاق ڈار اور دیگر اعلی حکام بھی اس سلسلے میں متحرک کردار ادا کر رہے ہیں۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ مختلف وزرائے خارجہ کے ساتھ ہونے والی ملاقاتیں نہایت اہم اور تزویراتی نوعیت کی ہوں گی جن کا مقصد خطے میں امن واستحکام کو فروغ دینا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ پاکستان اس پورے عمل میں ایک کلیدی کردار ادا کر رہا ہے اور ملکی قیادت کی کاوشیں انتہائی اہمیت کی حامل ہیں۔ معاشی صورتحال پر بات کرتے ہوئے محمد اورنگزیب نے کہا کہ حکومت کی اقتصادی ٹیم بھی پوری طرح سرگرم ہے اور ملکی معیشت کو مستحکم بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ کے ساتھ اسٹاف لیول ایگریمنٹ طے پا چکا ہے جو پاکستان کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سفارتی، سماجی اور معاشی ہر محاذ پر متحرک ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ روز صدر مملکت کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں بھی ان اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وزیر خزانہ کے مطابق صدر مملکت کا یہ موقف بالکل درست ہے کہ محض امید کافی نہیں ہوتی بلکہ ہر ممکن صورتحال کے لیے ٹھوس حکمت عملی ضروری ہے۔ توانائی کے شعبے کے حوالے سے انہوں نے عوام کو یقین دلایا کہ ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی فراہمی کا نظام مکمل طور پر مستحکم ہے، خام تیل، ڈیزل، پٹرول اور ایل پی جی کی دستیابی میں کوئی خلل نہیں اور اس کامیابی کا سہرا وزیر پٹرولیم اور ان کی ٹیم کو جاتا ہے، جو فرنٹ لائن پر کام کر رہے ہیں۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ آئی ایم ایف کے ساتھ معاہدہ پاکستان کے لیے نہایت اہم ہے کیونکہ اس کے ذریعے ملک اپنے دوطرفہ اور کثیر جہتی شراکت داروں کے ساتھ مل کر معاشی استحکام حاصل کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت خطے کی صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے اور الحمدللہ پاکستان اس وقت ایک بہتر پوزیشن میں ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت معاشی اہداف کے حصول کے ذریعے عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرے گی تا کہ ملک نہ صرف موجودہ چیلنجز سے کامیابی کے ساتھ نکلے بلکہ ایک مضبوط اور ترقی یافتہ قوم کے طور پر ابھرے۔

بقیہ 30

سے روابط نے واشنگٹن میں پاکستان کے اثر و رسوخ میں اضافہ کیا ہے۔ پاکستان کی اس سفارتی رسائی کے پیچھے بلال بن ثاقب کا کلیدی کردار رہا ہے۔ بلال بن ثاقب نے 2025 کے دوران عالمی کرپٹو شخصیات سے روابط استوار کیے تھے۔ ان شخصیات میں بائننس کے بانی چانگ پینگ ژاو، کیتھی ووڈ اور مائیکل سیلر بھی شامل ہیں۔ بلال بن ثاقب ٹرمپ کے کرپٹو منصوبے ورلڈ لبرٹی فنانشل کے مشیر بنے جو بڑی کامیابی ثابت ہوئی۔ ایک بھارتی ٹی وی رپورٹ کے مطابق پاکستان نے کرپٹو ڈپلومیسی کے ذریعے وائٹ ہاس کے ساتھ اعتماد سازی کو فروغ دیا۔

بقیہ 31

پیش ہوئے، عدالت نے عبوری ضمانتوں میں 23 اپریل تک توسیع کر دی۔ اسی نوعیت کے ایک اور مقدمے میں یوٹیوبر سعد الرحمان عرف ڈکی بھائی کی اہلیہ عروب جتوئی نے بھی عدالت پیش ہو کر حاضری لگوائی۔ دوران سماعت این سی سی آئی اے نے تفتیش مکمل کرنے کے لئے مزید مہلت طلب کی جسے عدالت نے منظور کر لیا اور عبوری ضمانت میں توسیع کر دی، ملزمان پر این سی سی آئی اے نے آن لائن جوا ء ایپ کی پروموشن کا مقدمہ درج کر رکھا ہے۔

بقیہ 32

40 ہزار سے تجاوز کر گئی۔ دونوں سروسز پر شہریوں کو شناختی کارڈ اور طالب علموں کو اسٹوڈنٹ کارڈ دیکھ کر سفری سہولیات فری فراہم کی جا رہی ہیں، ہفتہ اور اتوار تعطیلات ہونے کے باوجود جڑواں شہروں کے مابین روزانہ ایک لاکھ تیس ہزار کے قریب مسافروں نے سفر کیا۔ گرین الیکٹرک فیڈر بسز پر بھی کھڑکی توڑ رش رہا اور ایک دن میں چالیس ہزار سے زائد مسافروں نے سفر کیا، حکام کے مطابق دونوں سروسز ریڈ میٹرو اور گرین الیکٹرک بسوں پر مجموعی طور پر ایک دن میں 1 لاکھ 70 ہزار سے زائد شہریوں نے سفری سہولیات سے فائدہ اٹھایا۔

بقیہ 33

میں سب پاکستان کی طرف دیکھ رہے ہیں، آج کا دن بہت بڑا دن ہے۔ گورنر پنجاب کا کہنا تھا کہ کا پاکستان کے کردار کی وجہ سے یہ جنگ خاتمہ کی طرف جائے گی، جنگ کے بدمعاشی حالات بہتر ہوگی، سعودیہ میں اللہ کا کعبہ ہے۔ سردار سلیم حیدر نے مزید کہا کہ سعودیہ حکمرانوں کے خلاف ایسی زبان پر پوری مسلمان امہ کو مذمت کرنا چاہیے۔

بقیہ 34

کے لیے سینیئر سیاستدانوں سے مشاورت کریں۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل عامر رحمان نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ حکومت قانون سازی کرنے کی مجاز ہے، سپریم کورٹ کے فیصلے کی روشنی میں حکومت کو اجازت درکار ہے۔ جسٹس روزی خان نے ریمارکس دیے کہ یہ سیاسی ایشو ہے حکومت خود حل کرے۔ جسٹس حسن اظہر رضوی نے ریمارکس دیے کہ پارلیمنٹ کی بحث عدالت میں ہو تو نیا پنڈورا باکس کھل جائے گا، عدالت کو تمام فریقین کو نوٹسز دینا پڑیں گے۔ جسٹس حسن نے ریمارکس دیے حکومت پہلے کہتی کہ عدالتیں مداخلت کرتی ہیں اور اب حکومت خود ایسے مقدمات لیکر آ رہی ہے، قانون سازی کا مجوزہ پروپوزل کیا ہے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے بتایا کہ گلگت بلتستان چیف جج اور ججز کی پنشن قانون میں نہیں ہے، چیف جج اور دیگر ججز کی پنشن کو قانون میں شامل کرنا ہے۔ گلگت بلتستان اسمبلی کے ارکان کی پانچ سال کی مدت کا تعین کرنے کی تجویز ہے۔ جسٹس کے کے آغا خان نے ریمارکس دیے کہ لگتا ہے حکومت کو بہت جلدی ہے، عام طور پر حکومت اتنا جلدی نہیں کرتی۔ جسٹس حسن اظہر رضوی کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے سماعت ملتوی کردی۔

بقیہ 35

، جن کے قبضے سے پتنگیں اور خطرناک کیمیکل ڈور برآمد کی گئی ہے۔ ایس پی سول لائنز چوہدری اثر علی کی ہدایت پر پتنگ بازوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ایس ایچ او شالیمار کی پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائیوں میں 7 پتنگ بازوں کو گرفتار کیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان کو پتنگ بازی کرتے ہوئے پتنگوں اور ڈور سمیت گرفتار کیا گیا۔

بقیہ 36

ذرائع کے مطابق کراچی سے مسقط، دبئی، شارجہ، دمام، ریاض اور بغداد کی 16 پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ لاہور سے ابوظبی، مدینہ، فجیرہ دبئی، شارجہ، ریاض کی 11 پروازیں منسوخ ہو گئیں۔ اسلام آباد سے فجیرہ، دمام، استنبول، کابل، ابوظبی، کویت اور شارجہ کی 15 پروازیں منسوخ کی گئیں۔ ملتان سے دوحہ اور دبئی کی 4 پروازیں شیڈول پر نہیں تھیں۔ پشاور سے دوحہ دبئی شارجہ ابوظبی فجیرہ کی 10 پروازیں منسوخ ہو گئیں۔ اسلام آباد گلگت کی 4، کراچی کی 2 پروازیں بھی منسوخ ہوئیں۔

بقیہ 37

اظہر صدیق ایڈووکیٹ پیش ہوئے۔ وکیل نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ قانون کے مطابق پیٹرولیم ڈیولپمنٹ لیوی ٹیکس کا تعین پارلیمنٹ کرتی ہے اور وزیراعظم خود سے لیوی ٹیکس نافذ نہیں کر سکتے۔ وکیل نے بتایا کہ وزیراعظم نے پہلے 161 روپے ٹیکس لگایا اور بعد میں اسے 80 روپے کم کر دیا۔ وفاقی حکومت کی جانب سے دلائل میں کہا گیا کہ درخواست قابل سماعت نہیں اور وزیراعظم کو لیوی ٹیکس نافذ کرنے کا مکمل اختیار حاصل ہے۔

بقیہ 38

فیکٹریوں اور دفاتر میں سیفٹی آلات اور حفاظتی اقدامات کو یقینی بنانے کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ لیبر، ورکر اور مزدوروں کا کام کی جگہ پر خطرات سے بچانے کیلئے حفاظتی آلات اور حفاظتی اصولوں پر سختی سے عمل درآمد کی ضرورت ہے۔ ایک صحت مند اور محفوظ کارکن ہی ایک مضبوط قوم کی تعمیر کر سکتا ہے۔ تمام اداروں اور صنعتی شعبوں کے مالکان ورکروں کی حفاظت کو ترجیح دیں اور ان کی فلاح و بہبود کیلئے ضروری اقدامات کریں۔ پنجاب کے ہر ورکر کو صحت، بہبود اور حفاظت کیلئے پرعزم ہوں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ کارخانوں، دفاتر، ورک پلیس پر سیفٹی کلچر کا شعور ضروری ہے۔ ورکرز کے تحفظ کیلئے لیبر قوانین میں ترمیم لا رہے ہیں۔ راشن کارڈ کے ذریعے 14 لاکھ محنت کشوں کو ماہانہ مالی معاونت فراہم کی جا رہی ہے۔ رواں مالی سال میں 50 ہزار مزید محنت کشوں کو راشن کارڈ جاری کیے جائیں گے۔ ورک فورس ملک کا قیمتی اثاثہ ہے، ان کی صحت اور سلامتی پر سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ لیبرز کی جان و مال کا تحفظ اور محفوظ ورکنگ انوائرمنٹ فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ کام کی جگہ پر حادثات کی روک تھام کیلئے بین الاقوامی معیار کے سیفٹی قوانین پر عمل درآمد ضروری ہے۔ ایک ایسے محفوظ ماحول کی تشکیل کا اعادہ جہاں کام کرنے والے ذہنی وجسمانی طور پر محفوظ محسوس کریں۔ ورکرز کی صحت اور حفاظت کی پروا نہ کرنیوالی فیکٹریوں کو جرمانے ہونگے۔

بقیہ 39

تجارتی تعلقات اور سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ یورپی وفد کی قیادت یورپی کمیشن کے ڈائریکٹوریٹ جنرل آف انٹرنیشنل پارٹنرشپس کے ڈائریکٹر ایشیا پیسفک، پیٹرس اسٹبس کر رہے تھے، وفد میں ڈائریکٹر انٹرنیشنل پارٹنرز، یورپین انویسٹمنٹ بینک تھوریا ترکی، ایڈیڈاز کے نائب صدر مینیول پاؤزر، اینڈراٹز کے نائب صدر کارل شلوگل باؤر، آئیکیا کے ریجنل ڈائریکٹر ڈائیٹر میٹکے شامل تھے، وفد میں پاکستان میں تعینات یورپی یونین کے سفیر ریمنڈس کیروبلس بھی موجود تھے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے یورپی یونین کے وفد کا پاکستان میں خیرمقدم کیا اور یورپی یونین پاکستان بزنس فورم میں شرکت پر ان کا شکریہ ادا کیا، انہوں نے یورپی یونین پاکستان بزنس فورم کے انعقاد کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ تقریب تجارتی تعلقات اور سرمایہ کاری کے فروغ کی حوصلہ افزائی کرے گی۔

حکومت بلدیاتی نظام کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، ذیشان رفیق

ضلع اٹک اور تحصیل حضرو میں نکاسی آب اور سیوریج نظام کی بہتری کے لیے اہم منصوبے شروع کیے جا رہے ہیں،صوبائی وزیر

اٹک (این این آئی) صوبائی وزیر برائے لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ پنجاب ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں شہری و دیہی علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی اور بلدیاتی نظام کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت ضلع اٹک اور تحصیل حضرو میں نکاسی آب اور سیوریج نظام کی بہتری کے لیے اہم منصوبے شروع کیے جا رہے ہیں۔

جامعات کو روایتی تدریسی طریقوں سے آگے بڑھ کر جدید تعلیمی ماڈلز اپنانا ہوں گے، پروفیسر ڈاکٹر بابر شہباز

آج کے پیشہ ورانہ ماحول میں صرف تعلیمی ڈگریاں کافی نہیں بلکہ عملی مہارتیں، قیادت کی صلاحیت اور اخلاقی اقدار بھی انتہائی اہم ہیں

مکوآنہ (این این آئی) زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں دو روزہ سمپوزیم بعنوان ''قابلیت پر مبنی کیریئر ڈویلپمنٹ'' کا اہتمام انسٹی ٹیوٹ آف ایگری ایکسٹینشن ایجوکیشن اینڈ رورل ڈویلپمنٹ نے کیا۔ سمپوزیم سے خطاب کرتے ہوئے سابق پی ایم ایس افسر نواز خالد نے کہا کہ آج کے پیشہ ورانہ ماحول میں صرف تعلیمی ڈگریاں کافی نہیں بلکہ عملی مہارتیں، قیادت کی صلاحیت اور اخلاقی اقدار بھی انتہائی اہم ہیں۔ انسٹی ٹیوٹ آف ایگری ایکسٹینشن، ایجوکیشن اینڈ رورل ڈویلپمنٹ کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر بابر شہباز نے کہا کہ جامعات کو روایتی تدریسی طریقوں سے آگے بڑھ کر ایسے جدید تعلیمی ماڈلز اپنانا ہوں گے جو تعلیم کو عملی زندگی کے مسائل سے جوڑ سکیں۔ عمران خالد نے صنعتی شعبے کے نقطہ نظر سے کہا کہ آج کے آجر ایسے گریجویٹس کو ترجیح دیتے ہیں۔

سائیکل نہ صرف صحت مند زندگی کا ضامن ہے بلکہ سستے اور محفوظ سفر کا بہترین ذریعہ

مکوآنہ (این این آئی) سائیکل نہ صرف صحت مند زندگی کا ضامن ہے بلکہ سستے اور محفوظ سفر کا بہترین ذریعہ بھی ہے۔ موجودہ دور میں پیٹرول کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے عوام کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے ایسے میں سائیکل کا استعمال ایک بہترین متبادل ثابت ہو سکتا ہے۔ کہ روزانہ سائیکل چلانے سے انسانی جسم متحرک رہتا ہے، دل کے امراض موٹاپا اور دیگر بیماریوں سے بچاؤ ممکن ہوتا ہے۔

لاہور: پنجاب یونیورسٹی کے پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود اور چیف ایگزیکٹو آفیسر سٹیکان سید محمد شاہد مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے بعد دستاویزات کا تبادلہ کر رہے ہیں۔

آبادی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے دالوں کی پیداوار میں اضافہ انتہائی ضروری

دالوں کی پیداوار میں اضافہ ان کے زیر کاشت رقبہ اور فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ سے ہی ممکن ہے

مکوآنہ (این این آئی) خوراک کو غذائیت کے اعتبار سے بہتر و متوازن بنانے اور بڑھتی ہوئی آبادی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے دالوں کی پیداوار میں اضافہ انتہائی ضروری ہے۔ دوسری فصلوں کی طرح دالوں کی پیداوار میں اضافہ ان کے زیر کاشت رقبہ اور فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ سے ہی ممکن ہے۔ بہاریہ مونگ کا شمار اہم فصلوں میں ہوتا ہے۔ اس میں قریباً 20 سے 24 فیصد پروٹین ہوتی ہے جو انسانی غذا کا اہم جزو ہے۔ مونگ کی دال زود ہضم ہونے کی وجہ سے مریضوں اور بچوں کی صحت کے لیے یکساں مفید ہے۔ مونگ کو نہری اور بارانی علاقوں میں یکساں طور پر کامیابی کے ساتھ کاشت کیا جا سکتا ہے۔ تجربات سے ثابت ہوا ہے کہ ایک سال میں مونگ کی دو فصلیں ایک موسم بہار میں اور دوسری موسم گرما میں بڑی آسانی سے کاشت کی جا سکتی ہیں۔

ملک میں الیکٹرک گاڑیوں کی فروخت میں جاری مالی سال کے دوران اضافہ ریکارڈ

مکوآنہ (این این آئی) ملک میں الیکٹرک گاڑیوں کی فروخت میں جاری مالی سال کے دوران اضافہ ہوا ہے۔ پاکستان آٹو موبائل مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے اعداد و شمار کے مطابق مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں ملک میں 210 یونٹس الیکٹرک گاڑیوں کاروں کی فروخت ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 59 فیصد زیادہ ہے، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ملک میں الیکٹرک گاڑیوں کے 132 یونٹس کی فروخت ریکارڈ کی گئی تھی۔

اپنی چھت اپنا گھر پروگرام میں رجسٹرڈ افراد کی تعداد 19 لاکھ سے تجاوز کر گئی

منصوبے کے تحت 183 ارب روپے سے زائد رقم تقسیم ، 4.8 ارب کی ریکوری

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت کے ''اپنی چھت اپنا گھر'' پروگرام کے تحت عوام کو بلاسود قرضوں کی فراہمی کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے اور اس منصوبے میں رجسٹرڈ افراد کی تعداد 19 لاکھ سے تجاوز کر گئی جبکہ اب تک 11 لاکھ 35 ہزار سے زائد درخواستیں موصول ہو چکی ہیں۔ صوبائی وزیر برائے ہاؤسنگ بلال یاسین سے ڈی جی پنجاب ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ایجنسی سکندر ذیشان نے ملاقات کی جس میں ''اپنی چھت اپنا گھر'' پروگرام اور محکمانہ امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔

گرین ایگری مال کے ذریعے پاکستان میں جدید زرعی سہولت کاری کا نیا باب رقم

کسانوں کو زرعی ادویات، کھاد اور مشینری کی مناسب قیمتوں پر بروقت فراہم کی جا رہی ہیں، علی سفیان

کراچی (این این آئی) گرین ایگری مال کے ذریعے پاکستان میں جدید زرعی سہولت کاری کا نیا باب رقم ہو گیا۔ گرین پاکستان انیشیٹو کے تحت گرین ایگری مال جیسے جدید زرعی مراکز پاکستان کی معیشت کیلئے ایک سنہرا باب ثابت ہو رہے ہیں جو کسانوں تک جدید زرعی ٹیکنالوجی اور معیاری زرعی مصنوعات بروقت پہنچا رہے ہیں۔ گرین ایگری مال کے سی ای او علی سفیان نے کہا کہ پاکستان میں 40 سے زائد سائٹس آپریشنل ہیں جو رواں سال کے اختتام تک 100 سے زیادہ ہو جائیں گی، گرین ایگری مال میں تمام اسٹیک ہولڈرز ایک چھت کے نیچے کام کر رہے ہیں۔ علی سفیان نے کہا کہ فرٹیلائزر، کیڑے مار ادویات، ٹریکٹرز، مشینری اور بینک بھی ہمارے پورٹ فولیو میں شامل ہیں، تمام اشیاء اور سہولیات کی بروقت اور مناسب قیمتوں پر فراہمی گرین ایگری مال کا نصب العین ہے۔ سینئر سیلز آفیسر ڈاکٹر تیمور قریشی کے مطابق گرین ایگری مال کے تحت کسانوں کو ٹیکنالوجی پر مبنی طریقہ کار سے کھادوں کا استعمال بتایا جا رہا ہے۔

ایل ایس ای وینچرز کو کارپوریٹ ری اسٹرکچرنگ کا لائسنس جاری

کراچی (این این آئی) ایس ای سی پی نے ایل ایس ای وینچرز کو کارپوریٹ ری اسٹرکچرنگ کا لائسنس جاری کر دیا۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان (ایس ای سی پی) کے مطابق ملک میں کارپوریٹ ری اسٹرکچرنگ کمپنیوں کی تعداد 3 ہوگئی ہے، کارپوریٹ ری اسٹرکچرنگ کمپنیاں مالی مشکلات کا شکار کمپنیوں کو بحالی میں مدد دیتی ہیں۔ ایس ای سی پی نے کارپوریٹ ری اسٹرکچرنگ کا جامع فریم ورک تشکیل دیا ہے جو دیوالیہ کمپنیوں کے قرضوں کی ری شیڈولنگ کا طریقہ کار فراہم کرتا ہے۔

پیٹرول کے بعد 23 ہزار میٹرک ٹن ایل پی جی کے بھی دو جہاز پاکستان پہنچ گئے

مزید دو جہاز عیدالفطر سے پہلے پاکستان پہنچ جائیں گے، آنے والے دونوں جہاز پورٹ قاسم پر لنگر انداز ہو گئے

کراچی (این این آئی) پیٹرولیم مصنوعات کے بعد ہزاروں ٹن ایل پی جی گیس کے دو بحری جہاز پورٹ قاسم بندرگاہ پر لنگر انداز ہو گئے جبکہ مزید 2 جہاز عیدالفطر سے پہلے آنے کی توقع ہے۔ ذرائع کے مطابق ملک میں مائع پیٹرولیم گیس کے وافر ذخائر دستیاب ہیں، پورٹ قاسم کی بندرگاہ پر ارسس نامی بحری جہاز 11 ہزار میٹرک ٹن جبکہ اٹلانٹک نامی جہاز 12 ہزار میٹرک ٹن گیس لے کر پہنچا اور لنگر انداز ہو گیا۔ اس کے علاوہ ULLSWATER نامی بحری جہاز کے ذریعے 3700 ٹن اور MD23 نامی بحری جہاز کے ذریعے 3500 ٹن مزید دو ایل پی جی کنسائنمنٹس عیدالفطر سے قبل پاکستان پہنچ جائیں گے۔ یہ بات ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عرفان کھوکھر نے بتائی۔ انہوں نے بتایا کہ فی کلوگرام ایل پی جی کی مقررہ سرکاری قیمت اگرچہ 225 روپے ہے۔

موہنی روڈ میں واقع گھر سے میاں ، بیوی کی لاشیں برآمد

لاہور (این این آئی) داتا دربار کے علاقہ موہنی روڈ احمد پارک میں واقع گھر سے میاں اور بیوی کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ اطلاع ملتے ہی پولیس اور فرانزک ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں جنہوں نے شواہد اکٹھے کر کے لاشیں مردہ خانے منتقل کر دیں۔ پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے والے میاں بیوی کی شناخت 38 سالہ آزاد حسین اور 35 سالہ پاکیزہ کے ناموں سے ہوئی ہے

فیصل آباد: زرعی یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر ذوالفقار علی ریجنل ایگریکلچرل فورم کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

محنت کشوں کے بچوں کی تعلیم اور فلاح حکومت پنجاب کی ترجیح ہے محمد منشاء اللہ بٹ

صوبائی وزیر لیبر وافرادی قوت محمد منشاء اللہ بٹ سے سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ کی ملاقات

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر لیبر و افرادی قوت محمد منشاء اللہ بٹ سے سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ ڈاکٹر مجتبیٰ بھروانہ نے ملاقات کی۔ اس موقع پر سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ نے صوبائی وزیر کو محکمانہ کارکردگی اور جاری منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ کمالیہ اور جھنگ میں پنجاب کے محنت کشوں کے لیے جدید لیبر کالونیاں تعمیر کی جا رہی ہیں جبکہ ان منصوبوں کی جلد تکمیل کے لیے محکمہ ہاؤسنگ کو فنڈز بھی منتقل کر دیے گئے

کراچی میں بیوی سے جھگڑے کے بعد ڈاکٹر نے زہر کا انجکشن لگا لیا

متوفی 2 بیٹوں کا باپ تھا، بیوی سے جھگڑے کے بعد زہر کا انجکشن لگا کر اپنی زندگی کا خاتمہ کیا، پولیس

کراچی (این این آئی) نارتھ ناظم آباد میں ڈاکٹر شوہر نے بیوی سے جھگڑے کے بعد دلبرداشتہ ہو کر خود کو انجکشن لگا کر زندگی کا خاتمہ کر لیا، متوفی 2 بیٹوں کا باپ تھا۔ تفصیلات کے مطابق نارتھ ناظم آباد بلاک سی میں گھر کے اندر مبینہ طور پر غلط انجکشن لگنے سے ایک شخص کو شدید تشویشناک حالت میں عباسی شہید اسپتال لایا گیا جہاں وہ دم توڑ گیا۔ متوفی کی شناخت 36 سالہ عزیز ولد معیز کے نام سے ہوئی۔ ایس ایچ او نارتھ ناظم آباد شاہد بلوچ نے بتایا کہ متوفی اینستھزیا کا ڈاکٹر اور متعدد نجی اسپتالوں میں اپنی خدمات انجام دے رہا تھا۔ متوفی کے ورثا نے پولیس کو بیان دیا کہ گزشتہ صبح معیز کا اپنی اہلیہ سے کسی بات پر جھگڑا ہوا جس کے بعد وہ کمرے سے چلی گئی اور جب کچھ دیر کے بعد واپس آئی تو معیز نے اسے بتایا کہ اس نے خود کو بے ہوش کرنے والا انجکشن لگا لیا ہے

برائلر گوشت کی قیمت میں 7 روپے کلو اضافہ

لاہور (این این آئی) سرکاری نرخنامے میں فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 7 روپے اضافے سے 504 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 5 روپے اضافے سے 348 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 200 روپے فی درجن کی سطح پر مستحکم رہی۔ دوسری جانب طلب زیادہ ہونے کی وجہ سے مختلف مقامات پر برائلر گوشت سرکاری نرخنامے کے برعکس 20 سے 30 روپے زائد قیمت پر فروخت کیا جا رہا ہے ۔

شانگلہ میں آسمانی بجلی گرنے سے 3 افراد جاں بحق

شانگلہ (این این آئی) شانگلہ میں آسمانی بجلی گرنے سے 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق یہ افسوسناک واقعہ تحصیل الپوری میں پیش آیا جہاں مکان پر آسمانی بجلی گرنے سے ایک ہی خاندان کے 3 افراد جاں بحق ہوئے ہیں۔ ریسکیو ذرائع نے بتایا کہ جاں بحق افراد میں میاں، بیوی اور ایک بچہ شامل ہے۔ واضح رہے کہ سوات، شانگلہ اور بونیر میں گرج چمک کے ساتھ وقفے وقفے سے بارش ہو رہی ہے۔

کراچی: وزیر داخلہ سندھ یا احسن النجار یوم شہادت علی کے موقع پر سینٹرل پولیس آفس کراچی میں قائم مرکزی کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر میں حفاظتی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں۔

پٹرول کی قیمت بڑھا کر آئل کمپنیز کو 19 ارب روپے کا تحفہ دیا گیا، مفتاح اسماعیل

جب سستا پٹرول خریدا تھا تو اسی قیمت پر فروخت کرنا چاہیے تھا، اگر مہنگا پٹرول خریدتے تو قیمتیں بڑھا دیتے، سابق وزیر خزانہ

کراچی (این این آئی) سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے کہا ہے کہ پیٹرول کی قیمت قوانین تبدیل کر کے وقت سے قبل بڑھا کر آئل کمپنیز کو 19 ارب روپے کا تحفہ دیا گیا۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پیٹرول کی قیمت بڑھنے پر سارا پیسہ اسٹاک ری پلیسمنٹ میں گیا ہے۔ سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے کہا ہے کہ جنگ رکے گی تو تیل کی قیمتیں گریں گی یہ تو پچھلی قیمتوں پر عوام کو پیٹرول دینگے یہ

مردان: جمعیت علمائے اسلام کے امیر مولانا فضل الرحمان سپورٹس کمپلیکس میں جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

پیٹرول مہنگا ہونے سے شہریوں کے یومیہ سفری اخراجات 20 فیصد بڑھ گئے

آن لائن ٹیکسی اور بائیک سروس کے کرایوں میں 10 فیصد تک اضافہ، پیٹرول تو مہنگا ہو گیا لیکن تنخواہوں میں اضافہ نہیں ہوا، شہری

کراچی (این این آئی) پیٹرول مہنگا ہونے سے شہریوں کے یومیہ فیول اخراجات میں 15 سے 20 فیصد تک اضافہ ہو گیا۔ کراچی میں آن لائن ٹرانسپورٹ سروسز فراہم کرنے والے افراد نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 55 روپے فی لیٹر اضافہ کے بعد کرایوں کی مد میں 5 سے 10 فیصد اضافہ کر دیا ہے۔ دوسری جانب موٹر سائیکل استعمال کرنے والے شہریوں کے فیول اخراجات میں روزانہ کی مد میں 15 سے 20 فیصد اضافہ ہو گیا ہے۔ شہری شکوہ کر رہے ہیں کہ پیٹرول تو مہنگا ہو گیا لیکن تنخواہوں میں اضافہ نہیں ہوا۔ آن لائن ٹرانسپورٹ کی سروس فراہم کرنے والے ایک موٹر سائیکل ڈرائیور ریحان نعیم نے بتایا کہ وہ محمود آباد کے رہائشی ہیں اور کرائے کے مکان میں اپنی اہلیہ اور دو بچوں کے ساتھ رہتے ہیں۔ پہلے ایک فیکٹری میں کام کرتے تھے اور 22 ہزار روپے تنخواہ ملتی تھی جس میں گزارہ کرنا مشکل ہو گیا تھا، اس لیے اب آن لائن ٹرانسپورٹ کے ذریعے بائیک سروس فراہم کر رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پیٹرول پر 55 روپے اضافہ کے بعد ٹرانسپورٹیشن سروس کے کرایوں میں 5 سے 10 فیصد اضافہ ہو گیا ہے۔

بانی پی ٹی آئی کی شفا ہسپتال منتقلی درخواست پر اعتراضات دور کرنے کیلئے مہلت کی استدعا منظور

اسلام آباد ہائیکورٹ کے جج جسٹس انعام امین منہاس نے کیس کی سماعت کی، زیر التوا درخواستوں کی تفصیل طلب

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی کی شفا ہسپتال منتقلی درخواست پر رجسٹرار آفس کے اعتراضات دور کرنے کیلئے مہلت کی استدعا منظور کر لی۔ جسٹس انعام امین منہاس نے کیس کی سماعت کی، درخواست گزار ڈاکٹر عظمیٰ کے وکیل عزیر بھنڈاری عدالت کے سامنے پیش ہوئے۔ وکیل عزیر بھنڈاری نے عدالت میں بتایا کہ رجسٹرار آفس نے کچھ اعتراضات لگائے ہیں، عدالت آئندہ ہفتے کیس لگا دے، ہم اعتراضات دور کر دیتے ہیں۔ جسٹس انعام امین منہاس نے کہا کہ آپ کی جانب سے مختلف درخواستیں ایک ہی طرح کی دائر ہوئی ہیں جس پر وکیل نے بتایا کہ اس پٹیشنر نے اور کوئی درخواست اس طرح کی دائر نہیں کی۔ جسٹس انعام امین منہاس نے کہا کہ رجسٹرار آفس سے پوچھ لیتے ہیں اس طرح کی کتنی درخواستیں زیر التوا ہیں، عدالت نے رجسٹرار آفس کو رپورٹ فراہم کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کیس کی سماعت ملتوی کر دی۔

رائے ونڈ: ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن (ر) علی اعجاز کو اسسٹنٹ کمشنر ذوہیب ممتاز، بچہ کھلے مین ہول میں گر کر جاں بحق ہونے کے واقعہ کی تفصیلات سے آگاہ کر رہے ہیں۔

اے این ایف کی 7 کارروائیاں، خاتون سمیت 6 ملزمان گرفتار

کارروائیاں کراچی، راولپنڈی، لاہور، ڈی جی خان اور کوئٹہ میں کی گئیں، 32 کلو 225 گرام چرس، ممنوعہ گولیاں اور آئس برآمد

کراچی/راولپنڈی/لاہور (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے ملک کے مختلف شہروں میں 7 کارروائیوں کے دوران 36 اعشاریہ 36 کلوگرام منشیات برآمد کر کے خاتون سمیت 6 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق کارروائیاں کراچی، راولپنڈی، لاہور، ڈی جی خان اور کوئٹہ میں کی گئیں، ان کارروائیوں کے دوران 32 کلو 225 گرام چرس اور کلوگرام آئس برآمد کی گئی۔ ایک کارروائی کے دوران 1.9 کلوگرام وزنی 2650 ممنوعہ گولیاں اور 10 گرام ویڈ بھی برآمد کی گئی۔ ترجمان کے مطابق گرفتار ملزمان نے دوران تفتیش تعلیمی اداروں کے طلبہ کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف بھی کیا ہے۔ اے این ایف کے مطابق ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ 1997 کے تحت مقدمات درج کر کے مزید تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

کراچی: گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر محمد اقبال حسین خان گورنر ہاؤس میں ملاقات کر رہے ہیں۔

حکومتِ سندھ کا فیول بحران سے نمٹنے کیلئے بڑا فیصلہ، صوبے بھر میں نئی پابندیاں نافذ

کفایت شعاری مہم کے تحت صوبائی وزراء اور مشیروں کا تین ماہ کی تنخواہ نہ لینے کا رضاکارانہ فیصلہ

کراچی (این این آئی) حکومتِ سندھ نے ممکنہ فیول بحران سے نمٹنے کے لیے بڑا فیصلہ کرتے ہوئے صوبے بھر میں نئی پابندیاں نافذ کر دی ہیں۔ فیصلے کے مطابق سندھ میں 4 روزہ ورک ویک کا اعلان کیا گیا ہے جبکہ جمعہ، ہفتہ اور اتوار کو سرکاری دفاتر بند رہیں گے جبکہ سرکاری دفاتر میں 50 فیصد عملے کو ورک فرام ہوم کے تحت کام کرنے کی اجازت دے دی گئی ہے۔ سرکاری گاڑیوں کے پیٹرول کوٹے میں 50 فیصد کٹوتی کا حکم دیا گیا ہے اور تمام غیر ضروری گاڑیاں فوری گراؤنڈ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ کفایت شعاری مہم کے تحت صوبائی وزراء اور مشیروں نے تین ماہ کی تنخواہ نہ لینے کا رضاکارانہ فیصلہ کیا ہے جبکہ اعلیٰ سرکاری افسران کی دو دن کی تنخواہ بھی رضاکارانہ طور پر کاٹی جائے گی۔ سرکاری محکموں میں نئی گاڑیوں اور قیمتی اشیاء کی خریداری پر جون 2026 تک مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے، جبکہ سرکاری وفود کے بیرون ملک دوروں پر پابندی، تمام وزرا اور افسران صرف اکانومی کلاس میں سفر کریں گے۔ اسی طرح تعلیمی اداروں کے لیے بھی بڑا فیصلہ کیا گیا

حکومت عوامی خدمت کے مشن پر گامزن، ترقیاتی منصوبوں کا دائرہ کار وسیع

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب میں فلاحی منصوبوں کی رفتار تیز ہے، چوہدری جمیل احمد خاں

کاہنہ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما چوہدری جمیل احمد خاں نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت عوامی خدمت کے عملی ویژن پر کام کر رہی ہے اور ترقیاتی منصوبوں کا دائرہ کار پورے صوبے میں تیزی سے وسیع کیا جا رہا ہے۔ عوام کو ریلیف فراہم کرنا، مہنگائی کے اثرات میں کمی لانا، اور بنیادی سہولیات کی بہتری حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں انہوں نے وزیرِ اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کے دور میں عوامی فلاح و بہبود کے متعدد مثالی منصوبے شروع کیے گئے جن کے مثبت اثرات عام آدمی تک پہنچ رہے ہیں۔ صحت، تعلیم، انفراسٹرکچر، خواتین کی فلاح، نوجوانوں کے روزگار اور ڈیجیٹل گورننس جیسے شعبوں میں نمایاں پیش رفت دیکھنے میں آ رہی ہے چوہدری جمیل احمد خاں کا کہنا تھا کہ سڑکوں کی تعمیر و مرمت، جدید طبی سہولیات کی فراہمی، تعلیمی اداروں کی اپ گریڈیشن، اور عوامی خدمت مراکز کا قیام وزیرِ اعلیٰ کے ویژن کی واضح مثالیں ہیں۔

لاہور: صوبائی وزیر اوقاف و مذہبی امور چوہدری شافع حسین محکمہ اوقاف کے زیر اہتمام حضرت علی المرتضیٰ کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

امریکہ، اسرائیل اور ایران جنگ عالمی اثرات کی حامل تیل کی جنگ ہے، سردار مسعود خان

یہ جنگ صرف عسکری محاذ تک محدود نہیں بلکہ توانائی کے وسائل پر کنٹرول حاصل کرنے کے لیے معاشی کشمکش بھی نظر آتی ہے

اسلام آباد (این این آئی) آزاد جموں و کشمیر کے سابق صدر اور امریکہ، چین اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر سردار مسعود خان نے خبردار کیا ہے کہ ایران، امریکہ اور اسرائیل کے درمیان جاری کشیدگی اب ایک بڑی علاقائی جنگ کی شکل اختیار کر چکی ہے جس کے دوررس جغرافیائی، سیاسی اور معاشی اثرات ہوں گے۔ مشرق وسطیٰ میں جاری بحران پر ایک ٹیلی ویژن تجزیے میں سردار مسعود خان نے کہا کہ غیر معمولی جنگی حالات کے باوجود ایران نے اپنی پالیسی میں تسلسل برقرار رکھا ہوا ہے۔ ان کے مطابق سپریم لیڈر علی خامنہ ای کے قتل کے بعد مجتبیٰ خامنہ ای کو غیر معمولی حالات میں سپریم لیڈر کے منصب پر فائز کر کے ایران نے دنیا کو یہ پیغام دیا ہے کہ ایرانی قوم پالیسی کے تسلسل، اتحاد اور ثابت قدمی کے راستے پر گامزن ہے۔ سردار مسعود خان نے کہا کہ ایران میں قیادت کی منتقلی ادارہ جاتی اور ذاتی دونوں پہلو رکھتی ہے۔

مشرق وسطیٰ میں کشیدہ صورتحال کے باوجود پروازوں میں بہتری آنے لگی

ملک کے بین الاقوامی ایئرپورٹس سے مزید 76 پروازیں منسوخ، پاکستان سے مشرق وسطی ملکوں کی منسوخ پروازوں کی تعداد 1224 ہو گئی

کراچی (این این آئی) مشرق وسطی موجود کشیدہ صورتحال کے باوجود پروازوں میں بہتری آنے لگی ہے، فیصل آباد ایئرپورٹ پر ایئر عربیہ کی شارجہ، راس الخیمہ، دبئی کی پروازیں، کراچی پر ایمریٹس ایئر لائن کی دبئی سے ایک پرواز بحال ہوگئی۔ پشاور ایئرپورٹ پر دبئی شارجہ قطر ابوظہبی کی 12 فلائٹس منسوخ جبکہ پشاور ایئرپورٹ پر شارجہ سے دو پروازیں پہنچیں۔ ملتان ایئرپورٹ پر بھی دبئی شارجہ سے آنے والی پروازوں میں بہتری صرف 2 پروازیں منسوخ ہوئی۔

کراچی میں گھر کے اندر گیس دھماکا، سسرال سے واپس آئی خاتون شدید زخمی

حادثہ کورنگی کراسنگ کے علاقے الطاف ٹاؤن میں پیش آیا، نازیہ نامی خاتون کی حالت تشویشناک ہے، پولیس حکام

کراچی (این این آئی) کورنگی کراسنگ کے علاقے الطاف ٹاؤن کے گھر میں گیس کا دھماکا ہوا جس میں خاتون جھلس کر شدید زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق کورنگی کراسنگ الطاف ٹاؤن میں گھر کے اندر گیس دھماکے میں خاتون جھلس کر شدید زخمی ہوئی جسے تشویشناک حالت میں سول اسپتال کے برنس وارڈ منتقل کیا گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق خاتون کی شناخت 30 سالہ نازیہ زوجہ گلریز کے نام سے ہوئی۔ ایس ایچ او زمان ٹاؤن ایاز خان نے بتایا کہ واقعہ الطاف ٹاؤن گلی نمبر 17 مکان نمبر 818 پیش آیا ہے، ابتدائی معلومات کے مطابق جھلس کر زخمی ہونے والی نازیہ افطار کرنے اپنے سسرال گئی تھی اور جب وہ واپس اپنے گھر آئی تو گیس کھلی ہوئی تھی اور اس نے جیسے ہی ماچس جلائی تو دھماکا ہو گیا۔ دھماکے کے نتیجے میں بھڑکنے والے شعلے سے وہ جھلس کر شدید زخمی ہو گئی

کراچی، پولیس افسر کا بائیک رائڈر پر تشدد، ویڈیو وائرل ہونے پر معطل

کراچی (این این آئی) شہر کے علاقے کھارادر میں ایک پولیس افسر کی جانب سے بائیک رائیڈر پر تشدد کا واقعہ سامنے آنے کے بعد ایس ایس پی سٹی نے نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ افسر کو معطل کر دیا ہے۔ پولیس کے مطابق واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج منظر عام پر آنے کے بعد ایس ایس پی سٹی عارف عزیز نے کارروائی کرتے ہوئے سب انسپکٹر عاصم کو معطل کر دیا ہے۔

مظفر آباد: کمشنر مدثر منیر مظفر آباد کو خوبصورت بنانے کے حوالے سے ضلعی افسران کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

کراچی میں 6 جعلی صحافیوں سمیت 8 افراد گرفتار

ملزمان عزیز آباد میں ایک دکان پر کوریج کے بہانے پہنچے جہاں دکاندار سے جھگڑا ہو گیا، پولیس

کراچی (این این آئی) عزیز آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 6 جعلی صحافیوں سمیت 8 افراد کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان مختلف علاقوں میں جعلی صحافی بن کر دکانوں، ٹھیلوں اور پتھاروں پر جاتے اور لوگوں کو ہراساں کرتے تھے۔ ملزمان عزیز آباد میں ایک دکان پر کوریج کے بہانے پہنچے جہاں دکاندار سے جھگڑا ہو گیا۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر ملزمان کو حراست میں لے لیا اور تھانے منتقل کر دیا۔ ملزمان کو تھانے لانے کے بعد انکشاف ہوا کہ انہوں نے جعلی ویب سائٹ بنا کر خود کو صحافی ظاہر کیا ہوا تھا۔ پولیس حکام کے مطابق جعلی صحافیوں کے گروہ کا سرغنہ توصیف نامی شخص ہے جو ساتھیوں کے ساتھ مل کر شہریوں کو تنگ کرتا تھا۔ گرفتار ملزمان میں توصیف، شہاب، ریحان، ندیم، احتشام، جاوید، عدنان اور سلامت شامل ہیں۔

کراچی؛ نہر میں ڈوبنے سے 2 افراد جاں بحق

کراچی (این این آئی) منگھو پیر مائی گاڑی مزار کے قریب نہر میں ڈوبنے سے دو افراد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق مائی گاڑی مزار کے قریب نہر میں دو نوجوانوں کے ڈوبنے کی اطلاع ملی جس پر ایدھی بحری خدمات کی ٹیم نے سرچنگ آپریشن شروع کیا۔ سرچنگ کے دوران ڈوبنے والے دونوں نوجوانوں کی لاشیں نکال لی گئیں، جو ایدھی ایمبولینس کے ذریعے قریبی تھانے بھیجی گئیں۔

عوامی ورکرز پارٹی، ہمالی یونین، درزی یونین اور بھٹہ یونین کی جانب سے ایک شاندار ریلی نکالی گئی

یہ ریلی مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی مورو پریس کلب پہنچی

مورو۔ (رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) مورو میں یکم مئی یوم مزدور کے عالمی دن کے موقع پر مختلف سیاسی وسماجی تنظیموں پاکستان تحریک انصاف، عوامی ورکرز پارٹی، ہمالی یونین، درزی یونین اور بھٹہ یونین کی جانب سے ایک شاندار ریلی نکالی گئی۔ یہ ریلی مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی مورو پریس کلب پہنچی جہاں رہنماؤں اور کارکنوں نے مزدوروں کے عالمی دن پر شکاگو کے شہید مزدوروں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ ریلی میں پاکستان تحریک انصاف مورو کے جان محمد ※ارو، جنسار علی کلہوڑو، کامریڈ ارشاد علی کوراں، ممتاز علی سولنگی، ہمالی یونین کے وڈیرو امیر بخش سولنگی، رسول بخش ماچھی، عوامی ورکرز پارٹی کے امیر بخش لغاری، رضوان کوریجو، گلبہار سولنگی اور دیگر مختلف جماعتوں کے رہنماؤں، کارکنوں، مزدوروں اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شکاگو کے شہیدوں کو سرخ سلام پیش کرتے ہیں جن کی قربانیوں کی بدولت آج یہ دن منایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے اس دور میں مزدوروں اور کسانوں کو ان کے جائز حقوق نہیں دیے جا رہے۔ رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ مزدوروں کو ان کے جائز حقوق دیے جائیں اور مزدوروں کی اجرت میں اضافہ کیا جائے۔

عنایت حسین بنگش کی باعزت ریٹائرمنٹ کے موقع پر ایک شاندار اور پُروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا

تقریب میں سینئر اساتذہ کرام معلمین، طلبہ اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی معزز شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی

کرم) بیورو رپورٹ) پاراچنار گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 2 میں معروف ماہر تعلیم، سینئر معلم و سابق پرنسپل ماسٹر عنایت حسین بنگش کی باعزت ریٹائرمنٹ کے موقع پر ایک شاندار اور پُروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں سینئر اساتذہ کرام معلمین، طلبہ اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی معزز شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی تقریب کا آغاز تلاوتِ کلام پاک سے کیا گیا جس کے بعد مقررین نے ماسٹر عنایت حسین بنگش کی علمی، تدریسی اور انتظامی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا مقررین نے اپنے خطاب میں کہا کہ عنایت حسین بنگش نہ صرف ایک بہترین مخلص اور شفیق استاد رہے بلکہ ایک کامیاب منتظم کے طور پر بھی انہوں نے ادارے کی ترقی میں نمایاں کردار ادا کیا ان کی قیادت میں سکول نے تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابیاں حاصل کیں اور نظم و ضبط کی ایک بہترین مثال قائم ہوئی اساتذہ نے مزید کہا کہ اپنی 37 سالہ طویل تدریسی خدمات کے دوران انہوں نے ہزاروں طلبہ کی علمی و اخلاقی تربیت کی اور انہیں معاشرے کا مفید شہری بنانے میں اہم کردار ادا کیا ان کی شخصیت میں سادگی اخلاص اور طلبہ و اساتذہ کے ساتھ شفقت نمایاں تھی جو ہمیشہ یاد رکھی جائے گی تقریب کے دوران یوم مزدور کے حوالے سے شعراء کرام نے محنت کش طبقے کی عظمت اور ان کی جدوجہد کو اجاگر کرنے کے لیے انقلابی اور فکر انگیز اشعار پیش کیے اس موقع پر حاضرین نے اشعار کو بے حد سراہا تقریب کے اختتام پر ماسٹر عنایت حسین بنگش نے اپنے خطاب میں تمام مہمانوں ساتھی اساتذہ اور منتظمین کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا انہوں نے اپنے تدریسی سفر کے یادگار لمحات کا ذکر کرتے ہوئے اساتذہ برادری کے ساتھ گزارے گئے وقت کو اپنی زندگی کا قیمتی سرمایہ قرار دیا آخر میں ادارے اور اساتذہ کرام کی جانب سے انہیں ان کی گراں قدر خدمات کے اعتراف میں یادگاری شیلڈ اور تحائف پیش کیے گئے

مشتی میلہ میں حالیہ سیلابی صورتحال کے باعث جن افراد کی املاک، دکانیں، مکانات اور دیگر وسائل کو شدید نقصان پہنچا ہے

ہم ان کے دکھ درد میں برابر کے شریک ہیں اور اس آزمائش کی گھڑی میں ان کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں

اورکزئی) بیورو رپورٹ) مشتی میلہ میں حالیہ سیلابی صورتحال کے باعث جن افراد کی املاک، دکانیں، مکانات اور دیگر وسائل کو شدید نقصان پہنچا ہے، ہم ان کے دکھ درد میں برابر کے شریک ہیں اور اس آزمائش کی گھڑی میں ان کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ صوبائی نائب امیر جمیعت علماء اسلام خیبر پختونخوا کی طرف سے ہم حکومتِ وقت، ضلعی انتظامیہ اور تمام متعلقہ اداروں سے پُرزور اپیل کرتے ہیں کہ وہ متاثرین کی فوری بحالی، نقصانات کے ازالے اور امدادی سرگرمیوں میں عملی و مؤثر کردار ادا کریں۔ متاثرہ دکانداروں اور خاندانوں کی مالی معاونت، بنیادی سہولیات کی بحالی اور ریلیف اقدامات کو فوری طور پر یقینی بنایا جائے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ امر افسوس ناک ہے کہ جمیعت علماء اسلام اور جمیعت طلباء اسلام کی قیادت و کارکنان کے علاوہ کسی بھی سرکاری ادارے کی نمایاں موجودگی وہاں نظر نہیں آئی، جو کہ زمینی حقائق کے تناظر میں قابلِ توجہ ہے۔ ہم تمام متعلقہ اداروں سے توقع رکھتے ہیں کہ وہ آئندہ ایسے مواقع پر اپنی ذمہ داریاں پوری ذمہ داری اور سنجیدگی کے ساتھ ادا کریں۔ آخر میں جمیعت علماء اسلام اور جمیعت طلباء اسلام کی قیادت، کارکنان اور رضاکاروں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا جاتا ہے جنہوں نے انتہائی مشکل حالات میں متاثرین کی امداد، خدمت اور بحالی کے عمل میں بھرپور کردار ادا کیا اور انسانیت دوستی کی اعلیٰ مثال قائم کی۔ اسی طرح تمام فلاحی اداروں، مخیر حضرات اور سماجی تنظیموں سے بھی گزارش ہے کہ وہ اس مشکل وقت میں آگے بڑھ کر متاثرین کی دل کھول کر مدد کریں تاکہ ان کے دکھوں کا کچھ مداوا ہو سکے۔

ہنگو، تحصیل ٹل میں گزشتہ روز بے دردی سے قتل کیے گئے معصوم بچے کی نماز جنازہ انتہائی رنج و غم کے عالم میں ادا کر دی گئی

نماز جنازہ میں سیاسی و سماجی شخصیات، عمائدین علاقہ، اور عوام الناس کی بڑی تعداد نے شرکت کی



ٹل) نمائندہ خصوصی) ہنگو، تحصیل ٹل میں گزشتہ روز بے دردی سے قتل کیے گئے معصوم بچے کی نماز جنازہ انتہائی رنج و غم کے عالم میں ادا کر دی گئی۔ نماز جنازہ میں سیاسی و سماجی شخصیات، عمائدین علاقہ، اور عوام الناس کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس افسوسناک واقعے پر ہر آنکھ اشکبار نظر آئی، جبکہ شرکاء نے متاثرہ خاندان سے دلی ہمدردی اور اظہار تعزیت کیا۔ اہلِ علاقہ نے اس دلخراش سانحے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث عناصر کو جلد از جلد قانون کے کٹہرے میں لا کر سخت سزا دی جائے۔ معصوم بچے کی المناک موت نے پورے علاقے کو سوگوار کر دیا، جبکہ نماز جنازہ میں شریک افراد نے مرحوم کے لیے مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

ضلع اورکزئی کے علاقے سنٹرل مشتی میں حالیہ کلاؤڈ برسٹ کے نتیجے میں آنے والے شدید سیلابی ریلے سے بازار اور آبادی کو بھاری نقصان پہنچا

ایم این اے یوسف خان نے متاثرہ علاقے کا دورہ کیا اور نقصانات کا تفصیلی جائزہ لیا

ہنگو) محمد خالق اورکزئی سے)۔۔ ضلع اورکزئی کے علاقے سنٹرل مشتی میں حالیہ کلاؤڈ برسٹ کے نتیجے میں آنے والے شدید سیلابی ریلے سے بازار اور آبادی کو بھاری نقصان پہنچا۔ ایم این اے یوسف خان نے متاثرہ علاقے کا دورہ کیا اور نقصانات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے متاثرین سے ملاقات کرتے ہوئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی اور متعلقہ حکام کو فوری امدادی اقدامات کی ہدایت جاری کی۔ اس موقع پر ایم پی اے اورکزئی اورنگزیب خان، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کے حکام بھی موجود تھے۔ مزید برآں، پاکستان تحریک انصاف اورکزئی کے صدر مجیب خان، جنرل سیکرٹری عبدالرحمان خان، سینئر رہنما تاج من خان اور دیگر پارٹی رہنما و کارکنان بھی ان کے ہمراہ تھے۔ انہوں نے علاقے کے مشران اور بازار کے صدر سے ملاقات کر کے درپیش مسائل سنے اور ان کے جلد از جلد حل کی یقین دہانی کرائی۔